بلوچستان کا مقبول روزنامہ
روزنامہ
DAILY
SABA-Quetta
کوئٹہ
صباء
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC
CERTIFIED
PHONE:0814170013
EMAIL: sabanewsqta@gmail.com
جلد نمبر 22 | بدھ 02 ستمبر 2026 | 19 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 169

بلوچستان، سیکیورٹی فورسز کا بڑا آپریشن، 21 دہشتگرد ہلاک، 6 جوان شہید

ضلع چاغی میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد این-40 کوئٹہ تفتان شاہراہ پر غیر قانونی ناکہ قائم کر کے مسافروں سے بھتہ وصول کرنے کی کوشش کر رہے تھے، جن کے خلاف کارروائی میں 11 دہشت گرد مارے گئے

کارروائیوں کے دوران دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد برآمد کیا گیا۔ جن میں دو افسران اور محکمہ کسٹمز کا ایک سرکاری اہلکار بھی شامل ہے۔ علاقے میں باقی ماندہ دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے

راولپنڈی (آن لائن) بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں کرتے ہوئے 21 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 31 اگست اور یکم ستمبر کی درمیانی شب ضلع چاغی کے علاقے نوکچو اور ضلع پشین کے علاقے زیارت کراس میں دہشت گردوں کے خلاف مختلف کارروائیاں کی گئیں۔ ضلع چاغی میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد این-40 کوئٹہ تفتان شاہراہ پر غیر قانونی ناکہ قائم کر کے مسافروں سے بھتہ وصول کرنے کی کوشش کر رہے تھے، جن کے خلاف کارروائی میں 11 دہشت گرد مارے گئے۔ ضلع پشین میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے کسٹمز ہاؤس پر مربوط حملہ کیا، جس کا سیکیورٹی فورسز نے بھرپور جواب دیا۔ شدید فائرنگ کے تبادلے میں 10 دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کارروائیوں کے دوران دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز

بقیہ 6 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کے عوام امن چاہتے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان

حکومت بلوچستان عوام کے جان و مال کے تحفظ اور پائیدار امن کے قیام کیلئے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے گی

علاقے میں جاری کلیئرنس آپریشن کو مزید مؤثر بنایا جائے اور قومی شاہراہوں سمیت شہریوں کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چاغی کے علاقے نوکچو اور پشین کے علاقے زیارت کراس میں سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائیوں کو سراہتے ہوئے 21 دہشت گردوں کے خاتمے پر اطمینان کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردوں نے قومی شاہراہوں پر عوام کی پرامن آمدورفت میں خلل ڈالنے اور کسٹمز حکام کو فرائض کی ادائیگی سے روکنے کی کوشش کی، تاہم

بقیہ 5 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

جوانوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی

شہباز شریف

پانی خطے کی لائف لائن ہے، اسے بطور ہتھیار استعمال کرنے کی اجازت نہیں دینگے، اسلام آباد مفاہمتی یادداشت خطے میں کشیدگی کم کرنے کی جانب اہم قدم ہے، پاکستان ایس سی او کا فعال اور ذمے دار رکن ہے، جنوبی ایشیا پائیدار امن کے بغیر اپنی مکمل صلاحیت حاصل نہیں کر سکتا

دنیا کو انسانی دکھ اور تکالیف کے خاتمے کے لیے، اس بات سے قطع نظر کہ وہ دنیا کے کسی بھی خطے میں ہوں، متحد ہونا چاہیے، جنوبی ایشیا جو ایس سی او خطے کا ایک اہم حصہ ہے پائیدار امن کے بغیر اپنی مکمل صلاحیتوں کو بروئے کار نہیں لا سکتا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ عالمی منظر نامہ بڑھتی جغرافیائی کشیدگی سے دوچار ہے، اسلام آباد مفاہمتی یادداشت خطے میں کشیدگی کم کرنے کی جانب اہم قدم ہے، پاکستان ایس سی او کا فعال اور ذمے دار رکن ہے، جنوبی ایشیا

بقیہ 1 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما ملاقات کر رہے ہیں، پارٹی کے صوبائی وزراء بھی موجود ہیں

کراچی کے تاجروں نے فیصلہ دیدیا 3 ستمبر کو ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال ہر صورت میں ہوگی، حافظ نعیم الرحمٰن

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی

بقیہ 2 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

ہیلتھ کارڈ کے تحت اسلام آباد میں پینل پر موجود 15 ہسپتالوں میں شہریوں کو مفت اور معیاری طبی سہولیات دستیاب ہیں، وزیر صحت

اسلام آباد، آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان کے شہری وزیراعظم ہیلتھ کارڈ کے تحت پینل ہسپتالوں سے مفت علاج کی سہولت حاصل کر سکتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ہیلتھ کارڈ کے تحت اسلام آباد میں پینل پر موجود 15 ہسپتالوں میں شہریوں کو

بقیہ 23 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

مکہ دفاعی معاہدے کے باعث عالم اسلام کے دشمنوں کی نیندیں حرام ہو گئی ہیں

خواجہ آصف

معاہدہ ہرگز کسی ملک کے خلاف اشتعال انگیزی کیلئے نہیں بلکہ خالصتاً خطے کے امن وامان کو تقویت دینے کیلئے ہے، خواجہ آصف

استنبول اجلاس میں معاہدے کا ڈھانچہ تشکیل دینے پر سیر حاصل گفتگو ہوئی، آئندہ ماہ تک معاہدے کی عمارت تیار ہو جائے گی، میڈیا سے گفتگو

استنبول (آن لائن) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ مکہ دفاعی معاہدے کے باعث بھارت سمیت عالم اسلام کے دشمنوں کی نیندیں ضرور حرام ہو گئی ہیں تاہم یہ معاہدہ ہرگز کسی ملک کے خلاف اشتعال انگیزی کے لئے نہیں بلکہ خالصتاً خطے کے امن وامان کو تقویت دینے کے لئے ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کل کے اجلاس کے دوران جذبات نہایت ہی دوستانہ اور اتحاد سے بھرپور تھے۔ اجلاس میں مکہ معظمہ میں طے پانے والے دفاعی معاہدے کا ڈھانچہ تشکیل دینے پر بات چیت ہوئی۔ ابھی

بقیہ 3 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد میں زیر زمین پانی کی ری چارجنگ کے اقدامات مزید بڑھانے کی ضرورت ہے، ڈاکٹر مصدق ملک

مشترکہ آبی وسائل پر انحصار کرنے والے ممالک کے حقوق کے تحفظ اور استحکام برقرار رکھنے کیلئے بین الاقوامی معاہدوں کا احترام ضروری ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ کاری ڈاکٹر مصدق مسعود ملک نے اسلام آباد میں زیر زمین پانی کے ذخائر میں مسلسل کمی کے تدارک کے لیے زیر زمین پانی کی ری چارجنگ کے اقدامات کو مزید وسعت دینے پر زور دیتے

بقیہ 4 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

کرغزستان، وزیراعظم شہباز شریف ایس سی او کونسل آف ہیڈز آف سٹیٹ کے سربراہی اجلاس میں ایس سی او پلس اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان کا ڈیجیٹل مہارتوں کے فروغ کے تحت ایک لاکھ 32 ہزار نوجوانوں وطلبہ کو تربیت دینے کا ہدف

مصنوعی ذہانت، فائیو جی اور جدید مواصلاتی ٹیکنالوجیز سمیت ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز میں آن لائن تعلیمی پروگرام کے تحت 100000 طلبہ کو تربیت دی جائیگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اپنی ڈیجیٹل افرادی قوت کو وسعت دینے اور آئی ٹی برآمدات بڑھانے کے لیے کوششیں تیز کر رہا ہے جس کے تحت مینٹل سیمی کنڈکٹر ایچ آر ڈویلپمنٹ پروگرام (انسپائر) میں 7,200 افراد کو تربیت دینے کا

بقیہ 12 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

اسحاق ڈار کی ایرانی، روسی، تاجک، قازق اور آرمینیا کے ہم منصبوں سے ملاقاتیں

ان ممالک نے پاکستان کی امن کوششوں کو سراہتے ہوئے مختلف شعبوں میں باہمی تعاون بڑھانے میں گہری دلچسپی ظاہر کی، دفتر خارجہ

بشکیک، اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی ایرانی، روسی، تاجک، قازق اور آرمینیا کے ہم منصبوں سے ملاقاتیں ہوئیں جن میں باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ان ممالک نے پاکستان

بقیہ 13 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

سید علی شاہ گیلانی ایک عظیم کشمیری رہنما تھے، صدر آصف علی زرداری

سید علی شاہ گیلانی کی زندگی مقبوضہ کشمیر میں بھارت کے غیر قانونی، جابرانہ اور ظالمانہ تسلط کیخلاف مزاحمت کی قابل فخر علامت ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (یو این اے) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ آج ہم سید علی شاہ گیلانی کی پانچویں برسی کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، سید علی شاہ گیلانی ایک عظیم کشمیری رہنما تھے جن کی حیات جرات، ثابت قدمی اور کشمیری عوام

بقیہ 14 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

صدر مملکت کی ازبک قیادت اور عوام کو یوم آزادی پر مبارکباد

پاکستان اور ازبکستان اپنی مشترکہ کاوش سے اس شراکت داری کو مزید مضبوط بنائیں گے، آصف علی زرداری کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے جمہوریہ ازبکستان کے صدر شوکت مرزیوف اور ازبکستان کے برادر عوام کو ان کے 35 ویں یوم آزادی پر مبارکباد دی ہے۔ منگل کو ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت نے

بقیہ 15 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

سینیٹر اورنگزیب اور بلال بن ثاقب کی پاکستان کیلئے موزوں معلومات کے تبادلے، تجربات اور کامیاب کاروباری ماڈلز پر غور

جدت پسندی کو فروغ دینے والے ذمہ دار، شفاف اور منظم ڈیجیٹل اثاثوں کے نظام کو تیار کرنے کی ضرورت ہے، وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ ومحصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے مناسب حفاظتی اقدامات کو برقرار اور جدت پسندی کو فروغ دینے والے ذمہ دار، شفاف اور منظم ڈیجیٹل اثاثوں کے نظام کو تیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں

بقیہ 16 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مسلم لیگ ن کوئٹہ کے صدر سردار گل خلجی اور سابق وفاقی وزیر خلیل جارج ملاقات کر رہے ہیں

ستمبر 1965ء کی جنگ کا پہلا روز، پاک افواج نے بھارتی جارحیت کا بھرپور مقابلہ کیا

یکم ستمبر کو چھمب محاذ پر بھارتی ویمپائر طیارے مار گرائے، ایک پاکستانی جنگی قیدی بنا، بھارتی فوج نے سرحدی علاقوں سے طیارے ہٹا لیے

اسلام آباد (آن لائن) ستمبر 1965ء کی جنگ کا پہلا روز پاک فوج اور فضائیہ کے لیے غیر معمولی عزم، پیشہ ورانہ مہارت اور دفاع وطن کے جذبے کی ایک اہم مثال بن کر سامنے آیا۔ جنگ سے قبل کئی ماہ سے دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی میں اضافہ ہو رہا تھا اور بھارتی افواج پاکستانی سرحد کے قریب تعیناتیاں جاری تھیں۔ یکم ستمبر کو حالات نے باقاعدہ

بقیہ 7 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

آئین وقانون کی بالادستی اور جمہوری اقدار مضبوط پاکستان کی ضمانت ہیں، جمال شاہ کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی

بقیہ 8 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

اپنے وسائل پیدا کرنے کے باوجود صوبے کے عوام کو ان کا جائز حق نہ ملنا مزید قابل قبول نہیں، سہیل آفریدی

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کی ہائیڈل بجلی، تیل، گیس اور ایل پی جی سمیت قدرتی وسائل پورے پاکستان کی توانائی ضروریات میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں تاہم اپنے وسائل پیدا کرنے کے باوجود صوبے کے عوام کو ان کا جائز حق نہ ملنا مزید

بقیہ 17 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا مستقل ثالثی عدالت کے فیصلے کا خیر مقدم

سندھ طاس معاہدہ مکمل طور پر نافذ العمل ہے اور بھارت کے پاس اسے یکطرفہ طور پر معطل یا ختم کرنے کا کوئی قانونی اختیار نہیں

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے مستقل ثالثی عدالت کے متفقہ فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے بین الاقوامی قانون اور بین الاقوامی معاہدوں کی پاسداری کے اصولوں کی توثیق قرار دیا ہے۔ فیصلے میں واضح کیا گیا ہے کہ سندھ طاس معاہدہ مکمل طور پر نافذ العمل ہے اور بھارت کے پاس اسے یکطرفہ طور پر معطل یا ختم کرنے کا کوئی قانونی اختیار نہیں۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ بین الاقوامی

بقیہ 9 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

حکومت اور عوام کے درمیان مضبوط رابطہ ہی پائیدار ترقی کی بنیاد بن سکتا ہے

گورنر بلوچستان

عام آدمی کی زندگی میں مثبت تبدیلی کو یقینی بنانا ہی اچھی طرز حکمرانی کی اصل کامیابی ہے، جعفر خان مندوخیل

صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات عام بالخصوص غریب اور پسماندہ عوام تک پہنچانے کیلئے مزید ٹھوس ومؤثر اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں مختلف شخصیات اور وفود نے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران صوبے کی مجموعی صورتحال، عوامی مسائل، ترقیاتی منصوبوں، اچھی طرز حکمرانی اور دورافتادہ علاقوں کی تعمیر وترقی سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر بلوچستان نے کہا کہ عام آدمی کی

بقیہ 10 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم اپنا گھر پروگرام تیزی سے کامیابی کی منازل طے کر رہا ہے، خرم شہزاد

جون 2025 کے بعد سے اس سکیم کے تحت ہاؤسنگ فنانسنگ کی فراہمی اور تعمیراتی شعبے میں تاریخی پیش رفت دیکھنے میں آئی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ ملک میں کم آمدنی والے طبقے کو چھت کی فراہمی اور معاشی سرگرمیوں کو تیز کرنے کے لیے وزیراعظم اپنا گھر پروگرام تیزی سے کامیابی کی منازل طے کر رہا ہے، یہ اب ایک خاندان کیلئے

بقیہ 11 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سے جرمن رکن پارلیمنٹ کی ملاقات

پارلیمانی سفارت کاری دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے، ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (آن لائن) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ سے جرمن پارلیمنٹ کے رکن کرسٹوف شرمڈ کی پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں دونوں فریقوں نے پاکستان اور جرمنی کے درمیان تعاون کے نئے مواقع تلاش

بقیہ 18 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم کی ایس سی او سربراہی اجلاس کے موقع پر صدر بیلاروس سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

پاکستان اور بیلاروس کے دوطرفہ تعلقات میں مثبت پیش رفت اور سیاسی، تجارتی، اقتصادی، دفاعی اور ثقافتی شعبوں میں مضبوط تعاون پر اطمینان کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بشکیک میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہان مملکت کی کونسل کے اجلاس کے موقع پر جمہوریہ بیلاروس کے صدر عالی الیگزینڈر لوکاشینکو سے ملاقات کی جس میں دونوں رہنماؤں نے

بقیہ 19 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

ملک کو درپیش سیاسی معاشی اور آئینی بحرانوں کا واحد حل آئین کی بالادستی میں ہے

فضل الرحمٰن

ملک میں قانون کیساتھ کھلواڑ جاری رہا تو ہم کبھی ترقی نہیں کر سکتے، ملک کو درپیش سیاسی، معاشی اور آئینی بحرانوں کا واحد حل آئین کی بالادستی، حقیقی جمہوریت، پارلیمنٹ کی بالادستی اور عوامی مسائل کا عملی حل ہے

بڑھتی ہوئی معاشی مشکلات، مہنگائی، بے روزگاری، عوامی پریشانیاں، امن وامان کی خراب صورتحال اور سیاسی عدم استحکام سنگین مسائل ہیں جن پر فوری اور سنجیدہ توجہ کی ضرورت ہے، بیان

جیکب آباد (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش سیاسی، معاشی اور آئینی بحرانوں کا واحد حل آئین کی بالادستی، حقیقی جمہوریت، پارلیمنٹ کی بالادستی اور عوامی مسائل کا عملی حل ہے، ریاستی اور حکومتی امور آئینی حدود کے اندر چلائے بغیر ملک میں پائیدار سیاسی استحکام قائم نہیں ہو سکتا۔ وہ سندھ کے دورے کے بعد جے یو آئی سندھ کے امیر مولانا عبدالقیوم ہالیجوی کی صدارت میں منعقدہ جمعیت علماء اسلام سندھ کی مجلس عاملہ اور امن عالم اجتماع 2027 کی منتظمہ کمیٹیوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کر رہے تھے، اس موقع پر جے یو آئی سندھ کے سیکرٹری جنرل علامہ راشد محمود سومرو نے امن عالم اجتماع 2027 کی تیاریوں، انتظامی امور اور مختلف منتظمہ کمیٹیوں کی ذمہ داریوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی،

بقیہ 20 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

افغانستان اور پاکستان باہمی انحصار کو بحران کے بجائے مشترکہ معاشی مفادات کیلئے استعمال کر سکتے ہیں، افغان سفیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں افغانستان کے سفیر سردار احمد شکیب نے کہا کہ گزشتہ کئی دہائیوں

بقیہ 22 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

ایران اب مکمل طور پر ختم ہو چکا ہے، امریکی صدر

انسانیت کیخلاف جرائم پر ایران کیخلاف جنگی جرائم کا مقدمہ چلایا جانا چاہیے، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ نے ایک بار پھر ایران کو ناکام ریاست قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایران ختم ہو چکا ہے، ایران پر ایٹم بم سے حملے کے بارے میں سوال احمقانہ قرار دیدیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق صدر ٹرمپ سے صحافی

بقیہ 21 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

غزہ میں اسرائیلی بمباری سے 3 بچوں سمیت 4 فلسطینی شہید

حملوں کا مقصد اسرائیلی سیکیورٹی فورسز کو لاحق خطرات کا خاتمہ تھا، صیہونی فوج

غزہ (این این آئی) غزہ میں اسرائیلی جنگی طیاروں کی بمباری اور فائرنگ سے 3 بچوں سمیت کم از کم 4 فلسطینی شہید ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی فوج نے غزہ میں متعدد اہداف کو نشانہ بناتے ہوئے دعویٰ کیا کہ حملوں کا مقصد

بقیہ 24 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

بانی پی ٹی آئی کیساتھ ڈیل کیلئے ایک ریٹائرڈ شخصیت نے اہم کردار ادا کیا' رمیش کمار کا دعویٰ

عمران خان کے ساتھ 4 سے 5 ملاقاتوں کے بعد 14 اگست کو باقاعدہ کیک بھی کاٹا گیا، ریلیف کا عمل شروع ہو چکا

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی رمیش کمار نے دعویٰ کیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کے ساتھ ڈیل کے لیے ایک ریٹائرڈ شخصیت نے اہم کردار ادا کیا، عمران خان کے ساتھ 4 سے 5 ملاقاتوں کے بعد 14 اگست کو باقاعدہ

بقیہ 29 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان میں آبادی کے اضافے کیساتھ نئے صوبوں کا قیام ناگزیر ہے، ایم کیو ایم پاکستان

ملک کو مضبوط بنانے کیلئے انتظامی بنیادوں پر مزید صوبے اور مؤثر تیسرا بلدیاتی نظام قائم کرنا ہوگا، خالد مقبول صدیقی

ڈیلس (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان کے چیئرمین اور وفاقی وزیر ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ پاکستان میں آبادی کے اضافے کے ساتھ نئے صوبوں کا قیام ناگزیر ہے اور ملک کو مضبوط بنانے کیلئے انتظامی بنیادوں پر مزید صوبے اور مؤثر تیسرا بلدیاتی نظام قائم کرنا ہوگا۔ ڈیلس آمد پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے

بقیہ 30 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

شنگھائی تعاون تنظیم ترقیاتی صلاحیت کی حامل نئی علاقائی تعاون تنظیم بن گئی ہے، چینی صدر

ایس سی او کو تاریخ کی سمت کی مثبت انداز میں رہنمائی کرنی چاہیے، شی جن پنگ

بیجنگ (این این آئی) چینی صدر شی جن پنگ نے بشکیک میں شنگھائی تعاون تنظیم کے چھبیسویں سربراہی اجلاس میں شرکت کی۔ منگل کے روز شنگھائی تعاون تنظیم کے روٹیٹنگ چیئرمین ملک کرغزستان کے صدر صدر جاپاروف نے اجلاس کی صدارت کی، جس میں شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک یعنی بیلاروس کے صدر الیگزینڈر لوکاشینکو

بقیہ 36 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

راولپنڈی، شدید بارشوں کے باعث شہر سمندر کا منظر پیش کر رہا ہے

پولیس اور سی ٹی ڈی کا شاہ حسن خیل میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 2 خوارجی دہشتگرد جہنم واصل

لکی مروت (آن لائن) ضلع لکی مروت کے علاقہ شاہ حسن خیل میں قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ایک بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے دو خوارجی دہشتگردوں کو جہنم واصل کر دیا۔ یہ کامیاب کارروائی پولیس اور سی ٹی ڈی کی جانب سے مشترکہ طور پر رات کے اوقات میں ٹارگٹڈ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران عمل میں لائی گئی۔ آپریشن کی قیادت ڈی ایس پی لکی مروت نے کی جبکہ اس میں

بقیہ 25 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

جنگ میں تباہ فوجی مراکز محفوظ مقامات پر دوبارہ قائم کر دیے، ایران کا دعویٰ

تہران (این این آئی) ایران کے پاسداران انقلاب کے کمانڈر کے سینئر مشیر بریگیڈیئر جنرل محمد رضا نقدی نے دعویٰ کیا ہے کہ حالیہ جنگ کے دوران نقصان پہنچنے والے ایرانی فوجی مراکز کو زیادہ محفوظ مقامات پر دوبارہ قائم کر دیا گیا ہے اور وہاں پہلے سے جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ زیادہ تیز رفتاری سے کام جاری ہے، ایرانی میڈیا کے مطابق محمد رضا نقدی نے جنگ کے بعد ایران کی فوجی تنصیبات اور دفاعی

بقیہ 28 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

قیصر احمد شیخ کا امن، ترقی اور علاقائی تعاون کے فروغ کیلئے ''شنگھائی جذبے'' سے سیکھنے پر زور

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے امن، معاشی تعاون، مکالمے اور ترقی پر مزید توجہ دینے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کو عوام کے معیار زندگی میں بہتری اور خطے میں اپنے کردار کو مزید مؤثر بنانے کے لیے باہمی تعاون اور تنازعات کے پرامن حل پر مبنی ''شنگھائی جذبے'' سے سیکھنا چاہیے۔ وفاقی وزیر نے ان خیالات کا اظہار انسٹی ٹیوٹ آف ریجنل اسٹڈیز

بقیہ 37 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال سی پیک ایکشن پلان پر عمل درآمد کی پیش رفت جائزہ لینے کیلئے تفصیلی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان علماء کونسل کا سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے تاریخی اجلاس کے فیصلوں کا بھرپور خیر مقدم

تینوں برادر ممالک نے عالم اسلام کے اتحاد، مشترکہ دفاع اور محفوظ مستقبل کیلئے تاریخی فیصلے کیے ہیں، حافظ طاہر اشرفی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان علماء کونسل نے استنبول میں ہونے والے سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے تاریخی اجلاس کے فیصلوں کا بھرپور خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ تینوں برادر ممالک نے عالم اسلام کے اتحاد، مشترکہ دفاع اور محفوظ مستقبل کے لیے تاریخی فیصلے کیے ہیں، مکہ دفاعی اتحاد کے پہلے سیکرٹری جنرل کی پاکستان سے تقرری اور ریاض میں

بقیہ 26 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

بلاول بھٹو زرداری کا اسلام آباد اور راولپنڈی میں بارش کے باعث پیدا ہونیوالی اربن فلڈنگ پر تشویش کا اظہار

نشیبی علاقوں میں فوری امداد، انخلاء، نکاسی آب اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کی ضرورت ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اسلام آباد اور راولپنڈی میں بارش کے باعث پیدا ہونے والی اربن فلڈنگ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ نشیبی علاقوں میں فوری امداد، انخلاء، نکاسی آب اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کی ضرورت ہے، مشکل گھڑی میں عوام کے ساتھ کھڑا

بقیہ 27 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

اسرائیلی وزیر بن گویر کا مسجد اقصیٰ پر دھاوا، یہودی عبادت گاہ بنانے کا عندیہ

اتمار بن گویر نے مسجد کے صحن کے مشرقی حصے میں یہودی مذہبی رسومات ادا کیں اور دعائیں مانگیں، عرب میڈیا

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) مقبوضہ بیت المقدس میں اسرائیل کے انتہائی دائیں بازو کے وزیر برائے قومی سلامتی اتمار بن گویر نے اسرائیلی قابض فورسز کی سیکیورٹی میں مسجد اقصیٰ کے احاطے میں داخل ہو کر یہودی مذہبی رسومات ادا کیں اور مقدس مقام پر یہودی عبادت گاہ قائم کرنے کا عندیہ دیا۔ عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق بن گویر

بقیہ 38 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

امریکا ایم او یو کے تحت اپنی ذمے داریوں پر واپس آیا تو مثبت جواب دینگے، ایرانی صدر

ایران نے ہمیشہ اپنے بین الاقوامی معاہدوں اور ذمے داریوں کی پاسداری کی ہے، مسعود پزشکیان

خطے میں طاقت کے استعمال پر مبنی پالیسیوں کا تسلسل ممالک ہی نہیں بلکہ خطے اور دنیا کے استحکام کے لیے بھی خطرہ ہے

تہران (این این آئی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ امریکا مفاہمت کی یادداشت کے تحت اپنی ذمے داریوں پر واپس آیا تو ایران بھی فوری طور پر مثبت جواب دے گا۔ شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مسعود پزشکیان نے کہا ہے امریکا کی جانب سے مفاہمت کی یادداشت کے تحت اپنی ذمے داریاں پوری نہ کرنے کا سلسلہ جاری ہے، ایران نے امریکی ذمے داریوں کی خلاف ورزی کا متناسب جواب دیا۔ پزشکیان نے کہا کہ جغرافیائی سیاسی مسابقت میں اضافہ، یکطرفہ پالیسیوں کا فروغ، فوجی طاقت کا

بقیہ 39 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

دہشتگرد ہمارے دلاور جوانوں کے عزم کو کمزور نہیں کر سکتے، طارق فضل چوہدری

مستقل ثالثی عدالت کا سندھ طاس معاہدے کا فیصلہ پاکستان کے اصولی موقف کی بھرپور تائید اور پاکستان کی فتح ہے

پاکستان کسی بھی صورت سندھ طاس معاہدے کے تحت اپنے حق سے پیچھے نہیں ہٹے گا۔ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور قومی وقار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا

اسلام آباد / کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ مستقل ثالثی عدالت کا سندھ طاس معاہدے کا فیصلہ پاکستان کے اصولی موقف کی بھرپور تائید اور پاکستان کی فتح ہے، پاکستان کسی بھی صورت سندھ طاس معاہدے کے تحت اپنے حق سے پیچھے نہیں ہٹے گا۔ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور قومی وقار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، ریاست اور قوم نے

بقیہ 31 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

چاغی میں دہشتگردوں کیخلاف بہادری سے لڑنے والے کیپٹن عبید شہید کو پوری قوم سلام پیش کرتی ہے، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ بلوچستان کے علاقے چاغی میں دہشتگردوں کے خلاف بہادری سے لڑنے والے کیپٹن عبید کی شہادت پر دلی طور پر افسوس ہوا ہے، وطن کے دفاع اور امن کے لیے اپنی جان قربان کرنے والے اس بہادر سپوت کو پوری قوم سلام پیش کرتی ہے۔ منگل کو اپنے ایکس پیغام میں انہوں نے کہا کہ کارروائی میں

بقیہ 35 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

اقتصادی دباؤ سے ایران اپنا رویہ تبدیل نہیں کرے گا، سابق امریکی سفیر

موجودہ صورتحال میں چین اور روس مکمل طور پر امریکا کے موقف کے ساتھ نہیں، جوئی ہُڈ

واشنگٹن (این این آئی) سابق امریکی سفیر جوئی ہُڈ نے کہا ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ ایران پر اقتصادی دباؤ بڑھانے کے ساتھ فوجی کارروائی کی دھمکیاں دے رہی ہے، امریکی پابندیاں ایران کو اچانک اپنا رویہ تبدیل کرنے پر مجبور نہیں کریں گی۔ عرب میڈیا کو

بقیہ 32 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

جڑواں شہروں میں موسلا دھار بارش، متعدد آبادیاں ڈوب گئیں، تعلیمی اداروں میں تعطیل

بارش رات 3 بجکر 20 منٹ پر شروع ہوئی جو صبح 8 بجے تک جاری رہی، شدید بارش کے باعث سڑکیں اور علاقے تالاب کا منظر پیش کرنے لگے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور راولپنڈی میں موسلا دھار بارش کے باعث متعدد آبادیاں ڈوب گئیں، پانی گھروں اور دکانوں میں داخل ہو گیا جس کے باعث لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اور شہریوں کے گھروں گھریلو

بقیہ 33 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان میں لائیو اسٹاک اور پولٹری کے شعبے میں برآمدات کے وسیع امکانات موجود ہیں، قائمہ کمیٹی غذائی تحفظ

منہ کھر کی بیماریوں (ایف ایم ڈی)، محدود حکومتی معاونت اور عالمی مارکیٹ میں مسابقت جیسے چیلنجز پر قابو پانا ضروری ہے، ارکان

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے غذائی تحفظ وتحقیق کے اجلاس میں لائیو اسٹاک، گوشت اور پولٹری کی پیداوار وبرآمدات بڑھانے کیلئے حکومتی اقدامات، عالمی منڈیوں تک رسائی اور صنعت کو درپیش مشکلات کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 34 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

آئین کی پاسداری نہ ہونے سے پارلیمنٹ اپنی عزت کھو چکی، راجہ ناصر عباس

بانی پی ٹی آئی کو حقوق نہ دینا اور عدالتی فیصلوں پر عملدرآمد نہ ہونا افسوسناک ہے، اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ حکومت کے خلاف چارج شیٹ ہے

پاکستان کا نظام عوام کا بوجھ بن چکا، سانحہ پیز میں مجرمانہ غفلت ہوئی، حکومت کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ پاکستان کی عدالتوں پر بہت زیادہ دباؤ ہے، جیلوں کے قوانین موجود ہیں لیکن ان پر عملدرآمد نہ ہونے کے باعث لوگوں کو اپنے حقوق کے حصول کے لیے عدالتوں سے رجوع کرنا پڑتا ہے۔ سابق وزیراعظم سمیت ہر قیدی کے بنیادی حقوق ہوتے ہیں اور بانی پی ٹی آئی کو ان حقوق سے محروم رکھنا قابل افسوس ہے۔ سینیٹ میں اپنے چیمبر میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علامہ راجہ ناصر عباس نے اسلام آباد ہائیکورٹ کے بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی سے

بقیہ 40 صفحہ نمبر3 ملاحظہ فرمائیں

Daily SABA Quetta

روزنامہ صباء کوئٹہ

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

یونیورسٹی آف گوادر: فال 2026 کے داخلوں کے لیے تاریخ میں 15 ستمبر تک توسیع

مختلف بی ایس، ایم ایس اور پی ایچ ڈی پروگرامز میں داخلے جاری، امیدوار آن لائن یا ڈاؤن لوڈ فارم کے ذریعے اپلائی کرسکتے ہیں

گوادر (یو این اے) یونیورسٹی آف گوادر نے فال 2026 کے داخلوں کے لیے درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ میں توسیع کرتے ہوئے اسے 15 ستمبر 2026 تک بڑھا دیا گیا ہے۔ یونیورسٹی میں اے ڈی پی، بی ایس، بی ایڈ، ایم ایس اور پی ایچ ڈی پروگرامز میں داخلے جاری ہیں، جن میں 4 سالہ بی ایس کمپیوٹر سائنس، بی ایس کمپیوٹر سائنس (AI)، بی بی اے، اکنامکس، ایجوکیشن، کامرس، کیمسٹری، زوالوجی، انگلش، پوسٹ ایسوسی ایٹ پروگرامز، ایم ایس مینجمنٹ سائنسز، ایم ایس کیمسٹری اور پی ایچ ڈی مینجمنٹ سائنسز شامل ہیں۔ امیدوار آن لائن درخواست ug.edu کے ذریعے جمع کرا سکتے ہیں، جبکہ ug.edu.pk/downloads سے فارم ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

27 ستمبر کا لانگ مارچ سیاست کا رخ بدل دیگا' سید صادق آغا

ملک بچانے والے "باہر" اور ملک کو تباہ کرنے والے "اندر" ہوں گے' صوبائی سینئر نائب صدر

کوئٹہ (اے این این) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کو ملک بھر میں ہونے والا لانگ مارچ ملکی تاریخ اور سیاست کا رخ بدل دے گا۔ عوام ملک میں حقیقی جمہوریت، آئین و قانون کی بالادستی اور عوامی مینڈیٹ کے احترام کے لیے سڑکوں پر نکلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ ملک کے عوام فیصلہ کریں کہ ملک کو بچانے اور بنانے والوں کو عزت دی جائے یا ملک کو تباہ کرنے والوں کو مزید مسلط رکھا جائے۔ اپنے ایک بیان میں سید صادق آغا نے کہا کہ 27 ستمبر کا لانگ مارچ ایک سیاسی سرگرمی نہیں بلکہ ملک کے مستقبل کے لیے ایک فیصلہ کن عوامی تحریک ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ملک بچانے اور بنانے والے "باہر" ہوں گے جبکہ ملک کو تباہ کرنے والے "اندر" ہوں گے، اور پوری قوم اس صورتحال کو اپنی آنکھوں سے دیکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کی قیادت میں ملک بھر کے عوام لانگ مارچ میں بھرپور شرکت کریں گے۔

کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس ریلوے ٹریک کی مرمت کیلئے تاحکم ثانی بند

کوئٹہ سے کراچی کوئٹہ سے براستہ فیصل آباد لاہور جانے کے لئے کوئی مسافر ٹرین نہیں ہے

سبی (اے این این) کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس ریلوے ٹریک کی مرمت کے لئے تاحکم ثانی بند کوئٹہ سے کراچی کوئٹہ سے براستہ فیصل آباد لاہور جانے کے لئے کوئی مسافر ٹرین نہیں سابق و موجودہ حکومت ٹرانسپورٹرز کے سامنے بے بس کوئٹہ سے ڈیرہ اللہ یار تک ریلوے اسٹیشنوں پر اسٹالز پر محنت مزدوری کرنے والے سینکڑوں افراد بے روزگار کا شکار عوام سستے ریل کے سفر سے بھی محروم بولان میل، نواب اکبر خان بگٹی ایکسپریس کے ساتھ ساتھ ہرنائی پسنجر کے بندش سے ریلوے کا روزانہ کی بنیاد پر لاکھوں روپے نقصان' تفصیلات کے مطابق گزشتہ سالوں میں مون سون بارشوں اور سیلابی ریلوں نے جہاں ہزاروں گاؤں و دیہاتوں کو ملیا میٹ کر دیا وہاں ریلوے ٹریکس کو بھی نقصان پہنچایا جس کی وجہ سے کوئٹہ سے کراچی جانے والی بولان میل چند دنوں بحال ہونے کے بعد معطل ہوئی جبکہ کوئٹہ سے براستہ فیصل آباد لاہور پشاور جانے والی نواب اکبر خان بگٹی ایکسپریس کی سروس وفاقی وزیر ریلوے کے اعلانات کے باوجود ٹریک پر نہ آسکی

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار عبدالمنان کو گیس کے بل پر 43000 روپے کا ریلیف فراہم کروا دیا گیا

کوئٹہ (اے این این) درخواست گزار عبدالمنان نے بتایا کہ Ssgcl کی جانب سے انہیں ناجائز بل موصول ہوا۔ جس میں بے بنیاد جرمانہ لگایا گیا تھا۔ حالانکہ وہ ہر ماہ باقاعدگی سے گیس بل جمع کرتے آرہے ہیں۔ بل کی درستگی کے سلسلے میں وہ متعدد بار گیس دفتر کے چکر کاٹے لیکن کوئی شنوائی نہ ہو سکی۔ لہٰذا، مجبور ہو کر انہوں نے انصاف کے حصول کے لیے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی ناانصافی اور عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی، وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے گیس بل کی درستگی جلد کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کے گیس بل کی درستگی کر دی۔

ٹراما انسٹیٹیوٹ کی مئی تا اگست 2026ء کی شماریاتی رپورٹ جاری، طبی و تشخیصی خدمات میں نمایاں اضافہ

کوئٹہ (اے این این) شہید بینظیر بھٹو ٹراما اینڈ ایمرجنسی ریسپانس انسٹیٹیوٹ کوئٹہ کی مئی تا 31 اگست 2026ء کی شماریاتی رپورٹ جاری کر دی گئی۔ رپورٹ میں چار ماہ کے دوران رپورٹ شدہ کیسز، مریضوں کے داخلوں، آپریشنز، لیبارٹری ٹیسٹس اور مختلف تشخیصی سہولیات کے استعمال کے اعداد و شمار شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق اگست 2026ء میں 4,538 کیسز رپورٹ ہوئے، جبکہ 505 شدید نوعیت کے مریضوں کو داخل کیا گیا۔ اسی ماہ 13,106 لیبارٹری ٹیسٹس، 363 آپریشنز، 1,133 الٹراساؤنڈ، 1,188 سی ٹی اسکینز، 3,632 ایکسرے اور 164 بلڈ ٹرانسفیوژنز ریکارڈ کیے گئے۔ شماریاتی اعداد و شمار کے مطابق مئی کے مقابلے میں اگست تک ادارے میں فراہم کی جانے والی طبی و تشخیصی خدمات میں نمایاں اضافہ ہوا۔ لیبارٹری ٹیسٹس 800 سے بڑھ کر 13,106، آپریشنز 20 سے بڑھ کر 363 اور ایکسرے 600 سے بڑھ کر 3,632 تک پہنچ گئے۔

شیرانی، ڈی آئی خان قومی شاہراہ سے مسافر بس سے کسٹم کانسٹیبل سمیت تین افراد مبینہ اغوا

انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے معلومات دینے سے گریز، علاقے میں خوف و ہراس کی لہر

شیرانی (یو این اے) ڈی آئی خان قومی شاہراہ پر شیرانی کے علاقے خاور بینہ کے قریب مسافر بس سے کسٹم کانسٹیبل سمیت تین افراد کو مبینہ طور پر اتار کر اغوا کر لیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ اور پولیس کا معلومات دینے سے گریز۔ پولیس ذرائع کے مطابق مبینہ طور پر مسلح افراد نے شیرانی کے علاقے خاور بینہ میں ڈی آئی خان قومی شاہراہ پر اسلام آباد سے کوئٹہ جانے والی بس کو روک کر کسٹم کانسٹیبل حلیم درانی سمیت تین افراد کو ساتھ لے جایا گیا تاہم دیگر دو افراد کی شناخت معلوم نہیں ہو سکی واقعے کی تصدیق یا تردید کے لیے ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ اور ایس پی سے رابطے کی بار بار کوشش کی گئی مگر کوئی جواب نہیں ملا انتظامیہ کی جانب سے باضابطہ تصدیق یا تردید نہ ہونے کے باعث علاقے میں خوف و ہراس اور تشویش پائی جاتی ہے۔

حب پولیس کی کارروائیاں، ڈکیتی اور فائرنگ کے مقدمات میں 2 ملزمان گرفتار، اسلحہ اور مسروقہ سامان برآمد

پولیس پر فائرنگ کرنے والا ایک ملزم زخمی حالت میں قابو، دو ساتھی فرار، مسروقہ موٹر سائیکلیں اور موبائل فونز قبضے میں

حب (یو این اے) حب پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران ڈکیتی کے ملزم سمیت دو ملزمان کو گرفتار کر لیا جبکہ ڈکیتی میں استعمال ہونے والا ٹی ٹی پسٹل، مسروقہ موبائل فون، شناختی کارڈ اور موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی۔ پولیس کے مطابق گزشتہ ہفتے کو بلوچ کالونی حب کے رہائشی علی خان ولد گامن خان نے رپورٹ دی تھی کہ ابراہیم سوسائٹی کے قریب مسلح افراد نے اس سے دو موبائل فون، قومی شناختی کارڈ، اے ٹی ایم کارڈ، موٹر سائیکل اور 2500 روپے نقد چھین لیے۔ ملزم کی شناخت پر کارروائی کرتے ہوئے پولیس نے ملزم اختر ولد علی محمد کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم کے قبضے سے دو موبائل فون اور قومی شناختی کارڈ اور موٹر سائیکل برآمد کر لیا گیا۔

کوئٹہ، بلوچستان ریجنل سوشل نیٹ ورک کا وفد براہوئی اکیڈمی دورے کے موقع پر چیئرمین ڈاکٹر عبدالقیوم سوسن براہوئی کو شیلڈ دے رہا ہے

صوبے میں جنگل کا راج اور امن نام کی کوئی چیز نہیں، جے یو آئی تحصیل بوستان کی قیادت کا سخت اظہار تشویش

بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال ابتر ہوچکی ہے اور عوام عدم تحفظ کا شکار ہیں تخریب کار جب چاہتے ہیں

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علمائے اسلام تحصیل بوستان کے امیر حاجی عنایت اللہ بازئی، جنرل سیکرٹری حافظ نعمت اللہ اور کابینہ کے دیگر اراکین نے اپنے مشترکہ بیان میں صوبے میں بڑھتی ہوئی بدامنی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے میں جنگل کا قانون ہے اور امن نام کی کوئی چیز نہیں۔ صوبہ بدامنی کی آگ کے لپیٹ میں ہے اب نہ تاجر محفوظ ہے نہ مزدور محفوظ ہے اور حکومتی اقدامات کے مذمتی بیانات تک رہ چکے ہیں حکومتی نااہلی سے ٹارگٹ کلنگ اس صوبے کی پہچان بن چکی ہے امن و امان کی صورتحال دن بہ دن خراب ہوتی جارہی ہے مگر صوبائی حکومت ٹس سے مس نہیں ہو رہی ہے صوبائی حکومت بدامنی کا مسئلہ ذمہ داری اور سنجیدگی کیساتھ لینے کیلئے تیار نہیں ہے امن وامان کی صورتحال دن بہ دن خراب ہوتی جارہی ہے حالانکہ عوام کی جان مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں بدامنی عروج پر پہنچ چکی ہے، آئے روز قتل و غارت، ڈکیتی اور دیگر جرائم کے واقعات میں اضافہ ہورہا ہے، جس کے باعث عوام میں شدید خوف و ہراس پایا جاتا ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ کا مختلف ہیلتھ سینٹرز کا دورہ

دورے کے دوران افسران نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور مریضوں کی عیادت کی

بابا کوٹ (اے این این) اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ، اسسٹنٹ کمشنر چھتر بشیر احمد ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصیرآباد ڈاکٹر ایاز احمد جمالی نے رورل ہیلتھ سینٹر (آر ایچ سی) چھتر کا دورہ کیا دورے کے دوران افسران نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا اس موقع پر ہسپتال میں موجود ادویات کے اسٹاک کو چیک کیا گیا اور ادویات کی دستیابی، ریکارڈ اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے معلومات حاصل کی گئیں افسران نے علاج معالجے کے شعبوں اور دیگر طبی سہولیات کا بھی معائنہ کیا ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصیرآباد ڈاکٹر ایاز احمد جمالی نے ہسپتال کے طبی عملے سے بھی ملاقات کی اور ادارے میں جاری طبی سرگرمیوں، مریضوں کے علاج معالجے اور دستیاب سہولیات کے بارے میں بریفنگ لی اس موقع پر ہسپتال کے انتظامی امور اور صفائی ستھرائی سمیت دیگر ضروری انتظامات کا بھی جائزہ لیا گیا اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ، اسسٹنٹ کمشنر چھتر بشیر احمد اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصیرآباد ڈاکٹر ایاز احمد جمالی نے طبی عملے پر زور دیا کہ وہ اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں سرانجام دیتے ہوئے مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں۔

جمعیت علما اسلام کا تحصیلوں اور بنیادی یونٹوں کے دوروں کیلئے تشکیل دی گئی کمیٹیوں کا اہم اجلاس، تنظیمی کارکردگی کا جائزہ

جمعیت علما اسلام کوئٹہ کو مزید منظم اور فعال بنانے کے لیے بنیادی یونٹوں کی فعالیت ناگزیر ہے، عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس اور سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد نے کہا ہے کہ جمعیت علما اسلام کو ضلع کوئٹہ کی سطح پر مزید منظم، فعال اور مضبوط بنانے کے لیے بنیادی یونٹوں کی فعالیت ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت کی اصل قوت اس کے منظم اور فعال بنیادی یونٹ ہیں، لہٰذا تمام ذمہ داران اپنی تنظیمی ذمہ داریوں کو پوری سنجیدگی، احساس ذمہ داری اور دیانتداری کے ساتھ ادا کریں انہوں نے تمام امراء، نظماء اور ذمہ داران پر زور دیا کہ وہ جماعتی نظم و ضبط کی مکمل پابندی کرتے ہوئے تنظیمی فیصلوں اور ہدایات پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ تنظیمی کمزوری، غفلت اور غیر فعالیت کسی صورت قابل قبول نہیں ہوگی اور جماعت کو مزید مضبوط و فعال بنانے کے لیے ضروری اور اہم تنظیمی فیصلوں سے ہرگز دریغ نہیں کیا جائے گا۔ [illegible] تحصیلوں اور بنیادی یونٹوں کے تنظیمی دوروں کے لیے تشکیل دی گئی کمیٹیوں کے امراء کا اہم اجلاس ضلعی دفتر میں نائب امیر مولانا محمد ایوب کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں گزشتہ اجلاس کے دوران کمیٹیوں کی جانب سے پیش کی گئی۔

27 ستمبر کو ہم اسلام آباد فتح کرنے نہیں آرہے، ہم چاہتے ہیں ہمیں انصاف دیا جائے

بیرسٹر گوہر

ہم اڈیالہ جیل کے گیٹ توڑنے نہیں آرہے انصاف دیا جائے، بانی کو سات سزائیں ہوئیں، 3 سو کیسز بنائے گئے 3 سال سے جیل میں ہیں اب بس ہونی چاہیے

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر خان نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کو ہم اسلام آباد فتح کرنے نہیں آرہے، ہمیں انصاف کہیں سے نہیں ملا ہم اپنے حقوق مانگنے آرہے ہیں۔ 27 مارچ کو وزیراعلیٰ سہیل آفریدی لیڈ کریں گے، ہم حقوق کیلئے آرہے ہیں، ہم پرامن ہوں گے کوئی تشدد نہیں ہوگا۔ ہم ریاست یا صوبے کے وسائل کو استعمال نہیں کریں گے۔ ہم اڈیالہ جیل کے گیٹ توڑنے نہیں آرہے، ہم چاہتے ہیں ہمیں انصاف دیا جائے۔ بانی کو سات سزائیں ہوئیں، 3 سو کیسز بنائے گئے 3 سال سے جیل میں ہیں اب بس ہونی چاہیے۔ ریاست کو اب ہاتھ اٹھانا چاہیے۔ یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے متعلق اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ خوش آئند ہے۔ اچھی بات ہے عدالتیں ہمیں انصاف دینا شروع کریں۔ ہمیں عدالتوں کے احکامات پر عملدرآمد چاہیے۔ 320 دن ہوئے ہماری بانی سے کوئی ملاقات نہیں ہوئی۔ 27 ستمبر کو ہم اسلام آباد فتح کرنے نہیں آرہے، ہمیں انصاف کہیں سے نہیں ملا ہم اپنے حقوق مانگنے آرہے

بقیہ 42 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سبی ڈویژن میں قومی شجرکاری مہم کا آغاز کردیا گیا ہے، سید طارق شاہ

سبی (اے این این) ڈویژنل فارسٹ آفیسر سبی سید طارق شاہ نے کہا ہے کہ سبی ڈویژن میں قومی شجرکاری مہم کا آغاز کردیا گیا ہے عوام سادہ کاغذ پر درخواست لکھ کر محکمہ جنگلات و جنگلی حیات کی نرسریوں سے پودے لے جا کر قومی شجرکاری مہم میں اپنا حصہ ڈال کر ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے میں ہمارا ساتھ دیں درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے مرکزی ترجمان سید طاہر علی ڈویژنل صدر میر ظہور احمد کسی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر محکمہ جنگلات و جنگلی حیات کے ملازمین بھی موجود تھے، ڈی ایف او سبی ڈویژن سید طارق شاہ نے سبی ڈویژن میں قومی شجرکاری مہم کے حوالے سے آگاہی فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ صوبائی وزیر جنگلات و جنگلی حیات بلوچستان سردار مسعود خان لونی کی سرپرستی میں سبی سمیت بلوچستان بھر میں ماحولیاتی آلودگی کے خاتمہ کے لئے قومی شجرکاری مہم کا آغاز کردیا گیا ہے جبکہ سیکرٹری جنگلات کی ہدایات پر بھی سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنایا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ سبی ڈویژن سمیت بلوچستان کو سرسبز شاداب بنانے کے لئے ہم سب نے مل کر کام کرنا ہے۔

کوئٹہ، اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی عبدالخالق خان اچکزئی کے صاحبزادے شہید اللہ خان اچکزئی کی وفات پر جج سپریم کورٹ آف پاکستان جسٹس جمال خان مندوخیل تعزیت کررہے ہیں

نوشکی واقعہ انسانیت کے منہ پر طمانچہ ہے، پروفیسر حلیم صادق

معصوم 9 سالہ بچی کیساتھ ظلم کرنے والے سفاک ملزمان کو فوری گرفتار کرکے عبرتناک سزا دی جائے

کوئٹہ (اے این این) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے نوشکی میں گزشتہ دنوں ایک 9 سالہ معصوم بچی کے ساتھ مبینہ زیادتی کے بعد اسے گلے میں پھندا ڈال کر بے دردی سے قتل کرنے کے انسانیت سوز واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ افسوسناک سانحہ صرف بلوچستان بلکہ پوری انسانیت کے ضمیر کو جھنجھوڑ دینے والا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک معصوم بچی کے ساتھ اس قدر سفاکانہ اور وحشیانہ سلوک کرنے والے عناصر انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں اور ایسے درندہ صفت ملزمان کو قانون کے مطابق ایسی عبرتناک سزا دی جانی چاہیے کہ آئندہ کوئی شخص اس قسم کے گھناؤنے جرم کا تصور بھی نہ کر سکے۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا کہ نوشکی میں پیش آنے والا یہ المناک واقعہ صوبے میں بچوں اور خواتین کے تحفظ کے حوالے سے سنگین سوالات کو جنم دے رہا ہے۔ ایک مہذب اور اسلامی معاشرے میں معصوم بچوں کے ساتھ جنسی تشدد اور قتل جیسے واقعات انتہائی تشویشناک ہیں، جن کی روک تھام کیلئے محض مذمتی بیانات کافی نہیں بلکہ ریاستی اداروں، انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو فوری اور مؤثر اقدامات کرنا ہوں گے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ واقعہ میں ملوث تمام ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کرکے شفاف اور تیز رفتار تحقیقات کی جائیں۔

مولانا سید محمد رفیق آغا کا تحصیل سرانان اور بلوچستان میں امن وامان کی ابتر صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار

سرانان اور بلوچستان بھر میں سیکیورٹی کی صورتحال انتہائی کشیدہ اور پریشان کن ہوچکی ہے، جے یو آئی رہنما

سرانان (یو این اے) جمعیت علما اسلام تحصیل سرانان کے امیر مولانا سید محمد رفیق آغا، جنرل سیکرٹری مولوی نجیب اللہ آغا، نائب امیر و چیئرمین مولوی محمد صادق اور سیکرٹری اطلاعات قاری عطاء اللہ شاہ نے اپنے مشترکہ بیان میں بلوچستان سمیت تحصیل سرانان میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حالات کسی ایک سیاسی جماعت یا طبقے کا مسئلہ نہیں بلکہ پورے صوبے کے عوام کی زندگی، جان و مال اور مستقبل کا معاملہ ہے، اس لیے تمام سیاسی جماعتوں کو اختلافات سے بالاتر ہو کر مشترکہ اور سنجیدہ لائحہ عمل اختیار کرنا ہوگا۔ رہنماؤں نے کہا کہ سرانان سمیت بلوچستان بھر میں سیکیورٹی کی صورتحال انتہائی کشیدہ اور پریشان کن ہو چکی ہے۔ آئے روز کے واقعات نے عوام میں خوف و ہراس پیدا کر دیا ہے، جبکہ حکومت عوام کو جان و مال کا تحفظ فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام دکھائی دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن و امان ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے، اگر عوام خود کو غیر محفوظ سمجھنے لگیں تو یہ صورتحال انتہائی تشویشناک اور حکمرانوں کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن کی جانب سے موجودہ حالات کے حوالے سے وقتاً فوقتاً کی جانے والی پیش گوئیاں اور خدشات آج حقیقت کا روپ دھار رہے ہیں۔

گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول موروند کالونی کے ہیڈ ٹیچر ذوالفقار علی کو بہترین تعلیمی خدمات پر تعریفی سند دی گئی

ذوالفقار علی کی مؤثر قیادت، پابندی وقت اور تعلیمی ماحول کے قیام کے لیے کاوشیں قابل تحسین ہیں، پرنسپل محمد سلیم سرپرہ

اوتھل (یو این اے) گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول موروند کالونی اوتھل کے ہیڈ ٹیچر ذوالفقار علی کی شعبہ تعلیم میں بہترین خدمات کے اعتراف میں تعریفی سند سے نوازا گیا۔ گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائر سیکنڈری اسکول اوتھل کے پرنسپل محمد سلیم سرپرہ کی جانب سے ذوالفقار علی کو مؤثر قیادت، پابندی وقت، طلبہ کی تعلیمی و اخلاقی تربیت، مطالعہ و تحریر اور یونیفارم وغیرہ کی بروقت تقسیم سمیت دیگر بہترین تعلیمی خدمات پر تعریفی سند پیش کی گئی۔ اس موقع پر اسکول کے پرنسپل محمد سلیم سرپرہ و دیگر اساتذہ اور تعلیمی شخصیات موجود تھیں۔ تعریفی سند میں ہیڈ ٹیچر ذوالفقار علی کی جانب سے اسکول میں بہتر، منظم اور طلبہ دوست تعلیمی ماحول کے قیام، طلبہ کی تعلیمی ترقی، کردار سازی اور مجموعی بہتری کے لیے کی جانے والی مسلسل کاوشوں کو سراہا گیا۔ تعریفی سند میں کہا گیا کہ ذوالفقار علی کی ذمہ داری، تدریسی پیشے سے وابستگی، مؤثر قیادت اور مسلسل محنت قابل تحسین ہے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محکمہ صحت کے زیر اہتمام بلوچستان میں "بنیادی ضروری صحت کی خدمات کے پیکیج" کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

قائمقام صدر سید یوسف رضا گیلانی کی ناروے کے سفیر کی رہائش گاہ آمد، شاہ ہیر اللہ بیگم کے انتقال پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (اے این این) قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے اسلام آباد میں ناروے کے سفیر کی رہائش گاہ کا دورہ کیا، انہوں نے تعزیتی کتاب میں اپنے تاثرات بھی درج کیے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے منگل کو جاری بیان کے مطابق سفارتخانے کے اعلیٰ حکام نے قائم مقام صدر کا استقبال کیا۔ سید یوسف رضا گیلانی نے اپنے تاثرات میں شاہ ہیر اللہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور حکومت پاکستان کے عوام اور اپنی جانب سے ناروے کے شاہ ہاکون ہشتم، شاہی خاندان اور عوام ناروے سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ شاہ ہیر اللہ بیگم نے پچپن سال سے زائد عرصے تک دانشمندی، وقار اور لگن کے ساتھ ناروے کی خدمت کی اور آنجہانی شاہ کی طویل حکمرانی اور اپنے ملک و عوام کے لیے ان کی مخلصانہ خدمات کو انتہائی احترام کے ساتھ یاد رکھا جائے گا۔

وڈیرہ محمد رفیق کھوسہ کیساتھ ڈکیتی کے واقعے پر ڈھاڈر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال، کاروبار مکمل بند رہا

بدامنی اور بڑھتے ہوئے جرائم کیخلاف تمام حلقوں کو متحد ہو کر امن کیلئے آواز بلند کرنا ہوگی، وڈیرہ علی احمد رند

بولان (یو این اے) ڈھاڈر کے معروف زمیندار، سیاسی و قبائلی بزرگ رہنما وڈیرہ محمد رفیق کھوسہ کے ساتھ پیش آنے والے ڈکیتی کے افسوسناک واقعے کے خلاف رند پینل ڈھاڈر کی جانب سے شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی۔ رند پینل کی جانب سے دی جانے والی شارٹ کال پر ڈھاڈر شہر کے تمام اہم کاروباری مراکز اور بازار مکمل طور پر بند رہے، جس کے باعث شہر میں کاروباری سرگرمیاں معطل اور سڑکوں و بازاروں میں غیر معمولی سناٹا دیکھنے میں آیا۔ ہڑتال کے دوران تاجر برادری اور انجمن تاجران نے رند پینل کی کال پر بھرپور تعاون کرتے ہوئے وڈیرہ محمد رفیق کھوسہ سے اظہار یکجہتی کیا اور ڈکیتی کے واقعے پر شدید تشویش کا اظہار کیا اس موقع پر وڈیرہ علی احمد رند نے تاجر برادری، انجمن تاجران اور ڈھاڈر کے عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ رند پینل کی جانب سے شٹر ڈاؤن ہڑتال کا مقصد کسی فرد یا ادارے کے خلاف احتجاج کرنا نہیں۔

ڈاکٹر جاوید اختر جمالی کی شہر کی بہتری اور عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی کاوشیں لائق تحسین ہیں، سیاسی و سماجی حلقے

بلدیاتی اداروں کو مضبوط، فعال اور مؤثر بنا کر گنداخہ کی پائیدار ترقی کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے جائیں گے

گنداخہ (یو این اے) سیاسی، سماجی و عوامی حلقوں نے چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی کی جانب سے شہر کی بہتری، عوامی مسائل کے حل اور شہری سہولیات کی فراہمی کے لیے کی جانے والی عملی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے میونسپل کمیٹی گنداخہ کی ذمہ داریاں سنبھالنے کے بعد عوامی خدمت، شہری فلاح و بہبود اور اجتماعی مفاد کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھا ہے، جو لائق تحسین اور قابل ستائش امر ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں سیاسی و سماجی رہنماؤں اور عوامی حلقوں نے کہا کہ عوامی نمائندگی محض عہدہ نہیں بلکہ ایک بڑی ذمہ داری ہے اور ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے اس ذمہ داری کو احسن انداز میں نبھانے کے لیے اپنی صلاحیتوں اور وسائل کو بروئے کار لانے کی کوشش کی ہے۔ انہوں نے ہمیشہ گنداخہ کے شہریوں کے بنیادی مسائل کو ترجیح دیتے ہوئے ان کے حل کے لیے متعلقہ فورمز پر آواز بلند کرنے اور عملی اقدامات کو فروغ دینے کی کوشش کی ہے۔

ڈیجیٹل نیشن پاکستان کے وژن پر عمل پیرا ہیں، شزا فاطمہ

پاکستان میں سلامتی سمیت دیگر شعبوں میں ٹیکنالوجی کو فروغ دیا جارہا ہے، وفاقی وزیر کا خطاب

ریاض (این این آئی) وفاقی وزیر شزا فاطمہ نے کہا ہے کہ پاکستان ڈیجیٹل نیشن کے وژن پر عمل پیرا ہے، عصر حاضر میں ڈیجیٹل ٹیکنالوجی ناگزیر اہمیت اختیار کر چکی ہے۔ وفاقی وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ نے ریاض میں لیپ فائیو 2026 کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سلامتی سمیت دیگر شعبوں میں ٹیکنالوجی کو فروغ دیا جارہا ہے جبکہ آئی ٹی کے شعبے میں بڑے پیمانے پر اصلاحات بھی کی جارہی ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ایس آئی ایف سی کے تحت ٹیکنالوجی کے شعبے کی ترقی کے لیے دیرپا اقدامات کیے جارہے ہیں ٹیکنالوجی کے شعبے میں بیرونی کمپنیوں کو سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا جارہا ہے۔ شزہ فاطمہ کے مطابق پاکستان کے آئی ٹی کے شعبے میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں اور حکومت ڈیجیٹل گورننس پر بھی توجہ مرکوز کر رہی ہے۔ وفاقی وزیر آئی ٹی نے کہا کہ نوجوانوں کو آئی ٹی کے شعبے میں تربیت فراہم کی جارہی ہے تاکہ انہیں جدید ٹیکنالوجی کے میدان میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کیے جاسکیں۔

ہماری نوجوان آبادی پاکستان کا سب سے بڑا معاشی اثاثہ ہے

احسن اقبال

ترقی کی راہداری صنعتی اور زرعی پیداواری صلاحیت میں اضافہ کرکے برآمدات کو فروغ دے گی، وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ سی پیک کے دوسرے مرحلے کی معاشی صلاحیت سے بھرپور استفادے کے لیے نجی شعبے کو قائدانہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے سی پیک کے 2025، 2029 کے عملی منصوبے پر عمل درآمد کے ایک سال کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے تفصیلی اجلاس کی صدارت کی۔ یہ عملی منصوبہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے اگست 2025ء میں دورہ چین کے دوران طے پایا تھا۔ اجلاس میں عملی منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے طے شدہ ترجیحات پر عمل درآمد مزید تیز کرنے کے اقدامات پر غور کیا گیا۔ اجلاس کے دوران احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان اور چین کے تعلقات مشکل حالات میں ہمیشہ مزید مضبوط ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شدید توانائی بحران کے دوران چین نے پاکستان کو اہم سرمایہ کاری فراہم کی جو سی پیک کے پہلے مرحلے میں چین نے تقریباً 25 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی اور پاکستان کی بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت میں تقریباً

41

سابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر جان محمد جمالی کا رکن اسمبلی میر غلام دستگیر بادینی کے والد کی وفات پر تعزیت

اوستہ محمد (این این آئی) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر جان محمد خان جمالی نے رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی میر غلام دستگیر بادینی کے والد حاجی میر جمعہ خان بادینی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ میر جان محمد خان جمالی نے میر غلام دستگیر بادینی اور دیگر اہل خانہ سے دلی تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کے لیے دعائے مغفرت اور درجات کی بلندی کی دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ میر جمعہ خان بادینی ایک بزرگ، قبائلی اور سماجی شخصیت تھے، ان کی وفات اہل علاقہ اور لواحقین کے لیے بڑا صدمہ ہے۔

کوئٹہ، جماعت اسلامی کے صوبائی سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، عبدالعلیم رند، عارف دمڑ، عبدالولی شاکر اور دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

صحبت پور پولیس کی کارروائی، مطلوب ملزم گرفتار اور مغوی خاتون بازیاب

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے ایک مغوی خاتون کو بازیاب کرا لیا اور ملوث مبینہ ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس انسپکٹر، قائم مقام ایس ایچ او نے دیگر پولیس اہلکاروں کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ملزم ساجداد جلہرانی کو دبوچ لیا، جس کے قبضے سے مغویہ خاتون عابدہ کو بحفاظت بازیاب کرا لیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق گرفتار مبینہ ملزم مختلف مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھا۔ اس کامیاب کارروائی پر ایس پی صحبت پور اور مقامی شہریوں نے پولیس ٹیم کی کارکردگی کو سراہا ہے۔

کوئٹہ سے ملتان اور پشاور کیلئے فوری طور پر پروازیں شروع کرنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے' نشاط فاطمہ

مستقبل میں بلوچستان کے دیگر شہروں کو بھی فضائی نیٹ ورک میں شامل کیا جائے گا

کوئٹہ (اے این این) ساوتھ ایئر لائن کی چیف ایگزیکٹو آفیسر نشاط فاطمہ نے کہا ہے کہ ایئر لائن کمپنی کی جانب سے بلوچستان میں فلائٹ آپریشن شروع کرنے کا بنیادی مقصد صوبے میں سیاحت کو فروغ دینا اور بلوچستان کو ملک کے دیگر حصوں سے فضائی رابطوں کے ذریعے منسلک کرنا ہے۔ کوئٹہ سے ملتان اور پشاور کے لیے فوری طور پر پروازیں شروع کرنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے، جبکہ مستقبل میں بلوچستان کے دیگر شہروں کو بھی فضائی نیٹ ورک میں شامل کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران اور بزنس کمیونٹی کے نمائندوں سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ساوتھ ایئر لائن کے چیف کمرشل آفیسر سراج قاضی، ڈائریکٹر ایڈمن اینڈ سیکورٹی بریگیڈیئر عامر ابرار و دیگر بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ اس موقع پر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی، سینئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ اور دیگر عہدیداران و تاجر رہنما بھی موجود تھے۔ نشاط فاطمہ نے کہا کہ ساوتھ ایئر لائن بلوچستان میں فضائی رابطوں کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ کمپنی کا مقصد صرف فلائٹ آپریشن تک محدود نہیں بلکہ بلوچستان کے مختلف شہروں کو ملک کے دیگر علاقوں سے مسلسل منسلک رکھنا اور صوبے میں سیاحت و کاروباری سرگرمیوں کے فروغ میں اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کوئٹہ سے ملتان اور کوئٹہ سے پشاور کے لیے پروازیں شروع کرنے پر کام جاری ہے اور ان روٹس پر فوری طور پر فلائٹ آپریشن شروع کرنے کا منصوبہ ہے۔

کیسکو کی جانب سے بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق نیشنل گرڈ کمپنی (این جی سی) کی جانب سے 220kv سی۔ کوئٹہ ٹرانسمیشن لائن پر ضروری مرمتی کام کیے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 2 ستمبر اور 3 ستمبر کو (روزانہ) صبح 7 بجے سے شام 5 بجے تک مذکورہ ٹرانسمیشن لائن سے بجلی کی فراہمی متاثر ہوگی جس کے باعث تقریباً 220 میگاواٹ برقی قلت کو لوڈ مینجمنٹ کے ذریعے پورا کیا جائے گا۔ تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں لوڈ مینجمنٹ کے باعث بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

کوئٹہ روڈ پر آئے روز ڈکیتی کی وارداتوں کے باعث مسافر خود کو غیر محفوظ سمجھنے لگے ہیں، خیر جان پرکانی

ملزمان نے ہمارے ہوٹل سے 2026ء ماڈل کی ایک موٹر سائیکل اور چار بیج موبائل فونز بھی مبینہ طور پر چھین لیے

تمبو (اے این این) میر عمر خان پرکانی کے فرزند میر خیر جان پرکانی اور میر عبدالعزیز پرکانی سمیت دیگر نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ رات نصیرآباد کے علاقے ربی کینال، پولیس تھانہ نوتال کی حدود میں حاجی عمر خان پرکانی ہوٹل پر مبینہ طور پر ڈکیتی کی واردات پیش آئی، جہاں چھ مسلح افراد دو موٹر سائیکلوں پر سوار ہو کر پہنچے اور میرے ہوٹل سے مبینہ طور پر 4 لاکھ روپے نقد چھین لیے۔ میر عمر خان پرکانی کے فرزند میر خیر جان پرکانی اور میر عبدالعزیز پرکانی سمیت دیگر نے میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ملزمان نے ہمارے ہوٹل سے 2026ء ماڈل کی ایک موٹر سائیکل اور چار بیج موبائل فونز بھی مبینہ طور پر چھین لیے، جبکہ واردات کے وقت کوئٹہ جانے والی دو مسافر بسیں بھی ہوٹل پر موجود تھیں جنہیں بھی مبینہ طور پر لوٹ لیا گیا۔ مسافروں کے مطابق مسلح افراد نے دونوں بسوں میں موجود خواتین سے مبینہ طور پر زیورات، نقدی اور دیگر قیمتی سامان چھین لیا، جبکہ دونوں بسوں سے مجموعی طور پر تقریباً 50 سے 60 موبائل فونز بھی مبینہ طور پر لوٹ لیے گئے۔ میر خیر جان پرکانی کے مطابق واردات میں مجموعی طور پر چھ افراد شامل تھے، جو دو موٹر سائیکلوں پر سوار ہو کر آئے تھے، جبکہ بعض افراد کے پاس مبینہ طور پر اسلحہ بھی موجود تھا۔ واردات کے باعث علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا جبکہ مسافروں اور کاروباری افراد میں بھی تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ میر خیر جان پرکانی اور میر عبدالعزیز خان پرکانی نے بتایا کہ واقعے کے خلاف انہوں نے اپنی برادری سمیت احتجاج کی کال دی تھی، تاہم آج انہوں نے ایس ایس پی نصیرآباد اسد ناصر سے ملاقات کی۔

غلام اسحاق مستوئی کی سی اینڈ ڈبلیو نصیرآباد میں فرض شناسی اور خوش اخلاقی کیساتھ خدمات جاری

چھتر (یو این اے) غلام اسحاق مستوئی، محکمہ مواصلات و تعمیرات نصیرآباد میں ذمہ داریاں احسن انداز میں سرانجام دینے میں مصروف تفصیلات کے مطابق محکمہ مواصلات و تعمیرات نصیرآباد کے اکاؤنٹس کلرک غلام اسحاق مستوئی اپنے فرائض ذمہ داری اور خوش اسلوبی سے سرانجام دے رہے ہیں محکمہ کے دفتری و مالی امور کی انجام دہی میں اکاؤنٹس شعبہ اہم کردار ادا کرتا ہے، جس کے باعث اس شعبے سے وابستہ اہلکاروں پر اہم ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں غلام اسحاق مستوئی خوش اخلاق، خوش مزاج، ملنسار اور شائستہ طبیعت کے مالک ہیں ان کا دفتر میں آنے والے افراد اور ساتھی ملازمین کے ساتھ خوشگوار رویہ اور خندہ پیشانی ان کی شخصیت کا نمایاں وصف ہے محکمہ مواصلات و تعمیرات نصیرآباد ڈویژن میں سڑکوں، پلوں اور دیگر بنیادی ڈھانچے سے متعلق ترقیاتی امور میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

کوئٹہ، یوتھ فورم ملا ٹیم کے زیر اہتمام کشمیری رہنما سید علی شاہ گیلانی کی برسی کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے [illegible] خطاب کررہے ہیں

اسلام آباد ہائیکورٹ کا عمران خان اور بشریٰ بی بی کو قید تنہائی میں نہ رکھنے کا حکم

جسٹس خادم حسین سومرو نے مبینہ قید تنہائی میں رکھنے کیخلاف درخواستوں کا فیصلہ، ہدایات کیساتھ نمٹا دیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس خادم حسین سومرو نے عمران خان اور بشریٰ بی بی کو جیل میں مبینہ قید تنہائی میں رکھنے کیخلاف درخواستوں کا فیصلہ ہدایات کیساتھ نمٹا دیا۔ علیمہ خان نے بانی پی ٹی آئی جبکہ مبشرہ خاور مانیکا نے بشریٰ بی بی کی قید تنہائی کیخلاف عدالت سے رجوع کیا تھا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے میں جیل حکام کو بشریٰ بی بی سے بانی پی ٹی آئی کی ملاقات کرانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا گیا کہ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل یقینی بنائیں کہ عمران خان اور بشریٰ بی بی کو قید تنہائی میں نہ رکھا جائے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ جیل قوانین کے مطابق بانی پی ٹی آئی کی فیملی سے ملاقات کروائی جائے، اور عمران خان کی بیٹوں سے ٹیلی فونک گفتگو کروائی جائے۔ عدالت کے فیصلے میں عمران خان کو روزانہ کی بنیاد پر اخبارات اور کتابیں فراہم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا گیا کہ بانی پی ٹی آئی کی آڈیو ریکارڈ کرکے اس کا غلط استعمال ہو تو یہ سہولت واپس لے لی جائے، بانی پی ٹی آئی کو جیل رولز کے مطابق طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے نصرت بھٹو کیس،

43

یونیورسٹی آف گوادر میں بی ای ای ایف اسکالرشپ تقسیم کرنے کی تقریب، 120 مستحق طلبہ میں مالی معاونت کے چیکس تقسیم

گوادر (یو این اے) یونیورسٹی آف گوادر میں بلوچستان ایجوکیشنل انڈوومنٹ فنڈ (بی ای ای ایف) کی جانب سے اسکالرشپ چیکس تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں میرٹ کی بنیاد پر منتخب 120 باصلاحیت اور مستحق طلبہ میں مالی معاونت کے چیکس تقسیم کیے گئے۔ تقریب میں ڈائریکٹر دولت خان، رجسٹرار یونیورسٹی آف گوادر، ڈاکٹر رحیم بخش مہر، کنٹرولر امتحانات، عبید علی ڈائریکٹر فنانشل ایڈ اور ماجد قادر، ڈپٹی رجسٹرار نے شرکت کی۔ یونیورسٹی افسران نے مشترکہ طور پر 120 مستحق طلبہ میں بی ای ای ایف اسکالرشپ کے چیکس تقسیم کیے۔ یہ مالی معاونت طلبہ کو اپنی اعلیٰ تعلیم جاری رکھنے اور اسے مکمل کرنے میں مدد فراہم کرے گی۔

7 ستمبر کو قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دلانے کے تاریخ ساز دن کے طور پر منایا جائیگا، پیر محمد خالد سلطان قادری

کانفرنسیں اجتماعات اور ریلیاں منعقد ہوں گی تحریک ختم نبوت کے قائدین کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا جائے گا

سبی (اے این این) ممبر اسلامی نظریاتی کونسل و جماعت اہل سنت پاکستان مرکزی ناظم اعلیٰ الحاج صاحبزادہ پیر محمد خالد سلطان قادری نے کہا ہے کہ رسول اکرم ﷺ کا نبوت رسالت کے اختتام کی ایک واضح دلیل ہے کہ آپ ﷺ قیامت تک پوری انسانیت کے لئے راہ نجات اور رہبر بنا کر بھیجے گئے 7 ستمبر کو ملک بھر کے کونے کونے سمیت دنیا بھر میں یوم تحفظ ختم نبوت منایا جائے گا کانفرنسیں اجتماعات اور ریلیاں منعقد ہوں گی تحریک ختم نبوت کے قائدین کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر جماعت اہل سنت پاکستان کے مرکزی رہنما الحاج صاحبزادہ پیر محمد سکندر سلطان القادری صوبائی امیر جماعت الصالحین پاکستان انٹرنیشنل بلوچستان الحاج صاحبزادہ پیر سلطان محمد حیات قادری خلیفہ ذوالفقار علی سلطانی، خلیفہ نذیر احمد سلطانی، میڈیا سیل بلوچستان کے انچارج حاجی سعید الدین طارق، ریجنل یونین آف جرنلسٹس کے صوبائی صدر سید طاہر علی بھی موجود تھے، جماعت اہل سنت پاکستان مرکزی ناظم اعلیٰ الحاج صاحبزادہ پیر محمد خالد سلطان قادری نے کہا ہے کہ 7 ستمبر کو قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دلانے کے تاریخ ساز دن کے طور پر منایا جائے گا۔

صحبت پور میں غیر اعلانیہ طویل لوڈشیڈنگ اور ٹرپنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن کردی

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور ضلع بھر میں بجلی کی غیر اعلانیہ طویل لوڈشیڈنگ اور بار بار ٹرپنگ نے عوام کی چیخیں نکلوا دی ہیں۔ ضلعی ہیڈ کوارٹر سمیت فیڈر شاہی، فیڈر رحیم دین، فیڈر خیر پور، فیڈر انصار خان اور فیڈر جمالی پر بجلی کی مسلسل بندش سے نظام زندگی مفلوج ہو کر رہ گیا ہے۔ شدید گرمی اور حبس کے اس عالم میں بجلی نہ ہونے کے باعث بیمار، بچوں اور بزرگوں کو شدید اذیت کا سامنا ہے، جبکہ پانی اور گیس کی دستیابی بھی متاثر ہو چکی ہے۔ صورتحال اتنی ابتر ہے کہ ناشتہ تو دور کی بات، لوگ دن اور رات کے کھانے پکانے سے بھی محروم ہو رہے ہیں۔ اس صورتحال پر سیاسی و سماجی رہنماؤں نے نوابزادہ میر سرفراز بگٹی، چیف کیسکو اور دیگر اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔

ٹریڈ یونین نمائندوں کا تنویر نذیر سے والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت

آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے سیکرٹریٹ میں مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کا اہتمام کیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) آل پاکستان لیبر فیڈریشن اور پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن سے منسلک ٹریڈ یونین تنظیموں کے عہدیداروں نے انڈسٹریل آل گلوبل یونین کے پاکستان میں پراجیکٹ کوآرڈینیٹر تنویر نذیر کی والدہ محترمہ کے انتقال پر پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحومہ ایک نیک سیرت خاتون تھیں، اللہ تعالیٰ تنویر نذیر کی والدہ محترمہ کی مغفرت فرمائے اور مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے جبکہ مرحومہ کے لواحقین کو اس صدمے کو ایک کڑی آزمائش کے طور پر قبول کرکے اللہ کے فیصلے پر صبر و شکر کی توفیق عطا فرمائے۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹریٹ میں تنویر نذیر کی والدہ محترمہ کے انتقال پر ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل اور آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صدر سلطان محمد خان، سیکرٹری جنرل عبدالستار، ایجوکیشن سیکرٹری عبدالحلیم خان، آل پاکستان لیبر فیڈریشن بلوچستان کے چیئرمین شاہ علی بگٹی، سندھ کے چیئرمین منظور احمد، پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن پنجاب کے چیئرمین را سعید فلک، ممبر سینٹرل ایگزیکٹو باڈی ریس بلوچستان فرخندہ اورنگزیب، آل پاکستان نیوز پیپرز ایمپلائز کنفیڈریشن (ایپنک) پنجاب کے سابق چیئرمین محمد قیصر چوہان، آفتاب ٹریڈنگ سنز ورکرز یونین کے جنرل سیکرٹری چوہدری عبید اللہ گھر، پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے خیبر پختونخوا (شانگلہ) سے ممبر ایگزیکٹو کونسل علی باچا خان، نیاز جاموٹ نے انڈسٹریل آل گلوبل یونین کے پاکستان میں پراجیکٹ کوآرڈینیٹر تنویر نذیر سے ان کی والدہ محترمہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا۔

سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان ڈیپارٹمنٹل سب کمیٹی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بلوچستان کا مقبول روزنامہ
روزنامہ
DAILY SABA-Quetta
صباء
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC CERTIFIED
PHONE:0814170013
EMAIL: sabanewsqta@gmail.com

پبلشر بالاچ نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپواکر
دفتر روزنامہ صباء ارشد درانی بلڈنگ روم نمبر 3 علمدار روڈ سے شائع کیا

عالمی برادری فلسطینی عوام کے حقِ خودارادیت کا احترام کرے

عالمی منظرنامہ بڑھتی جغرافیائی کشیدگی سے دوچار ہے، اسلام آباد مفاہمتی یادداشت خطے میں کشیدگی کم کرنے کی جانب اہم قدم ہے، پاکستان ایس سی او کا فعال اور ذمے دار رکن ہے، جنوبی ایشیا پائیدار امن کے بغیر اپنی مکمل صلاحیت حاصل نہیں کرسکتا، غزہ اور مغربی کنارے میں انسانی المیہ ناقابل تصور مصائب کا باعث ہے، عالمی برادری فلسطینی عوام کے حق خودارادیت کا احترام کرے، عالمی معاہدوں پر ان کی روح اور الفاظ کے مطابق مکمل عمل ہونا ضروری ہے، پاکستان سماجی تحفظ کو مزید مضبوط بنانے اور ایس سی او خطے میں جامع اور پائیدار ترقی کے فروغ کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔ منگل کو یہاں شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان مملکت کی کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ بشکیک کے خوبصورت شہر میں شنگھائی تعاون تنظیم کے رہنماں کے تاریخی اجلاس میں شرکت ان کے لیے باعث اعزاز ہے اور پرخلوص میزبانی اور کانفرنس کے لیے شاندار انتظامات پر صدر صادر ژاپاروف اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہیں، جمہوریہ کرغزستان کو ایس سی او چیئرمین شپ کی مدت کی کامیابی سے تکمیل اور ایس سی او ممالک کے درمیان عملی تعاون کیلئے موثر کردار پر مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کرغزستان اور ازبکستان کی قیادت اور عوام کو ان کے یوم آزادی کی بھی دلی مبارک باد دی۔ انہوں نے کہا کہ شنگھائی تعاون تنظیم عالمی امن استحکام کے لیے اہم پلیٹ فارم ہے، شنگھائی سپرٹ کے تحت پاکستان کو شنگھائی تعاون تنظیم کا رکن ہونے پر فخر ہے، پاکستان ایس سی او کا فعال اور ذمہ دار رکن ہے، ایس سی او کے 25 سال مکمل ہونا اہم سنگ میل ہے، ایک ننھے پودے سے شروع ہونے والی ایس سی او آج ایک تناور درخت کی شکل اختیار کرچکی ہے، جو ہم سب کو سلامتی اور استحکام کا سایہ فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کا عالمی منظرنامہ بڑھتی ہوئی جغرافیائی و سیاسی کشیدگی، عالمی معیشت کے انتشار، موسمیاتی بحرانوں میں اضافے اور ٹیکنالوجی کی بے مثال تبدیلیوں سے دوچار ہے، ایسے پیچیدہ ماحول میں ایس سی او ان بڑے چیلنجز سے مل کر نمٹنے اور اپنے عوام کیلئے امن، سلامتی اور خوشحالی کو یقینی بنانے کے ہمارے اجتماعی عزم کی نمائندگی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ اور ایس سی او کے چارٹرز کے بنیادی اصولوں کو ہمیشہ برقرار رکھتا اور ان کا احترام کرتا ہے، ہم تنازعات کے پرامن حل کے لیے بین الاقوامی قانون کے مطابق، اقوام متحدہ اور ایس سی او چارٹر کی رہنما ہدایات پر سختی سے عمل پیرا رہنے کے لیے پرعزم ہیں جس کی بشکیک اعلامیے میں بھی توثیق کی گئی ہے۔۔

لاہور پولیس: کارکردگی کے چراغ اور سوالوں کے سائے

لاہور جیسے بڑے شہر میں پولیسنگ کبھی آسان کام نہیں رہی۔ بڑھتی ہوئی آبادی، جرائم کی بدلتی نوعیت، معاشرتی مسائل اور امن و امان کے مسلسل چیلنجز کے درمیان شہریوں کو تحفظ فراہم کرنا پولیس کے لیے ایک مسلسل امتحان ہے۔ ایسے میں اگر

یونس باٹھ

لاہور میں جرائم کی شرح میں کمی واقع ہوئی ہے تو اس کا کریڈٹ لاہور پولیس کو ضرور ملنا چاہیے۔ یہ ایک مثبت پیش رفت ہے جسے نظرانداز کرنا انصاف نہیں ہوگا۔ لیکن پولیسنگ صرف جرائم کی شرح کم کرنے کا نام نہیں، یہ شہری کے اعتماد کی حفاظت کا نام بھی ہے۔ ایک ایسا نظام جس میں شہری خود کو محفوظ محسوس کرے، پولیس کو اپنا محافظ سمجھے اور شکایت کی صورت میں اسے یقین ہو کہ اس کی بات سنی جائے گی۔ اسی تناظر میں ڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران کی جانب سے فیس بک پر کھلی کچہری کا آغاز ایک قابل ذکر قدم ہے۔ دس ہزار سے زائد شہریوں کا آن لائن اس کھلی کچہری سے جڑنا اس بات کا ثبوت ہے کہ عوام پولیس سے براہ راست رابطہ چاہتے ہیں۔ شہریوں کے مسائل سننا، متعلقہ افسران کو ہدایات دینا اور شکایات کے فالو اپ کا میکنزم بنانے کی بات کرنا پولیسنگ کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی اچھی کوشش ہے۔ لیکن اصل کامیابی فیس بک کھلی کچہری منعقد کرنے میں نہیں، اس میں آنے والی شکایات کے حل میں ہوگی۔ اگر ایک شہری اپنی شکایت لے کر پولیس کے اعلیٰ افسر تک پہنچتا ہے اور پھر اسے واقعی انصاف اور ریلیف ملتا ہے تو یہی اقدام پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کی مضبوط بنیاد بن سکتا ہے۔ یہاں لاہور پولیس کو یہ بھی یاد رکھنا ہوگا کہ حالیہ دنوں میں چند ایسے واقعات سامنے آئے جنہوں نے اسی اعتماد پر سوالات اٹھائے۔ غیر ملکی خواتین کے اغوا کا معاملہ ہو، اٹارنی جنرل کی رہائش گاہ پر پولیس کا غلطی سے چھاپہ ہو، غازی آباد تھانے میں ایک خاتون سے مبینہ زیادتی کا افسوسناک واقعہ ہو یا ٹاؤن شپ میں پولیس کی تحویل کے دوران دو خواتین کی موت —— یہ واقعات معمولی نوعیت کے نہیں تھے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ غازی آباد کے واقعے میں مبینہ زیادتی کے الزام میں اے ایس آئی کو گرفتار کیا گیا اور پورے تھانے کے عملے کو معطل کیا گیا۔ ٹاؤن شپ کے واقعہ میں پوسٹ مارٹم کے مطابق تشدد ثابت نہیں ہوا اور معاملے میں قانونی کارروائی بھی ہوئی۔ اٹارنی جنرل کی رہائش گاہ پر غلط ریڈ کے معاملے میں بھی پولیس نے اپنے اہلکاروں کے خلاف کارروائی کی۔ یہ اقدامات اس بات کی علامت ہیں کہ ادارہ اپنے اندر پیدا ہونے والی خرابیوں سے آنکھیں چرانے کے بجائے کارروائی کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ لیکن بہتر پولیسنگ کا اگلا مرحلہ صرف کارروائی نہیں بلکہ ایسے واقعات کی روک تھام ہے۔ ایک اور سوال بھی اب جواب طلب ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے کرپٹ اور بدعنوان پولیس افسران و اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی کے واضح احکامات سامنے آئے ہیں، جبکہ پولیس قیادت کی طرف سے بھی زیرو ٹالرنس کی پالیسی کا اعلان کیا گیا ہے۔ حالیہ رپورٹنگ کے مطابق ایسے افسران کی چھان بین کے لیے ریکارڈ، خفیہ رپورٹس اور دیگر معلومات بھی اکٹھی کی جارہی ہیں۔

امریکہ، کینیڈا ٹیرف کی جنگ

قارئین، میں ان دنوں کینیڈا میں ہوں اور گریٹر ٹورنٹو کے ایک شہر آشوا میں اپنے بھتیجے احمد رضا گورائیہ کے گھر بیٹھ کر امریکہ اور کینیڈا کے درمیان جاری تجارتی کشیدگی کا جائزہ لینا خاصا دلچسپ ہے، آپ ان دنوں جہاں جائیں یہی بحث دکھائی دیتی ہے کہ اس ٹیرف سے کینیڈا یا امریکہ میں سے کس کا زیادہ نقصان ہوگا، چوہدری منیر رنگا ہمارے بھائیوں جیسے دوست ہیں گزشتہ دنوں ان

محسن گورایہ

کے بڑے بھائی چوہدری سلیم کا بفلو امریکہ میں انتقال ہوگیا تھا جن کے ایصال ثواب کے لئے ہفتہ کے روز منیر صاحب کے گھر مارکھم میں دوست احباب اکٹھے ہوئے تو وہاں بھی دعا کے بعد یہی بحث جاری تھی، فاروق ارشد چوہدری، عرفان بھنگو، میجر عابد، ڈاکٹر طارق، عامر منیر، قاسم علی کے علاوہ سکھ برادری سے تعلق رکھنے والے منوہن دوگل، بلوندر سنگھ، رنجیو جھنگرا اور پال سنگھ نے اپنے اپنے خیالات کے مطابق امریکی صدر ٹرمپ کے اقدامات پر سخت تنقید کرتے ہوئے کینیڈین وزیراعظم مارک کارنی کو ڈٹے رہنے کا مشورہ دیا، مجھے لگا کہ کینیڈا کے لوگوں کی اکثریت اپنے وزیراعظم کے ساتھ کھڑی ہے، دونوں ملک جغرافیائی طور پر ایک دوسرے کے سب سے قریبی پڑوسی ہیں لیکن اس وقت ان کے درمیان سب سے زیادہ زیر بحث چیز سرحد نہیں بلکہ ٹیرف ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے کینیڈین مصنوعات پر بھاری محصولات عائد کیے جانے کے جواب میں وزیراعظم مارک کارنی نے بھی "ترکی بہ ترکی" جواب دینے کا فیصلہ کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ امریکہ کی جانب سے تقریباً 27.6 ارب کینیڈین ڈالر مالیت کی کینیڈین مصنوعات پر عائد نئے ٹیرف کے جواب میں امریکی مصنوعات پر بھی نئے جوابی ٹیرف عائد کیے جائیں گے، جو 8 ستمبر 2026ء سے نافذ ہوں گے۔ امریکہ اور کینیڈا دنیا کے ان ممالک میں شامل ہیں جن کی معیشت ایک دوسرے سے غیر معمولی حد تک جڑی ہوئی ہے، دونوں ملکوں کے درمیان ہر روز اربوں ڈالر کی اشیا، خام مال، توانائی، صنعتی پرزہ جات اور تیار مصنوعات سرحد پار کرتی ہیں، آٹو موبائل، اسٹیل، ایلومینیم، توانائی، زراعت اور خوراک سمیت کئی شعبوں میں ایک ملک کی صنعت دوسرے ملک کی سپلائی چین کا حصہ ہے، ایسے میں ایک دوسرے پر ٹیرف لگانا بظاہر مخالف ملک کو سزا دینے کا اقدام ہے مگر اس کا کچھ نقصان اپنے ملک کے کاروبار اور صارفین کو بھی برداشت کرنا پڑتا ہے۔ وزیراعظم مارک کارنی نے اس معاملے میں ایک نسبتاً واضح موقف اختیار کیا ہے کہ کینیڈا امریکہ کے ساتھ معاہدہ ضرور چاہتا ہے لیکن کسی قیمت پر نہیں، کارنی کے مطابق امریکہ کے ساتھ مذاکرات میں پیش رفت ہوئی تھی، لیکن بعض امریکی مطالبات ایسے تھے، جنہیں کینیڈا اپنے قومی مفاد کے خلاف سمجھتا ہے، یہی وجہ ہے کہ اوٹاوا نے مذاکرات کو ایک طرف رکھتے ہوئے امریکی اقدامات کا جواب دینے کا فیصلہ کیا۔ یہاں کارنی کی حکمت عملی کو سمجھنا ضروری ہے، وہ صرف امریکہ کو جواب دینے کی کوشش نہیں کررہے بلکہ کینیڈا کو یہ پیغام بھی دے رہے ہیں کہ ملک کی معیشت کا مستقبل صرف امریکی منڈی سے وابستہ نہیں ہونا چاہئے، کینیڈا کی جانب سے اعلان کردہ جوابی اقدامات میں مختلف امریکی مصنوعات شامل ہیں، بعض اشیا پر 15 فیصد، بعض پر 25 فیصد جبکہ کچھ مصنوعات پر 50 فیصد تک ٹیرف عائد کیا جائے گا، اس فہرست میں اسٹیل، ایلومینیم، گھریلو آلات، زرعی مصنوعات، کاغذ، الیکٹرانکس، فرنیچر اور دیگر اشیا شامل ہیں، لیکن سوال یہ ہے کہ اس جنگ کا اصل نقصان کس کو ہوگا؟ عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ اگر حکومت کسی غیر ملکی مصنوعات پر 50 فیصد ٹیرف لگا دے تو اس کا 50 فیصد نقصان دوسرے ملک کو ہوگا، حقیقت اس سے مختلف ہے، ٹیرف عام طور پر درآمد کنندہ ادا کرتا ہے اور درآمد کنندہ اس اضافی لاگت کو اکثر قیمت میں شامل کردیتا ہے، یوں آخرکار بوجھ صارف تک پہنچ سکتا ہے۔ اگر امریکہ کینیڈین اسٹیل پر بھاری ٹیرف عائد کرتا ہے تو امریکی صنعتوں کے لئے اسٹیل مہنگا ہوسکتا ہے، اسی طرح اگر کینیڈا امریکی گھریلو مصنوعات یا الیکٹرانکس پر ٹیرف لگاتا ہے تو کینیڈین صارف کو ان مصنوعات کے لئے زیادہ قیمت ادا کرنا پڑ سکتی ہے، یعنی ٹیرف جنگ میں دونوں حکومتیں ایک دوسرے کو نشانہ بناتی ہیں، لیکن گولی کا کچھ اثر اپنے گھر میں بھی ہوتا ہے، عام کینیڈین شہری پر اثر دیکھا جائے تو کینیڈا میں پہلے ہی مہنگائی اور زندگی گزارنے کے اخراجات ایک بڑا مسئلہ ہیں، گھر، کرایہ، خوراک، گاڑی، انشورنس اور دیگر ضروریات عام خاندان کے بجٹ پر دباؤ ڈال رہی ہیں، ایسے میں اگر امریکی مصنوعات مہنگی ہوتی ہیں تو صارف کے پاس دو راستے ہوں گے، زیادہ قیمت ادا کرے یا کینیڈین اور دوسرے ملکوں کی مصنوعات کا متبادل تلاش کرے، یہاں موجودہ بحران کینیڈا کے لئے خطرہ بھی ہے اور موقع بھی، خطرہ اس لئے کہ مہنگائی میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے، موقع اس لئے کہ کینیڈین صنعت کو مقامی مارکیٹ میں اپنی جگہ مضبوط کرنے کا موقع مل سکتا ہے، لیکن اس کے لئے صرف "کینیڈین اشیا خریدیں" کا نعرہ کافی نہیں ہوگا، کینیڈین مصنوعات کو معیار، قیمت اور دستیابی کے لحاظ سے بھی مقابلہ کرنا ہوگا۔ دوسری طرف کینیڈا کی تجارت طویل عرصے سے امریکی مارکیٹ پر بہت زیادہ منحصر رہی ہے، کارنی حکومت اب اسی انحصار کو کم کرنے کی بات کررہی ہے، یورپ، ایشیا، بھارت، مشرق وسطیٰ اور بحرالکاہل کے ممالک کے ساتھ تجارت بڑھانا کینیڈا کے لئے ایک طویل المدتی حکمت عملی ہو سکتی ہے جو آسان کام نہیں، امریکہ کینیڈا کے لئے صرف ایک مارکیٹ نہیں، بلکہ سب سے قریب، سب سے بڑی اور سب سے زیادہ مربوط مارکیٹ ہے، اس لئے اسے مکمل طور پر تبدیل کرنا ممکن نہیں لیکن انحصار کم کرنا ضرور ممکن ہے۔ اس تجارتی جنگ کو صرف کینیڈا کا مسئلہ سمجھنا بھی درست نہیں، کینیڈا اور امریکہ کی صنعتیں اس قدر ایک دوسرے سے جڑی ہوئی ہیں کہ ایک ملک کی پالیسی دوسرے ملک کے کاروبار کو بھی متاثر کرتی ہے، خصوصاً آٹو موبائل صنعت اس کی بڑی مثال ہے، ایک گاڑی کے مختلف پرزے کئی مرتبہ امریکہ اور کینیڈا کی سرحد عبور کرکے آخرکار تیار گاڑی کا حصہ بنتے ہیں۔

غربت تو ہم نے دیکھی ہے۔۔۔

آج کل ہر انسان کی زبان سے یہی الفاظ نکل رہے ہیں کہ غربت نے انسانوں کو زندہ درگور کردیا ہے۔ اس میں واقعی کوئی شک نہیں لیکن آج کل شاید ہی کوئی ایسا شخص ہوگا، جس کے پاس ہزاروں روپے مالیت کا موبائل نہ ہو۔ ہمارے گھروں سے کوڑا اٹھانے والوں نے مجھے اس وقت حیران کردیا جب جیب سے موبائل نکال کر اچانک انہوں نے کسی سے بات

اسلم لودھی

شروع کردی۔ میں جس دکان سے سبزی لینے گیا وہ بھی فارغ اوقات میں ایک قیمتی موبائل پر گیمز کھیل رہا تھا، میری آمد پر اس نے موبائل ایک جانب رکھا اور مجھے سبزی دے کر پھر سے موبائل تھام لیا، میں قصائی کے پاس گوشت لینے پہنچا تو گاہک نہ ہونے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اس کی نگاہیں بھی موبائل کی سکرین پر جمی ہوئی تھی۔ موٹرسائیکل کو پنکچر لگانے والے کو دیکھا تو وہ خود موبائل پر چیٹنگ کررہا تھا اور ایک نوعمر لڑکا اس کی جگہ پنکچر لگا رہا تھا۔ میں نے ان سے پوچھا آج کل حالات کیسے جارہے ہیں، اس نے جھٹ سے کہا سر جی۔ غربت اور بے وسائلی بڑھتی جارہی ہیں، بچوں کی فیسیں ادا کرکے بازار سے آٹا، چینی، گھی، چاول اور سبزی لانے جاتا ہوں۔ تو کھانے پینے کی اشیاء خریدنے سے ہی جیب خالی ہوجاتی ہے، اس پر ظلم یہ کہ مہینے کے آخر میں بجلی اور گیس کا قیامت خیز بل بھی آجاتا ہے۔ بجلی والوں کو خدا سمجھے وہ جب چاہتے ہیں، سارا سارا دن بجلی بند رکھتے ہیں ان کو پوچھنے والا کوئی نہیں ہے۔ میں نے پوچھا آج کل پنکچر لگانے کے کتنے پیسے لے رہے ہیں آپ، اس نے کہا جناب 100 روپے فی پنکچر لیتا ہوں اور دن میں پچیس تیس پنکچر لگ ہی جاتے ہیں، یہ سن کر میں نے کہا آپ ایک دن میں تین سے چار ہزار روپے آسانی سے کما بھی لیتے ہیں اور پھر غربت کا شکوہ کررہے ہیں۔ میں نے کہا جناب غربت یہ نہیں ہے بلکہ اصلی غربت تو ہم نے دیکھی ہے۔ وہ وقت کیسا تھا جب پورا پورا مہینہ ہماری جیب خالی ہوا کرتی تھی۔ میرے والد کی تنخواہ بمشکل 80 روپے ماہانہ تھی، جس میں گزارہ بہت مشکل سے ہوتا تھا۔ اس وقت ہمارا خاندان لاہور سے 90 کلومیٹر دور حبیب آباد میں قیام پذیر تھا۔ بجلی کا دور دور تک نام و نشان نہ تھا، سخت ترین گرمی میں بھی ہاتھ والے پنکھوں ہی سے تھوڑی بہت ہوا لے لی جاتی تھی۔ ہماری رہائش ایک ہی کمرے پر مشتمل تھی جس میں والدین کے علاوہ ہم پانچ بھائی بھی رہتے تھے۔ گرمیوں کے موسم میں چھت پر بھاری کپڑا باندھ کر اس کی رسی میری والدہ اپنے پاؤں کے انگوٹھے سے باندھ لیا کرتی تھی، حالانکہ والدہ گہری نیند سو رہی ہوتیں لیکن قدرتی طور پر ان کا پاؤں حرکت کرتا رہتا اور کپڑا ہلنے سے جو ہوا پیدا ہوتی، وہی ہمارے لئے ایئر کنڈیشنر کا کام دیتی۔ آج کل ہر گھر میں تین ٹائم کھانا کھایا اور پکایا بھی جاتا ہے، لیکن پرانے وقتوں میں صرف شام کو ہی کھانا پکتا تھا اور صبح باسی روٹیوں کو ہم کیک سمجھ کر کھا لیا کرتے تھے، دوپہر کو کچھ مل جاتا تو کھا لیتے نہ ملتا تو صبر کر لیتے، حالانکہ بڑا گوشت دو روپے کلو تھا پھر بھی ہفتے میں ایک بار صرف جمعرات کو ایک پاؤ گوشت خرید کر شوربہ بنا لیا جاتا، بوٹیاں والد صاحب اور بڑے بھائی کے حصے میں آتیں اور شوربہ ہمارا مقدر بنتا۔ پھل تو کبھی خواب میں بھی ہم نے خرید کر نہیں کھایا تھا۔ ہمارے سکول کے ساتھ ایک وسیع و عریض باغ تھا جس میں ہم بھائی چوری چھپے پہنچ کر درخت پر چڑھ کر ریڈ بلڈ مالٹے، جامن اور شہتوت کھا لیا کرتے تھے، جیسے ہی مالی کی نظر ہم پر پڑتی تو وہ لاٹھی پکڑے ہمارے پیچھے دوڑتا، ہم اتنا تیزی سے دوڑتے کہ اس کے ہاتھ کبھی نہ آتے۔ میرے والد کی ڈیوٹی (بطور کیبن مین) جب رات بارہ سے صبح آٹھ بجے تک ہوا کرتی تھی تو والد صاحب رات بارہ بجے مجھے گہری نیند سے جگا کر سخت سردی میں بھی کیبن پر لے جایا کرتے تھے۔ اس کیبن کے قریب ہی ایک ریلوے پھاٹک تھا جس کے مغرب میں کھیت کھلیان ہی ہوا کرتے تھے اور مشرق میں شہر واقع تھا۔ اس پھاٹک کی چابی کیبن مین پاس ہوا کرتی تھی۔ صبح ہوتے ہی تربوزوں، طروں، خربوزوں اور سبزیوں سے بھری ہوئی بیل گاڑیاں قطار در قطار پھاٹک کھلنے کے انتظار میں کھڑی ہوتیں۔ والد صاحب گیٹ کی چابی مجھے دے کر پھاٹک کھولنے کے لیے بھیجتے تو میں چابی لگا کر گیٹ کھول دیتا۔ بیل گاڑیوں والے تحفے کے طور پر مجھے تربوز، خربوزے، کھیرے، طریں وغیرہ دے دیتے۔ بس وہی مفت میں ملنے والا پھل ہمارا مقدر بنتا۔ آجکل ہم جس کو غربت بولتے ہیں وہ درحقیقت لمبی چوڑی خواہشات کا پورا نہ ہونا ہے۔

سہیل سمیر نے وائرل غیر اخلاقی ویڈیو پر مداحوں سے معذرت کرلی

کلپ ایک فلم کا حصہ 10 سال پرانا ہے، اپنی غلطی پر دل سے شرمندہ اور افسردہ ہوں، اداکار

لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکار سہیل سمیر نے سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والے ایک غیر اخلاقی ویڈیو کلپ پر مداحوں اور صارفین سے معذرت کرلی۔ چند روز قبل سہیل سمیر کا ایک ویڈیو کلپ سوشل میڈیا پر گردش کرنے لگا تھا جس میں ان کے ہمراہ ایک خاتون اداکارہ بھی موجود تھیں۔ بتایا گیا کہ یہ کلپ ایک فلم کا حصہ تھا تاہم اس کے مناظر پر سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے شدید ردعمل سامنے آیا۔ ویڈیو کے دوبارہ وائرل ہونے کے بعد سہیل سمیر نے خود سوشل میڈیا پر وضاحت دیتے ہوئے مداحوں سے معافی مانگی۔ اداکار نے بتایا کہ یہ کلپ تقریباً 10 سال پرانا ہے۔ اپنے پیغام میں سہیل سمیر نے کہا کہ وہ ان تمام افراد سے دل کی گہرائیوں سے معذرت خواہ ہیں جنہیں اس وائرل کلپ کی وجہ سے دکھ، تکلیف یا مایوسی ہوئی۔ اداکار نے کہا کہ اس وقت شاید انہیں اندازہ نہیں تھا کہ ماضی کی کوئی حرکت مستقبل میں اس طرح دوبارہ سامنے آسکتی ہے، تاہم آج جب یہ کلپ دوبارہ وائرل ہوا تو انہیں احساس ہوا کہ ان کے گھر میں بھی ماں، بہنیں اور بیٹیاں ہیں، اگر ان کے اپنے خاندان کے کسی فرد سے متعلق ایسا مواد سامنے آئے تو انہیں بھی یقیناً تکلیف ہوگی۔ انہوں نے اپنی غلطی تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ انہیں اس وقت ایسا مواد نہیں کرنا چاہیے تھا، حالات جیسے بھی رہے ہوں، عزت بنانے میں سالوں لگ جاتے ہیں لیکن اسے ختم ہونے میں صرف ایک لمحہ لگ سکتا ہے۔ سہیل سمیر نے اپنے پیغام کے اختتام پر کہا کہ وہ اپنی غلطی پر دل سے شرمندہ اور افسردہ ہیں اور سب سے درخواست کرتے ہیں کہ انہیں معاف کردیں۔

سویرا ندیم کے شوہر کون ہیں؟ اداکارہ نے بتادیا

شوہر کا تعلق شوبز انڈسٹری سے نہیں بلکہ ٹیکنالوجی کے شعبے سے ہے اور وہ سافٹ ویئر پروفیشنل ہیں، شو میں گفتگو

کراچی (آن لائن) پاکستانی اداکارہ سویرا ندیم نے اپنی شادی اور شوہر سے ملاقات کی دلچسپ کہانی مداحوں کے ساتھ شیئر کردی۔ سویرا ندیم حال ہی میں مارننگ شو میں شریک ہوئیں، جہاں انہوں نے اپنی نجی زندگی اور شادی کے بارے میں کھل کر گفتگو کی۔ اداکارہ نے بتایا کہ انہوں نے جان بوجھ کر اپنی شادی اور خاندان سے متعلق تصاویر یا تفصیلات سوشل میڈیا پر شیئر نہیں کیں۔ سویرا ندیم کے مطابق ان کی شادی پسند کی تھی تاہم ان کی ملاقات ایک مشترکہ دوست کے ذریعے ہوئی تھی۔ دوست کا خیال تھا کہ دونوں ایک دوسرے کے ساتھ اچھے انداز میں نبھا سکتے ہیں اور ملاقات کے بعد دونوں میں اچھی ہم آہنگی پیدا ہو گئی۔ اداکارہ نے بتایا کہ ان کے شوہر کا تعلق شوبز انڈسٹری سے نہیں بلکہ ٹیکنالوجی کے شعبے سے ہے اور وہ سافٹ ویئر پروفیشنل ہیں۔ انہوں نے دلچسپ انداز میں بتایا کہ شادی سے قبل ان کے شوہر نے کبھی ان کی اداکاری نہیں دیکھی تھی، بعد میں انہوں نے خود انہیں اپنی پرانی ڈرامہ ریکارڈنگز اور ڈی وی ڈیز دکھائیں۔ سویرا ندیم کا کہنا تھا کہ ان کے شوہر ایک معاون شریک حیات اور بچوں کے معاملے میں ذمہ دار والد ہیں۔ دونوں بچوں کی پرورش اور روزمرہ معمولات کے حوالے سے ایک جیسی سوچ رکھتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان کے گھر میں ایک باقاعدہ روٹین پر عمل کیا جاتا ہے اور بچوں کو بھی اسی معمول کا عادی بنایا گیا ہے، کیونکہ ان کے مطابق باقاعدہ روٹین بچوں کو تحفظ اور استحکام کا احساس دیتی ہے۔

والدہ کی موت کا صدمہ قبول کرنے میں 4 دن لگے، اداکارہ و ماڈل جیا علی

میری والدہ کی شادی صرف 16 برس کی عمر میں ہوئی تھی اور وہ پانچ بچوں کی ماں تھیں

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ و ماڈل جیا علی نے اپنی والدہ کے انتقال اور اس کے بعد پیش آنے والی ذہنی کیفیت کے حوالے سے اہم انکشافات کیے ہیں۔ ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے جیا علی اپنی والدہ کا ذکر کرتے ہوئے جذباتی ہوگئیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان کی والدہ کی شادی صرف 16 برس کی عمر میں ہوئی تھی اور وہ پانچ بچوں کی ماں تھیں۔ اداکارہ کے مطابق ان کی والدہ نے خاندان کی کفالت اور بچوں کی پرورش کے لیے طویل عرصے تک کام کیا، جس کے باعث وہ اپنی صحت پر خاطر خواہ توجہ نہ دے سکیں۔ جیا علی نے بتایا کہ والدہ زندگی کے آخری برسوں میں شدید علیل رہیں اور ایک موقع پر کوما میں بھی چلی گئی تھیں۔ والدہ کی بیماری اور آخری ایام کو اپنی آنکھوں کے سامنے دیکھنا ان کے لیے انتہائی تکلیف دہ تجربہ تھا۔ آبدیدہ ہوتے ہوئے اداکارہ نے کہا کہ انہیں آج بھی اس بات کا افسوس ہے کہ وہ اپنی والدہ سے کبھی کھل کر محبت کا اظہار نہیں کرسکیں، حالانکہ ان کی والدہ نے بچوں اور خاندان کے لیے بے شمار قربانیاں دیں۔ جیا علی کے مطابق انہیں والدہ کے انتقال کی خبر اسلام آباد میں ملی تاہم وہ فوری طور پر اس حقیقت کو قبول نہ کرسکیں اور ایک عجیب ذہنی کیفیت میں چلی گئیں۔ انہوں نے بتایا کہ وہ والدہ کی تدفین کے لیے لاہور نہ جاسکیں اور کام کے سلسلے میں کراچی چلی گئیں، اس دوران اہل خانہ ان سے رابطہ نہ کرسکے، جس کے باعث والدہ کی تدفین دو روز بعد کردی گئی۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ اس دوران نہ وہ رو سکیں اور نہ ہی مناسب ردعمل دے سکیں، جبکہ انہیں یہ حقیقت تسلیم کرنے میں تقریباً چار دن لگے کہ ان کی والدہ اب اس دنیا میں نہیں رہیں۔ جیا علی نے کہا کہ والدہ کے انتقال کے بعد کا دور ان کی زندگی کے مشکل ترین ادوار میں سے ایک تھا، انہوں نے انکشاف کیا کہ اس صدمے کے بعد انہیں ایلوپیشیا، یعنی بال جھڑنے کی بیماری، اور ڈپریشن کا بھی سامنا کرنا پڑا۔

کرینہ کپور نے بیٹوں کیلئے پرورش کا اہم اصول بتادیا

بچوں کو اپنے جذبات کا کھل کر اظہار کرنے کی ترغیب دینی چاہیے، اداکارہ

ممبئی (آن لائن) بالی ووڈ اداکارہ کرینہ کپور خان نے اپنے بیٹوں تیمور اور جے کی پرورش کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ بچوں کو اپنے جذبات کا کھل کر اظہار کرنے کی ترغیب دیتی ہیں۔ ممبئی میں فلم 'دائرہ' کے ٹریلر لانچ کی تقریب کے دوران کرینہ کپور سے بچوں کے خلاف تشدد اور ان کی حفاظت سے متعلق سوال کیا گیا۔ اداکارہ نے کہا کہ بچوں کی حفاظت صرف ماؤں کی ذمہ داری نہیں بلکہ لڑکوں اور مردوں کو بھی اس حوالے سے اپنی ذمہ داری سمجھنی چاہیے۔ کرینہ کا کہنا تھا کہ ایک ماں کی حیثیت سے انہیں اپنے بچوں کی فکر رہتی ہے کیونکہ ہر ماں چاہتی ہے کہ اس کے بچے محفوظ رہیں، تاہم وہ اپنے بیٹوں کو یہ بھی سکھانا چاہتی ہیں کہ انہیں خود بھی ذمہ دارانہ رویہ اپنانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں اکثر یہ سمجھا جاتا ہے کہ صرف لڑکیاں جذباتی اور حساس ہوتی ہیں، حالانکہ لڑکے اور مرد بھی جذبات رکھتے ہیں اور انہیں اپنے احساسات کا اظہار کرنے کی آزادی ہونی چاہیے۔ کرینہ نے بتایا کہ وہ اپنے بیٹے سے کہتی ہیں کہ اگر اسے رونا آتا ہے تو وہ ضرور روئے۔ ان کے مطابق بچوں کیلئے اپنے جذبات کو محسوس کرنا اور یہ سمجھنا ضروری ہے کہ وہ اندر سے کیا محسوس کر رہے ہیں۔ اداکارہ نے مزید کہا کہ وہ دعا کرتی ہیں کہ مرد زیادہ مہربان اور حساس ہوں۔ ان کے مطابق آج بہت سے لڑکے اور مرد اپنے جذبات کا اظہار کرنے، حساس ہونے اور اپنی ماں یا کسی لڑکی کے سامنے رونے سے نہیں گھبراتے، جو ایک مثبت تبدیلی ہے۔ فلم 'دائرہ' کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کرینہ نے بتایا کہ فلم کے بعض مناظر نے انہیں بھی جذباتی کردیا۔ ایک منظر خاص طور پر اس سوچ کو چیلنج کرتا ہے کہ کسی غلط واقعے کی ذمہ داری ہمیشہ لڑکی پر ہی عائد ہوتی ہے۔

69 سالہ ڈمپل کپاڈیا کے گھنے اور چمکدار بالوں کا راز سامنے آگیا

یہ وہ ورثہ ہے جو میں اپنے پوتے پوتیوں اور نواسے نواسیوں کو دوں گی، بھارتی اداکارہ

ممبئی (این این آئی) بھارتی فلموں کی اداکارہ ڈمپل کپاڈیا 69 سال کی عمر میں بھی اپنی خوبصورت اور گھنی زلفوں کی وجہ سے توجہ حاصل کرتی رہتی ہیں۔ حال ہی میں فلم 'دل چاہتا ہے' کی 25 ویں سالگرہ کے موقع پر ہونے والی ایک تقریب میں بھی ان کے بال نمایاں نظر آئے، جس کے بعد ان کے ہیئر کیئر روٹین کے بارے میں ایک بار پھر بات ہونے لگی۔ اس موقع پر ڈمپل کپاڈیا نے بتایا کہ وہ اپنے بالوں کی دیکھ بھال کے لیے کون سا گھریلو طریقہ استعمال کرتی ہیں۔ اداکارہ کے مطابق بالوں میں تیل لگانا ان کی خوبصورتی اور بالوں کی دیکھ بھال کا ایک اہم حصہ رہا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے اپنے بالوں کے نسخے کے بارے میں بات کرتے ہوئے بتایا کہ وہ رات بھر بالوں میں تیل لگا کر رکھتی ہیں اور پھر صبح کو ایک خاص گھریلو ماسک سے سر کی مالش کرتی ہیں۔ ڈمپل کپاڈیا نے کہا، میں رات بھر اپنے بالوں میں تیل لگاتی ہوں، پھر سر کی مالش کے ساتھ گھر میں بنایا ہوا ہیئر پیک لگاتی ہوں۔ اس میں پانچ انڈوں کی سفیدی اور ایک پورا انڈہ اور کیلا شامل ہوتا ہے۔ میں اس پیسٹ کو سر میں 10 سے 30 منٹ تک لگا رہنے دیتی ہوں اور پھر نیم گرم پانی سے بال دھولیتی ہوں۔ اداکارہ نے اپنے خفیہ ہیئر آئل کے بارے میں بھی بتایا۔ ان کے مطابق اس تیل میں بادام اور صندل کا تیل بنیادی اجزا کے طور پر شامل ہوتے ہیں، جبکہ اس میں جیرانیم، روزمیری اور لیونڈر کے ضروری تیل بھی شامل کیے جاتے ہیں۔ ڈمپل کپاڈیا نے دلچسپ انداز میں کہا، یہ وہ ورثہ ہے جو میں اپنے پوتے پوتیوں اور نواسے نواسیوں کو دوں گی، اپنے بالوں میں تیل لگائیں اور انہیں ڈائی کرنے سے بچیں۔ ڈمپل کپاڈیا نے اپنی خوراک کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ بچپن میں وہ بہت زیادہ مچھلی کھایا کرتی تھیں۔ ان کا کہنا تھا کہ چونکہ وہ ساحلی علاقے میں رہتی تھیں، اس لیے مچھلی ان کی خوراک کا اہم حصہ تھی اور انہیں محسوس ہوتا ہے کہ اس کا ان کے بالوں پر بھی اچھا اثر پڑا۔ اداکارہ نے مشورہ دیتے ہوئے کہا، اپنی خوراک میں بہت زیادہ پروٹین شامل کریں۔

پاکستان میں 80 فیصد خواتین ازدواجی زندگی میں گھریلو تشدد کا شکار ہیں، اداکارہ فریال گوہر

چمڑے کی بیلٹوں اور تھپڑوں سے مارا جاتا تھا، کئی بار حمل ضائع ہوا، سینئر ٹیلی ویژن اداکارہ کا دردناک انکشاف

کراچی (این این آئی) پاکستان کی جانی مانی اور سینئر ٹیلی ویژن اداکارہ فریال گوہر نے معروف اداکار جمال شاہ کے ساتھ اپنی پہلی شادی کے حوالے سے انتہائی دردناک انکشافات کیے ہیں۔ دونوں کی یہ شادی 9 سال تک رہی تھی جو بعد میں ختم ہوگئی تھی۔ حال ہی میں ایک مارننگ شو میں شرکت کے دوران فریال گوہر نے اپنی زندگی کے اس تاریک اور مشکل دور پر کھل کر بات کی اور ازدواجی زندگی میں تشدد اور معاشرتی دباؤ جیسے اہم مسائل کو اجاگر کیا۔ فریال گوہر نے بتایا کہ جب ان کی شادی ہوئی تو ان کی عمر صرف 23 سال تھی اور یہ ان کی اپنی پسند کی شادی تھی۔ ان کے خاندان کو اس رشتے پر اس لیے اعتراض نہیں تھا کیونکہ ان کے شوہر کا تعلق ایک سید گھرانے سے تھا۔ تاہم، بعد میں حالات اس نہج پر پہنچ گئے کہ ان کے گھر والوں کو یہ کہنا پڑا کہ کیا واقعی ان کا تعلق کسی سید گھرانے سے ہے، کیونکہ وہ فریال پر ہاتھ اٹھاتے تھے۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ انہوں نے یہ سب اس لیے برداشت کیا کیونکہ یہ ان کی محبت کی شادی تھی اور واقعی محبت اندھی ہوتی ہے۔ اداکارہ نے انکشاف کیا کہ شادی کے بعد ان پر جو ظلم ڈھائے گئے، انہیں لفظوں میں بیان کرنا انتہائی مشکل ہے۔ انہوں نے بتایا کہ، مجھے چمڑے کے بیلٹوں سے مارا جاتا تھا اور تشدد کی شدت اتنی زیادہ تھی کہ ان کے کئی بار حمل ضائع ہوئے۔ مار پیٹ کی وجہ سے میرے گردوں میں شدید درد رہتا تھا اور اس کے باعث آپریشنز بھی ہوئے۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ بعض اوقات چہرے پر نیل پڑ جانے کی وجہ سے اور شدید زخموں اور چوٹوں کی وجہ سے وہ اپنی کلاسز تک چھوڑ دیتی تھیں اور انہیں اپنے جسم کے نشانات چھپانے پڑتے تھے۔ فریال گوہر کے مطابق، ان کے لیے سب سے زیادہ تکلیف دہ بات صرف جسمانی تشدد نہیں بلکہ وہ معاشرتی اور روایتی سوچ بھی تھی جس میں انہیں جکڑ دیا گیا تھا۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ انہیں گھر سے باہر نکلنے کی بالکل اجازت نہیں تھی۔ وہ پیدل واک کے لیے بھی نہیں جاسکتی تھیں۔ اگر کہیں سفر کرنا ہوتا تو انہیں رکشے میں بھی پردے کے اندر بٹھایا جاتا اور رکشے کو مکمل طور پر ڈھانپ دیا جاتا تاکہ کوئی انہیں دیکھ نہ سکے۔

کراچی ڈویژن میں فٹ بال کے فروغ کیلئے اقدامات کو بہتر بنانے پر غور کیا جارہا ہے، اسلام الدین

تمام ایجنڈا از پر شرکا نے اپنی آرا اور تجاویز پیش کیں اور تقریباً تمام ایجنڈا از پر اتفاق رائے سے منظوری دی گئی

کراچی (این این آئی) ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن کیماڑی کراچی کے جنرل سیکرٹری اسلام الدین نے کہا ہے کہ کراچی ڈویژن میں فٹ بال کے فروغ کے لئے اقدامات کو بہتر بنانے کیلئے گزشتہ روز اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت سندھ فٹ بال ایسوسی ایشن کے سینئر نائب صدر جلال خان آفریدی نے کی۔ اس موقع پر سندھ فٹ بال ایسوسی ایشن سیکرٹری ناصر احمد آرکانی بھی موجود تھے۔ اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن کیماڑی کراچی کے جنرل سیکرٹری اسلام الدین نے کہا کہ اجلاس کا منعقد کروانے کا مقصد کراچی ڈویژن میں فٹ بال کی ترقی کیلئے اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ اجلاس میں کراچی ڈویژن کے فٹ بال کے انتظامی امور، کھلاڑیوں کی رجسٹریشن اور دیگر اہم معاملات پر تفصیلی گفتگو کی گئی اور اجلاس کے دوران 7 اہم مختلف امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ تمام ایجنڈا از پر شرکا نے اپنی آرا اور تجاویز پیش کیں اور تقریباً تمام ایجنڈا از پر اتفاق رائے سے منظوری دی گئی۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ کراچی ڈویژن میں فٹ بال کے انتظامی معاملات کو مزید بہتر، شفاف اور منظم بنایا جائے گا اور تمام ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشنز باہمی رابطے اور تعاون کے ساتھ کھیل کی ترقی کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گی۔ اجلاس میں ڈی ایف اے ویسٹ کراچی سے جلال خان آفریدی، محمد یوسف، امجد سربازی اور نبی بخش بلوچ، ڈی ایف اے ایسٹ کراچی سے عبدالعزیز اور عبیداللہ خان، ڈی ایف اے ملیر کراچی سے طاہر حسین بلوچ، ڈی ایف اے سینٹرل کراچی سے کفایت اللہ، حلیم بٹی اور تسنیم احمد، ڈی ایف اے کورنگی کراچی سے محمد صدیق، ڈی ایف اے ساؤتھ کراچی سے مولا بخش بلوچ اور ڈی ایف اے کیماڑی کراچی سے کیسر بلوچ اور اسلام الدین نے شرکت کی۔

سرفراز احمد کو کوچ بنایا گیا تو میں اس کے خلاف تھا، ہٹانے کا طریقہ بھی غلط ہے، محمد وسیم

جن کھلاڑیوں کو واپس بھیجا جارہا ہے ان کو کس نے انگلینڈ بھیجا تھا، پاکستان کی کرکٹ کے اصل مسائل پر توجہ نہیں دی جاری، انٹرویو

کراچی (این این آئی) سابق چیف سلیکٹر محمد وسیم نے کہا ہے کہ سرفراز احمد کو ٹیسٹ ٹیم کا کوچ بنایا گیا تو میں اس کے خلاف تھا، اب جس طرح سے ہٹایا گیا ہے یہ طریقہ بھی غلط ہے۔ ایک انٹرویو میں سابق کرکٹر محمد وسیم نے کہا کہ پاکستان ٹیم میں ایسی کوئی بات نہیں کہ کسی کو سکھانا پڑے، یہ المیہ ہے فیصلہ سازی میں تمام کرکٹرز وہ ہیں جو ہمارے ساتھ کھیل چکے ہیں، کوچنگ، کیمپس، کھلاڑیوں کی سلیکشن کے فیصلوں کا مثبت نتیجہ نظر نہیں آرہا۔ انہوں نے کہا کہ جن کھلاڑیوں کو واپس بھیجا جارہا ہے ان کو کس نے انگلینڈ بھیجا تھا، پاکستان کی کرکٹ کے اصل مسائل پر توجہ نہیں دی جارہی، بابر اعظم کو پہلے باہر نکالا اور پھر پی ایس ایل کی کارکردگی پر واپس لایا گیا ہے، شارٹ ٹرم فیصلے کریں گے تو ٹیم مشکلات کا شکار رہے گی۔ محمد وسیم نے مزید کہا کہ انجری کے معاملے پر کھلاڑی میں اعتماد کا فقدان نظر آتا ہے، ملتان ٹیسٹ کے وقت امام الحق انجری کا شکار ہوئے جس کا پتا آخری منٹ میں چلا تھا، چھوٹی موٹی تکلیف کے برعکس امام کو ذہنی طور پر مزید مضبوط ہونا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ٹیم میں ایسی کوئی بات نہیں کہ کسی کو سکھانا پڑے جب انگلینڈ میں پتا تھا کہ کارکردگی اچھی نہیں ہوگی لیکن بنگلا دیش، ویسٹ انڈیز میں بھی سیریز نہ جیت سکے۔ یہ المیہ ہے فیصلہ سازی میں تمام کرکٹرز وہ ہیں جو ہمارے ساتھ کھیل چکے ہیں، کوچنگ، کیمپس، کھلاڑیوں کی سلیکشن کے فیصلوں کا مثبت نتیجہ نظر نہیں آرہا۔ انہوں نے کہا کہ جن کھلاڑیوں کو واپس بھیجا جارہا ہے۔

قومی کھلاڑیوں کیلئے پہلی فلائٹ سے واپس بھیجنے جیسے جملے توہین آمیز ہیں، شعیب ملک

اتنے سارے تجربہ کار سلیکٹرز پر مشتمل سلیکشن کمیٹی کا اب تک کا سب سے زیادہ حیران کن فیصلہ ہے، شاہد آفریدی

کراچی (این این آئی) انگلینڈ میں ابتدائی دو ٹیسٹ میچز میں عبرتناک شکست کے بعد قومی اسکواڈ سے دوران سیریز سات کھلاڑیوں کو نکالنے کے فیصلے پر سابق کرکٹرز کی جانب سے کڑی تنقید کی گئی۔ پاکستان کو 2011 کے ورلڈکپ میں سیمی فائنل تک لے جانے والے کپتان شاہد آفریدی نے کہا کہ اس فیصلے کی منطق سمجھ نہیں آئی، یہاں تک کہ متبادل کھلاڑیوں کا انتخاب بھی سمجھ سے بالاتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ انگلینڈ میں ہونے والے ٹیسٹ میچ کیلئے ٹی ٹوئنٹی کے کھلاڑیوں کو ٹیم میں شامل کرلیا گیا ہے؟ یہ کیسی سوچ اور کیسا طرز عمل ہے؟ شاہد آفریدی نے سوال اٹھایا کہ محض 5 ٹیسٹ میچوں کے بعد کوچ کو کیوں ہٹادیا گیا؟ سابق کپتان نے کہا کہ اتنے سارے تجربہ کار سلیکٹرز پر مشتمل سلیکشن کمیٹی کی جانب سے یہ اب تک کا سب سے زیادہ حیران کن فیصلہ ہے۔ ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے اولین ایڈیشن میں پاکستان کو فائنل تک لے جانے والے کپتان شعیب ملک نے کہا کہ اسکواڈ سے ڈراپ کیے جانے والے کھلاڑی اب بھی ہمارے قومی کرکٹرز ہیں جنہوں نے پاکستان کی خدمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی کھلاڑیوں کے لیے 'پہلی فلائٹ سے واپس بھیجنے' جیسے جملے توہین آمیز ہیں۔ شعیب ملک نے کہا کہ احتساب کا آغاز کھلاڑیوں سے نہیں بلکہ ان لوگوں سے ہونا چاہیے جنہوں نے نظام کو خراب کیا، بینچ پر بیٹھے یا صرف دو، تین ٹیسٹ میچز کھیلنے والے کھلاڑیوں کا احتساب نہیں ہونا چاہیے تھا۔ انہوں نے کہا کہ احتساب کا عمل بھی دورے کے اختتام پر شروع ہونا چاہیے تھا۔ شعیب ملک نے سوشل میڈیا پر ہونے والی تنقید کو بھی آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ ہر خراب میچ کے بعد کھلاڑیوں کو اس قسم کے ذہنی دباؤ اور تنقید کا سامنا نہیں کرنا چاہیے، ورنہ ناکامی کا خوف ہمارے کھلاڑیوں کے ذہنوں میں بس جائے گا۔ سابق ٹیسٹ کرکٹر تنویر احمد نے کہا کہ پاکستان کرکٹ کا بیڑا غرق کردیا ہے، کسی کو کسی کی عزت کی پروا نہیں ہے۔

قومی ٹیم کی ناقص کارکردگی کے ذمہ دار مائیک ہیسن نہیں سب ہیں، ثقلین مشتاق

ورلڈ رینکنگ میں اوپر لانے کیلئے 3 سے 4 سال فریم ورک بنانا ہوگا، فاسٹ بولر، اسپن، بیٹنگ اور فیلڈ کا ایک ذمہ دار بنایا جائے، انٹرویو

کراچی (این این آئی) پاکستان کے سابق اسپنر ثقلین مشتاق کا کہنا ہے کہ قومی ٹیم کی ناقص کارکردگی کے ذمہ دار مائیک ہیسن نہیں سب ہیں۔ ایک انٹرویو میں سابق کرکٹر ثقلین مشتاق نے کہا کہ قومی ٹیم میں کسی ایک شعبے یا شخص کو ذمہ دار نہیں کہہ سکتے ناقص کارکردگی کے سب ذمہ دار ہیں جب کسی کو دل کا عارضہ ہو تو وہ دل کے ماہر کے پاس جاتے ہیں، ٹیم کے لیے فاسٹ بولر، اسپن، بیٹنگ اور فیلڈ کا ایک ذمہ دار بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کرکٹ کے ہر شعبے کے لیے الگ پروفیشنل ہوتا ہے، ہر فارمیٹ میں قومی ٹیم کی کارکردگی سب کو نظر آرہی ہے اس لیے ہمیں ذمہ داری کو قبول کرنا چاہیے اور بہتری کے لیے اقدامات کرنے چاہئیں۔ ثقلین مشتاق نے کہا کہ ورلڈ رینکنگ میں اوپر لانے کے لیے ٹیم کو 3 سے 4 سال کا فریم ورک بنانا ہوگا۔ سابق اسپن بولنگ کوچ نے کہا کہ ٹیکنیک محدود ہوتی ہے مائنڈ سیٹ اور صورت حال کے مطابق چلنا ہوتا ہے، سعود شکیل 97 رنز بنائے کیونکہ اس کو پتا تھا کہ کس طرح بولرز کو کھیلنا ہے، سعود نے اپنی ایلیٹ کے مطابق ذہنی طور پر توجہ مرکوز کی ہوئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکنیکل چیزوں کو لے کر بیٹھیں گے تو آگے نہیں بڑھ سکتے، ٹرائل کا مطلب یہ ہے کہ سسٹم میں کرپشن ہے اور اچھے لڑکوں کو سلیکٹ نہیں کیا جاتا۔ واضح رہے کہ انگلینڈ نے پاکستان کو 2 ٹیسٹ میچوں میں شکست دے کر تین میچوں کی سیریز میں 2-0 کی واضح برتری حاصل کرلی ہے اور پاکستان کو وائٹ واش سے بچنے کے لیے آخری ٹیسٹ میں لازمی فتح درکار ہے۔

اہلیہ جیلینا ماضی میں میرے ٹینس حریف کو ڈیٹ کرتی تھیں، نوواک جوکووچ کا انکشاف

حریف کھلاڑی نے اپنی شرٹ اتاری تو اس کے نیچے سفید شرٹ پہنی ہوئی تھی جس پر لکھا تھا کہ جیلینا میں تم سے محبت کرتا ہوں، گفتگو

نیویارک (این این آئی) ٹینس اسٹار نوواک جوکووچ نے ماضی کا ایک دلچسپ واقعہ بیان کرتے ہوئے انکشاف کیا ہے کہ جیلینا ایک وقت میں میرے ہی ایک ٹینس حریف کو ڈیٹ کرتی تھیں جس کے ساتھ میری آج بھی دوستی ہے۔ ایک پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے نوواک جوکووچ نے بتایا کہ میں نے پہلی مرتبہ جیلینا کے بارے میں اپنے ٹینس حریف سے سنا تھا۔ جوکووچ کے مطابق میرا دوست اور مذکورہ ٹینس کا کھلاڑی ایک ہی کلب میں کھیلتے تھے، ایک علاقائی ٹینس لیگ جیتنے کے بعد اس کھلاڑی نے جیلینا کو شادی کی پیشکش بھی کی۔ جوکووچ نے واقعہ یاد کرتے ہوئے بتایا کہ حریف کھلاڑی نے اپنی شرٹ اتاری تو اس کے نیچے سفید شرٹ پہنی ہوئی تھی جس پر لکھا تھا کہ جیلینا میں تم سے محبت کرتا ہوں۔ اس وقت میں اور میرے دوست یہ دیکھ کر حیران ہوئے اور سوچا کہ یہ سب کچھ بہت عجیب ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچھ عرصے بعد جیلینا اسی دوستوں کے گروپ میں دوبارہ نظر آئیں، جبکہ نوواک جوکووچ کے موناکو منتقل ہونے کے بعد دونوں نے ایک دوسرے کو ڈیٹ کرنا شروع کیا۔ جوکووچ نے بتایا کہ جیلینا کو ماضی میں ڈیٹ کرنے والا کھلاڑی آج بھی میرا دوست ہے، تاہم دونوں نے کبھی جیلینا کے حوالے سے آپس میں بات نہیں کی، ہم دونوں اس معاملے میں بہت غیر آرام دہ محسوس کرتے ہیں۔ نوواک جوکووچ اور جیلینا نے 8 سال سے زائد عرصے تک ایک دوسرے کو ڈیٹ کرنے کے بعد شادی کا فیصلہ کیا۔ جوکووچ نے جیلینا کو شادی کی پیشکش کے لیے ایک گرم ہوا کے غبارے کا انتظام کیا، جس پر کیا تم مجھ سے شادی کرو گی؟ تحریر تھا۔ ابتدا میں جیلینا اس انتظام کو دیکھ کر الجھن کا شکار ہوگئیں، تاہم جب جوکووچ نے گھٹنوں کے بل بیٹھ کر انہیں شادی کی پیشکش کی تو یہ لمحہ ان کیلئے یادگار بن گیا۔ دونوں نے 2014 میں نوواک جوکووچ کے دوسری ومبلڈن چیمپئن شپ جیتنے کے بعد شادی کی۔

لیونل میسی کے دو دہائیوں سے زائد عرصے پر محیط اپنے کیریئر کے دوران کمائی گئی دولت کی تفصیلات منظر عام پر آگئیں

ریٹائرمنٹ کے وقت میسی کی مجموعی دولت کا تخمینہ تقریباً 1.1 ارب ڈالرز لگایا گیا ہے، جس کے باعث وہ ان چند فٹبالرز میں شامل ہوگئے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) ارجنٹائن کے عالمی شہرت یافتہ فٹبالر لیونل میسی کے دو دہائیوں سے زائد عرصے پر محیط اپنے کیریئر کے دوران کمائی گئی دولت کی تفصیلات سامنے آگئیں۔ 39 سالہ لیونل میسی نے 2005 میں ارجنٹائن کی جانب سے اپنا پہلا میچ کھیلا تھا، اپنے بین الاقوامی کیریئر کے دوران انہوں نے 207 میچز میں 125 گول کیے۔ فٹبال کی تاریخ کے عظیم ترین اور امیر ترین کھلاڑیوں میں شمار ہونے والے میسی نے اپنے شاندار کیریئر کے دوران 1 ارب ڈالرز سے زائد کی دولت کمائی۔ میسی نے 31 اگست 2026 کو ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا، ان کی قیادت میں ارجنٹائن نے 2021 کا کوپا امریکا، 2022 کا فیفا ورلڈ کپ اور 2024 کا کوپا امریکا اپنے نام کیا۔ فوربز کے مطابق لیونل میسی نے اپنے پورے کیریئر میں مجموعی طور پر تقریباً 1.8 ارب ڈالرز کمائے، جس میں فٹبال سے حاصل ہونے والی آمدنی کے ساتھ اشتہارات، اسپانسر شپس اور دیگر کاروباری معاہدوں سے حاصل ہونے والی رقم بھی شامل ہے۔ ریٹائرمنٹ کے وقت میسی کی مجموعی دولت کا تخمینہ تقریباً 1.1 ارب ڈالرز لگایا گیا ہے، جس کے باعث وہ ان چند فٹبالرز میں شامل ہوگئے ہیں جو کھیل میں فعال رہتے ہوئے ارب پتی بنے۔ میسی کی دولت کا بڑا حصہ اسپین کے معروف کلب بارسلونا کے ساتھ ان کے غیر معمولی دور سے حاصل ہوا۔ نوعمری میں بارسلونا کی پہلی ٹیم کا حصہ بننے کے بعد میسی نے کلب کے ساتھ 17 سیزن گزارے، اس دوران انہوں نے 10 لا لیگا ٹائٹلز اور 4 چیمپئنز لیگ ٹرافیاں جیتیں۔ میسی نے 2021 میں بارسلونا کو خیرباد کہا اور اس کے بعد پیرس سینٹ جرمین کے ساتھ 2 سیزن کھیلے۔ 2023 میں انہوں نے انٹر میامی میں شمولیت اختیار کرتے ہوئے میجر لیگ سوکر کا رخ کیا۔ فوربز کے مطابق 2025 میں میسی کی آمدنی تقریباً 140 ملین ڈالرز رہی، جو تقریباً برابر حصوں میں میدان کے اندر فٹبال سے حاصل ہونے والی آمدنی اور میدان سے باہر اشتہارات و دیگر تجارتی سرگرمیوں سے حاصل ہونے والی آمدنی پر مشتمل تھی۔

بقیہ صباء 1

پائیدار امن کے بغیر اپنی مکمل صلاحیت حاصل نہیں کر سکتا، غزہ اور مغربی کنارے میں انسانی المیہ ناقابل تصور مصائب کا باعث ہے، عالمی برادری فلسطینی عوام کے حق خود ارادیت کا احترام کرے، عالمی معاہدوں پر ان کی روح اور الفاظ کے مطابق مکمل عمل ہونا ضروری ہے، پاکستان ساحلی تحفظ کو مزید مضبوط بنائے اور ایس سی او خطے میں جامع اور پائیدار ترقی کے فروغ کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔ منگل کو یہاں شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان مملکت کی کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ بشکیک کے خوبصورت شہر میں شنگھائی تعاون تنظیم کے رہنماں کے تاریخی اجلاس میں شرکت ان کے لیے باعث اعزاز ہے اور پرخلوص میزبانی اور کانفرنس کے لیے شاندار انتظامات پر صدر صادر ژاپاروف اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہیں، جمہوریہ کرغزستان کو ایس سی او چیئرمین شپ کی مدت کی کامیابی سے تکمیل اور ایس سی او ممالک کے درمیان عملی تعاون کیلئے موثر کردار پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کرغزستان اور ازبکستان کی قیادت اور عوام کو ان کے یوم آزادی کی بھی دلی مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ شنگھائی تعاون تنظیم عالمی امن استحکام کے لیے اہم پلیٹ فارم ہے، شنگھائی سپرٹ کے تحت پاکستان کو شنگھائی تعاون تنظیم کا رکن ہونے پر فخر ہے، پاکستان ایس سی او کا فعال اور ذمہ دار رکن ہے، ایس سی او کے 25 سال مکمل ہونا اہم سنگ میل ہے، ایک ننھے پودے سے شروع ہونے والی ایس سی او آج ایک تناور درخت کی شکل اختیار کر چکی ہے، جو ہم سب کو سلامتی اور استحکام کا سایہ فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کا عالمی منظرنامہ بڑھتی ہوئی جغرافیائی و سیاسی کشیدگی، عالمی معیشت کے انتشار، موسمیاتی بحرانوں میں اضافے اور ٹیکنالوجی کی بے مثال تبدیلیوں سے دوچار ہے، ایسے پیچیدہ ماحول میں ایس سی او ان بڑے چیلنجز سے مل کر نمٹنے اور اپنے عوام کیلئے امن، سلامتی اور خوشحالی کو یقینی بنانے کے ہمارے اجتماعی عزم کی نمائندگی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ اور ایس سی او کے چارٹرز کے بنیادی اصولوں کو ہمیشہ برقرار رکھتا اور ان کا احترام کرتا ہے، ہم تنازعات کے پرامن حل کے لیے بین الاقوامی قانون کے مطابق، اقوام متحدہ اور ایس سی او چارٹر کی رہنما ہدایات پر سختی سے عمل پیرا رہنے کے لیے پرعزم ہیں جس کی بشکیک اعلامیے میں بھی توثیق کی گئی ہے، اسی جذبے کے تحت پاکستان نے رواں سال کے اوائل میں اس وقت امن کی بھرپور حمایت کی جب ایک ایس سی او رکن ریاست کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی خلاف ورزی کی گئی، جس کے نتیجے میں ایک بڑا علاقائی بحران پیدا ہوا اس بحران کے باعث توانائی کی فراہمی کے اہم راستوں کی بندش نے عالمی معیشت کو متاثر کیا ہے، تاہم پاکستان نے ایسے عالمی برادری کے ساتھ مل کر بھاری اقتصادی قیمت ادا کی، ان مشکل حالات میں پاکستان نے مسلسل ایک ایماندار اور مخلص ثالث اور سہولت کار کا کردار ادا کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہماری مسلسل سفارتی کوششیں میں تاریخی اسلام آباد مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کی صورت میں نتیجہ خیز ثابت ہوئیں، جو علاقائی کشیدگی میں کمی اور امن کی بحالی کی جانب ایک اہم قدم ہے، جیسے جیسے ہماری امن کے قیام کی کوششیں جاری ہیں ہم ان برادر اور دوست ممالک کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں جن میں سے بہت سے ممالک کے نمائندے یہاں موجود ہیں جنہوں نے اس کوشش کے دوران اپنی غیر متزلزل حمایت فراہم کی، ہمارا پختہ یقین ہے کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت ہمارے خطے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے سب سے قابل عمل اور دیرپا راستہ فراہم کرتی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان نے حال ہی میں سہ فریقی "مکہ مشترکہ دفاعی" معاہدے پر دستخط کیے ہیں، یہ تاریخی معاہدہ خودمختاری، علاقائی سالمیت، اجتماعی سلامتی اور علاقائی امن کے حوالے سے ہمارے مشترکہ عزم کا اظہار ہے، یہ بنیادی طور پر دفاعی نوعیت کا معاہدہ ہے اور نہ تو کسی ریاست کے خلاف ہے اور نہ ہی اس کا مقصد کسی قسم کی محاذ آرائی یا تقسیم پیدا کرنا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ کثیرالجہتی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے کوششیں کی ہیں تاہم، کثیر جہتی تنظیموں کو اس قابل بنانا ضروری ہے کہ وہ امنگوں اور خواہشات کو عملی اقدامات میں تبدیل کر سکیں، غزہ اور مغربی کنارے کے بے گناہ عوام کی حالت زار بدستور جاری ہے، جو ناقابل تصور انسانی تکالیف کا باعث بن رہی ہے، فلسطینی مائیں اپنے بچوں کے غم میں گہرے صدمے سے دوچار ہیں، خاندان بکھر رہے ہیں، اور پوری نسلیں خوف، محرومی اور ناانصافی کے مستقل سائے تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ بین الاقوامی برادری کو فلسطینی عوام سمیت تمام مظلوم اقوام کو ان کے حق خود ارادیت کے بنیادی حق کے حصول میں مدد دینے کے اپنے عزم کو پورا کرنا چاہیے

بقیہ صباء 2

پاکستان حافظ نعیم الرحمن کا گورنر ہاؤس کے باہر جاری دھرنے کے 17 ویں دن کراچی تاجروں کے نمائندہ کنونشن سے خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی کے تاجروں نے بھی فیصلہ دے دیا ہے کہ 3 ستمبر کو ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال ہر صورت میں ہوگی اور پورے ملک میں ہوگی حکومت کو پیٹرول لیوی بھتہ ٹیکس ختم کرنا ہوگا۔ اب صرف بھتہ لیوی مسئلہ نہیں ہے، ابھی 75 آئی پی پیز باقی ہیں جن کے معاہدے ختم کرتے ہیں۔ ہم کسی اور آئی پی پیز سے معاہدے نہیں کرنے دیں گے۔ معیشت کے حب کراچی کے تاجروں کی جانب سے بھرپور طریقے سے ہڑتال کی حمایت کے اعلان پر ہم اظہار تشکر کرتے ہیں۔ آخر کیوں وزیراعظم، وزیر پیٹرولیم، یا کوئی اور اعلیٰ سول و فوجی افسر 1300 سی سی گاڑی میں سفر نہیں کر سکتے، فری پیٹرول اور بجلی ان لوگوں کو نہیں دینی چاہیے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے 11 ارب کا جہاز خرید کر 25 کروڑ عوام کے کلیجے پر مونگ دلی ہے، عام شہری مجبوری میں اپنی فیملی کو موٹر سائیکل پر لے کر جاتے ہیں۔ حکمران ان موٹر سائیکل سواروں سے بھی اربوں روپے لیوی کے نام پر وصول کر چکے ہیں۔ حکومت نے 8 ہزار ارب روپے سے زائد رقم لیوی کے نام پر وصول کی ہے۔ امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے کہا کہ آج کا کنونشن کراچی کی پوری کاروباری برادری کا نمائندہ کنونشن ہے اور آج 3 ستمبر بروز جمعرات کی ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کامیابی کی بنیاد رکھ دی گئی ہے۔ کراچی بند ہوگا تو پورا پاکستان بند ہوگا۔ کراچی میں گورنر ہاؤس کے باہر جاری دھرنا زندگی کی علامت بن چکا ہے، عوامی جدوجہد جاری رہے گی۔ تاجر کنونشن میں کراچی بھر سے چھوٹی بڑی مارکیٹوں سمیت مختلف تاجر تنظیموں و ایسوسی ایشنز کے عہدیداران نے شرکت و خطاب کیا اور 3 ستمبر کی ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال کی مکمل حمایت کا اعلان کیا، حافظ نعیم الرحمن نے مزید کہا کہ ہم تو ابھی لیوی کی بات کر رہے ہیں پیٹرول کی قیمت میں جو اضافہ ہوتا ہے تو وہ الگ دھندا ہے۔ پاکستان سے ریفائن پیٹرول کی قیمتیں امپورٹڈ پیٹرول کی قیمت کے مطابق وصول کی جاتی ہیں۔ کراچی میں بجلی، نادرا، بحریہ ٹاؤن سمیت دیگر مسائل جماعت اسلامی نے حل کروائے۔ کے الیکٹرک مافیا اور بحریہ ٹاؤن کے معاملے میں ساری پارٹیاں خاموش رہیں۔ ہم نے آئی پی پیز کے خلاف بھی احتجاج کیا تھا۔ اب ہر صوبہ میں گورنر ہاؤسز کے باہر دھرنے جا رہے ہیں اور اب تو چترال میں بھی دھرنا دیا جا رہا ہے۔ پنجاب سمیت سندھ کے اندرون شہر میں بھی دھرنے دیے جا رہے ہیں، جماعت اسلامی کی جدوجہد صرف اور صرف عوام کے لیے ہے۔ اگر ہم آئی پی پیز کو بے نقاب نہ کرتے تو عوام کو پتہ ہی نہیں چلتا کہ کس طرح ان آئی پی پیز کو اربوں روپے سے نوازا جا رہا ہے۔

بقیہ صباء 3

معاہدے کا سیکرٹریٹ، عہدیدار بنانا اور شرائط و ضوابط بنانے ہیں اس پر سیر حاصل گفتگو ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس کے دوران معاہدے کو خطے میں امن کو تقویت دینے کے لئے موثر بنانے، سیکرٹری جنرل کے عہدے، نئے ممبران کے لئے شرائط و ضوابط اور مدت کے تعین سمیت دیگر ڈھانچہ جاتی امور پر بھی بات ہوئی۔ پاکستان نے اس سلسلے میں ایک مسودہ پیش کیا جس کو کافی پذیرائی ملی۔ انہوں نے کہا معاہدے کا ڈھانچہ مکمل ہونے میں ابھی ایک ڈیڑھ ماہ کا وقت درکار ہے عمارت آئندہ ماہ کے آخر تک تیار ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا مزید ممالک کے معاہدے میں شمولیت کے لئے باقاعدہ شرائط و ضوابط ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ اس معاہدے کا آغاز اللہ کے گھر سے ہوا اور یہ یقیناً عالم اسلام کے لئے بہترین ثابت ہوگا۔ اور امت مسلمہ کے اتحاد کا باعث بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ مکہ دفاعی معاہدے سے بھارت سمیت عالم اسلام کے دشمنوں کی نیندیں حرام ضرور ہوئی ہیں تاہم یہ معاہدہ کسی ملک کے خلاف جارحیت کے لئے نہیں بلکہ خطے کے امن و امان کو برقرار رکھنے کے لئے ہے۔ جبکہ معاہدے کے فریق تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر حملہ سب پر تصور کیا جائے گا۔

بقیہ صباء 4

ہوئے کہا ہے کہ مشترکہ آبی وسائل پر انحصار کرنے والے ممالک کے حقوق کے تحفظ اور استحکام برقرار رکھنے کے لیے بین الاقوامی معاہدوں کا احترام ضروری ہے۔ وہ منگل کو یو ایس ای ایف پی آڈیٹوریم میں "اسلام آباد کے زیر زمین آبی ذخائر کا تحفظ" کے عنوان سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اسلام آباد میں تقریباً 200 ری چارج ویلز تعمیر کیے جا چکے ہیں، جو ایک اہم پائلٹ اقدام ہے اور اسے مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ری چارج جنگ کے اقدامات کے نتیجے میں واٹر ٹیبل میں اندازاً 4.0 ملی میٹر اضافہ ہوا، جبکہ اس میں تقریباً 1.5 میٹر کی ریکارڈ کی گئی۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ ری چارج جنگ کے اقدامات کو اس حد تک بڑھانے کی ضرورت ہے کہ زیر زمین پانی کے ذخائر میں کمی کو کم کیا جا سکے اور بالآخر پانی کی سطح میں مسلسل کمی کے رجحان کو تبدیل کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ری چارج ویلز کا اقدام ایک اہم کامیابی ہے تاہم اسے حتمی حل نہیں سمجھنا چاہیے۔ وفاقی وزیر نے حالیہ شدید بارشوں کے بعد نکاسی اور زیر زمین پانی کے بہتر انتظام کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں تقریباً 200 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ سیلابی صورتحال کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ متعدد علاقے متاثر ہوئے ہیں اور متعلقہ حکام اور اداروں کو صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے پانی کے معیار کے حوالے سے بھی تشویش کا اظہار کیا اور کہا کہ راولپنڈی اور اسلام آباد میں واٹر ٹریٹمنٹ کی سہولیات کام کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس صاف کیے جانے والے پانی میں آلودگی کم کرنے میں معاون ہیں تاہم پانی کے معیار پر مسلسل توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

بقیہ صباء 5

سکیورٹی فورسز نے بروقت اور موثر کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے عزائم ناکام بنا دیے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی اور جرائم کے گٹھ جوڑ کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ عناصر بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ ریاستی ادارے عوام کے جان و مال اور قومی شاہراہوں کے تحفظ کے لیے پوری طرح متحرک ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ فرائض کی ادائیگی کے دوران شہادت پانے والے سیکیورٹی فورسز کے اہلکاروں اور کسٹمز حکام کی قربانیاں قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ شہداء کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دہشت گردوں، ان کے سہولت کاروں اور جرائم پیشہ نیٹ ورک کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام امن چاہتے ہیں اور حکومت بلوچستان عوام کے جان و مال کے تحفظ اور پائیدار امن کے قیام کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے گی وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ علاقے میں جاری کلیئرنس آپریشن کو مزید موثر بنایا جائے اور قومی شاہراہوں سمیت شہریوں کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

بقیہ صباء 6

مواد برآمد کیا گیا۔ فائرنگ کے تبادلے میں قوم کے 6 بہادر بیٹوں نے جام شہادت نوش کیا، جن میں دو افسران اور محکمہ کسٹمز کا ایک سرکاری اہلکار بھی شامل ہے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ علاقے میں باقی ماندہ دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے۔ عزم استحکام اور نیشنل ایکشن پلان کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ صباء 7

جنگ کی شکل اختیار کی تو پاک افواج نے مختلف محاذوں پر بھارتی فوجی دباؤ کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ تاریخی ریکارڈ کے مطابق 1965ء کے موسم بہار سے ہی پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی میں اضافہ جاری تھا۔ اس دوران بھارتی سرحدی علاقوں میں فوجی نقل و حرکت اور جنگی تیاریوں نے خطے کی صورتحال کو مزید کشیدہ کر دیا تھا۔ یکم ستمبر کو بھارتی حکام کی جانب سے کاٹپور میں سات پاکستانی شہریوں کو گرفتار کیے جانے کی اطلاعات بھی سامنے آئیں، حالانکہ ان کے پاس موثر قانونی دستاویزات موجود تھیں۔ اس صورتحال پر پاکستان کی جانب سے بھارتی اقدامات پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اسی دوران وزیر اطلاعات خواجہ شہاب الدین نے بھارت کو کشمیر اور لائن آف کنٹرول پر جارحانہ اقدامات سے خبردار کیا اور کشیدگی کے سنگین نتائج سے آگاہ کیا۔ جنگ کے پہلے روز چھمب کے محاذ پر بھارتی فضائیہ کے ویمپائر جنگی طیاروں نے پاکستانی افواج اور فضائی دفاعی تنصیبات کو نشانہ بنانے کی کوشش کی۔ پاکستانی فضائی دفاع نے حملے کا موثر جواب دیا اور متعدد بھارتی طیارے مار گرائے گئے۔ ایک بھارتی پائلٹ پیراشوٹ کے ذریعے پاکستانی حدود میں اترنے کے بعد جنگی قیدی بنا لیا گیا۔ اس واقعے کے چشم دید گواہوں میں اس وقت پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر مارشل نور خان بھی شامل تھے۔ چھمب کے محاذ پر بھارتی فضائی حملے کے جواب میں پاکستانی کارروائی نے بھارتی فضائی آپریشن کو شدید نقصان پہنچایا۔ تاریخی حوالوں کے مطابق بھارتی فوج نے بعد ازاں پاکستانی سرحد کے قریب تعینات اپنے ویمپائر طیاروں کو مزید نقصان سے بچانے کے لیے وہاں سے ہٹا لیا۔ چھمب کے محاذ پر پیش آنے والے واقعات نے جنگ کے ابتدائی مرحلے میں پاک افواج کی دفاعی تیاری اور فوری ردعمل کو نمایاں کیا۔ بھارتی فوج نے راجوری، منڈی، سوہا مارگ اور سری نگر کے سیکٹرز میں فوجی دباؤ بڑھانے کی کوشش کی، تاہم پاکستانی افواج نے مختلف محاذوں پر بھارتی پیش قدمی کا بھرپور مقابلہ کیا۔ ستمبر 1965ء کی جنگ کا پہلا روز اس امر کی علامت بن گیا کہ پاکستان کی مسلح افواج نے محدود وسائل کے باوجود دشمن کے مقابلے میں غیر معمولی حوصلے، نظم و ضبط اور پیشہ ورانہ صلاحیت کا مظاہرہ کیا۔ اس جنگ میں پاک فوج اور پاک فضائیہ کے جوانوں کی قربانیاں ملکی تاریخ کا اہم باب ہیں، جنہیں ہر سال یوم دفاع کے موقع پر خراج عقیدت پیش کیا جاتا ہے۔

بقیہ صباء 8

جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ آئین و قانون کی بالادستی اور جمہوری اقدار کا فروغ ہی مضبوط، مستحکم اور خوشحال پاکستان کی ضمانت ہے۔ وکلا برادری نے ہمیشہ آئین کی سربلندی، قانون کی حکمرانی اور جمہوری نظام کے تحفظ کے لیے اہم کردار ادا کیا ہے، موجودہ دور میں بھی وکلا پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ معاشرے میں قانون کی حکمرانی اور انصاف کے اصولوں کے فروغ کے لیے اپنا کردار مزید موثر بنائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور معروف قانون دان ملک انور کریم کاسی ایڈووکیٹ کی جانب سے وکلا کے اعزاز میں دی گئی چائے پارٹی سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے یوتھ افیئرز حیدر خان اچکزئی، بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر میر عطا اللہ لانگو سمیت وکلا اور سیاسی و سماجی شخصیات نے شرکت کی۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی، پارلیمنٹ کی مضبوطی اور جمہوری اداروں کے استحکام پر یقین رکھتی ہے۔

بقیہ صباء 9

قانون اور عالمی معاہدوں کا احترام کیا ہے اور تنازعات کے حل کے لیے مذاکرات کی حمایت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پرمننٹ کورٹ آف آربیٹریشن کا فیصلہ اس اصول کی واضح توثیق ہے کہ بین الاقوامی معاہدوں کی پاسداری تمام فریقین کی ذمہ داری ہے اور انہیں یکطرفہ طور پر معطل یا ختم نہیں کیا جا سکتا۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ ایک اہم بین الاقوامی معاہدہ ہے، جس کا براہ راست تعلق خطے میں بسنے والے کروڑوں افراد کے ذریعہ معاش، زراعت، معیشت اور خوشحالی سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی معاہدوں کا ان کی روح اور متن کے مطابق احترام اور ان پر مکمل عملدرآمد ضروری ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی بین الاقوامی قوانین کے مسلمہ اصولوں کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پرمننٹ کورٹ آف آربیٹریشن کے فیصلے نے واضح کر دیا ہے کہ بھارت کے پاس معاہدے کو معطل رکھنے کا کوئی قانونی جواز موجود نہیں اور اسے سندھ طاس معاہدے کے تحت اپنی تمام ذمہ داریاں پوری کرنا ہوں گی۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ مودی حکومت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل کرنے اور پانی کو پاکستان کے خلاف دباؤ یا ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کی کوشش آبی دہشت گردی کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے اقدامات سے سنگین انسانی مسائل، معاشی نقصان اور علاقائی امن و استحکام پر دور رس منفی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پانی جیسی بنیادی ضرورت کو کسی ملک کے عوام کے خلاف بطور ہتھیار استعمال کرنا انتہائی شرمناک اور بین الاقوامی قوانین کے منافی ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے رٹلے ہائیڈرو الیکٹرک منصوبے سے متعلق پرمننٹ کورٹ آف آربیٹریشن کے فیصلے کا بھی خیرمقدم کیا اور امید ظاہر کی کہ بھارت عدالتی فیصلے کا احترام کرتے ہوئے سندھ طاس معاہدے کے تحت اپنی تمام ذمہ داریوں پر مکمل اور موثر عملدرآمد کرے گا۔

بقیہ صباء 10

زندگی میں مثبت تبدیلی کو یقینی بنانا ہی اچھی طرز حکمرانی کی اصل کامیابی ہے۔ صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات عام بالخصوص غریب اور پسماندہ عوام تک پہنچانے کیلئے مزید ٹھوس و موثر اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہری علاقوں کی نسبت دیہی علاقوں کے عوام کو بنیادی سہولیات اور دیگر مسائل کے حوالے سے زیادہ مشکلات کا سامنا ہے۔ حکومت متوازن اور یکساں ترقی کے اصول پر یقین رکھتی ہے اور صوبے کے دور افتادہ و پسماندہ علاقوں کی تعمیر و ترقی کو یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ عوامی مسائل کا بروقت حل، اداروں کی موثر کارکردگی اور وسائل کی منصفانہ تقسیم اچھی حکمرانی کے بنیادی تقاضے ہیں۔ انہوں نے گورننس میں شفافیت، ذمہ داری اور جوابدہی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پالیسی سازی کے عمل میں عوامی نمائندوں، سول سوسائٹی اور متعلقہ طبقات کی موثر شرکت کو یقینی بنانا ضروری ہے۔ حکومت اور عوام کے درمیان مضبوط رابطہ ہی پائیدار ترقی کی بنیاد بن سکتا ہے۔ عوامی مسائل کے حل اور صوبے کی ترقی کیلئے تمام متعلقہ اداروں، منتخب نمائندوں اور معاشرے کے مختلف طبقات کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ گورنر بلوچستان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی فلاح، متوازن ترقی اور بہتر طرز حکمرانی کیلئے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائیگا تاکہ ترقی کے ثمرات صوبے کے ہر علاقے اور ہر طبقے تک پہنچ سکیں۔ عوام میں خوف و ہراس پھیلانے اور امن و امان کو سبوتاژ کرنے کے دہشت گردوں کے تمام ناپاک عزائم کو ناکام بنایا جائیگا، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ وقت آ پہنچا ہے کہ ہر قسم کی دہشت گردی اور تخریب کاری کے خلاف پوری قوم اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کرے۔

بقیہ صباء 11

چھت، کاروباروں کیلئے منافع، مزدوروں کے لیے روزگار اور مجموعی طور پر پاکستان کی پائیدار اور جامع معاشی ترقی کا ضامن بن چکا ہے۔ منگل کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ جون 2025 کے بعد اس سکیم کے تحت ہاؤسنگ فنانسنگ کی فراہمی اور تعمیراتی شعبے میں تاریخی پیش رفت دیکھنے میں آئی جس نے ملک کے اقتصادی منظر نامے کو نیا رخ دیا ہے، صرف دو ماہ کے مختصر عرصے میں پروگرام کے تحت قرضوں کی منظوری اور رقم کی ادائیگیوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ سکیم کے تحت منظور کیے جانے والے قرضوں کی تعداد 109 فیصد اضافے کیساتھ 52600 سے تجاوز کر چکی، منظور شدہ فنانسنگ کی مجموعی رقم 116 فیصد کے زبردست اضافے کے بعد 312 ارب روپے تک پہنچ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب تک 8,600 سے زائد خاندانوں کو قرضے جاری کیے جا چکے ہیں، عملی طور پر ہاؤسنگ سیکٹر میں منتقل ہونے والی رقم 118 فیصد اضافے کے ساتھ 45 ارب روپے تک پہنچ چکی ہے جو براہ راست تعمیراتی کاموں میں استعمال ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کے اثرات صرف ذاتی گھر کی حد تک محدود نہیں بلکہ ہاؤسنگ فنانسنگ میں یہ تیزی پاکستان کی مجموعی معیشت کیلئے گیم چینجر ثابت ہو رہی ہے، آسان شرائط پر قرضوں کی فراہمی سے ملک میں تعمیراتی سرگرمیوں کو زبردست فروغ مل رہا ہے

بقیہ صباء 12

ہدف مقرر کیا گیا ہے، حکومت کے تعاون سے جاری دیگر اقدامات کے تحت ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز میں 25,000 سے زائد نوجوانوں اور صنعتی شراکت داری کے ذریعے مزید 100000 طلبہ کو تربیت دینے کا منصوبہ ہے۔ ویلتھ پاکستان کو دستیاب سرکاری دستاویز کے مطابق پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ (پی ایس ای بی) کے زیر عمل انسپائر پروگرام سے سیمی کنڈکٹر ایجوکیشن اینڈ ریسرچ کلسٹرز کے ذریعے 2200 انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ طلبہ مستفید ہوں گے جبکہ ملک گیر اپ سکلنگ پروگراموں کے ذریعے مزید 5000 انجینئرز کو تربیت دی جائے گی، اس اقدام کا مقصد پاکستان میں سیمی کنڈکٹر کے شعبے کے لیے باصلاحیت افرادی قوت تیار کرنا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ وزیراعظم سکل ٹیک پاکستان انیشی ایٹو کے تحت آئندہ تین سال میں 25000 سے زائد نوجوانوں کو ابھرتی ہوئی اور صنعت کی طلب کے مطابق ٹیکنالوجیز میں تربیت فراہم کرنے کا منصوبہ ہے جن میں مصنوعی ذہانت، سائبر سیکیورٹی، کلاؤڈ کمپیوٹنگ، ڈیٹا اینالیٹکس اور سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ شامل ہیں۔ اس اقدام میں بوٹ کیمپس، پیشہ ورانہ سرٹیفکیشن، انٹرن شپس، سافٹ سکلز کی تربیت اور صنعت کے ساتھ روابط بھی شامل ہیں تاکہ روزگار کے مواقع بہتر بنائے جا سکیں اور برآمدات کے لیے تیار ڈیجیٹل افرادی قوت تشکیل دی جا سکے۔

بقیہ صباء 13

کی امن کوششوں کو سراہتے ہوئے مختلف شعبوں میں باہمی تعاون بڑھانے میں گہری دلچسپی ظاہر کی۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی کے مطابق وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی ایرانی، روسی، تاجک اور قازق ہم منصبوں سے ملاقات ہوئی۔ بشکیک میں ایس سی او سربراہ اجلاس سے قبل اسحاق ڈار کی اہم ملاقاتیں ہوئیں۔ اسحاق ڈار، ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی اور روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف سے ملاقات ہوئی۔ اسحاق ڈار کی تاجک وزیر خارجہ سراج الدین مہرالدین اور قازقستان کے وزیر خارجہ یرمک کوشربایف سے بھی ملاقات ہوئی۔ ایس سی او سربراہ اجلاس سے قبل وزرائے خارجہ کے درمیان گرمجوشی اور دوستانہ تبادلہ خیال کیا گیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی بشکیک میں آرمینیا کے وزیر خارجہ ارارات میرزویان سے بھی ملاقات ہوئی۔ ملاقات ایس سی او سربراہان مملکت اجلاس کے موقع پر سائیڈ لائنز پر ہوئی۔ دونوں وزرائے خارجہ نے پاک آرمینیا دوطرفہ تعلقات میں مثبت پیش رفت کو آگے بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اسحاق ڈار اور آرمینیائی وزیر خارجہ نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی بشکیک میں ترکیہ کی قومی انٹیلی جنس تنظیم کے سربراہ ابراہیم قالن سے ملاقات ہوئی۔ ملاقات ایس سی او سربراہی اجلاس کے موقع پر ہوئی۔ علاقائی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے اور اس کے تحت اسٹریٹجک سیاسی و دفاعی کمیٹی کے پہلے اجلاس پر بھی گفتگو ہوئی۔ فریقین نے خطے میں حالیہ پیش رفت اور علاقائی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ صباء 14

کے حق خودارادیت کے پختہ عزم سے عبارت تھی۔ ممتاز کشمیری رہنما سید علی شاہ گیلانی کی 5 ویں برسی کے موقع پر ایوان صدر سے جاری پیغام میں صدر مملکت نے کہا کہ سید علی شاہ گیلانی نے اپنی پوری زندگی جموں و کشمیر کے عوام کی جائز امنگوں کے فروغ کے لیے وقف کر دی۔ طویل قید، نظربندی اور بے پناہ ذاتی مشکلات و مصائب کے باوجود وہ اپنے نظریات پر ثابت قدمی سے قائم اور انصاف، وقار اور آزادی کی شمع روشن رکھنے کے لیے اپنے پختہ عزم پر ڈٹے رہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی ثابت قدمی اور اخلاقی جرات آج بھی کشمیریوں کی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہے۔

بقیہ صباء 15

اپنے تہنیتی پیغام میں کہا کہ پاکستان ازبکستان کے ساتھ اپنے تاریخی اور برادرانہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے جو مشترکہ عقیدے، ثقافتی ہم آہنگی، باہمی اعتماد اور خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی کے مشترکہ وژن پر قائم ہیں۔ صدر آصف علی زرداری نے مسرت کا اظہار کیا کہ پاکستان اور ازبکستان کے درمیان شراکت داری سیاسی، اقتصادی، تجارتی، مواصلاتی، دفاعی اور عوام کے باہمی تعلقات کے شعبوں میں بڑھتے ہوئے تعاون کے ساتھ مزید مستحکم ہو رہی ہے۔ صدر مملکت نے رواں سال فروری میں صدر مرزیوف کے دورہ پاکستان کو دونوں ممالک کی سٹریٹجک شراکت داری کو ایک نئی تحریک دینے کا موجب قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ دورے کے دوران ہونے والے نتیجہ خیز مذاکرات اور طے پانے والی تفہیم دونوں جانب کی اس مشترکہ خواہش کی عکاسی کرتی ہے جس سے اس دوستی کے ثمرات کو اپنے عوام کے لیے ٹھوس فوائد میں بدلا جا سکے۔ صدر مملکت نے اس اعتماد کا بھی اظہار کیا کہ پاکستان اور ازبکستان اپنی مشترکہ کاوش سے اس شراکت داری کو مزید مضبوط بنائیں گے، علاقائی مواصلات اور اقتصادی تعاون کو فروغ دیں گے اور امن و خوشحالی کی امنگوں کے حصول کے لیے مل کر کام کرتے رہیں گے۔

بقیہ صباء 16

نے یہ بات منگل کو یہاں پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی کے چیئرمین بلال بن ثاقب سے ملاقات میں کہی۔ بلال بن ثاقب نے وزیر خزانہ کو اپنے حالیہ دورہ ہانگ کانگ اور وہاں ہونے والی مصروفیات کے بارے میں بریفنگ دی۔ بلال بن ثاقب نے وزیر خزانہ کو ہانگ کانگ کے پالیسی سازوں اور متعلقہ اداروں بشمول فنانشل سروسز اینڈ ٹریژری بیورو، ہانگ کانگ مانیٹری اتھارٹی اور سیکیورٹیز اینڈ فیوچرز کمیشن کے ساتھ ہونے والی تعمیری بات چیت سے آگاہ کیا اور بتایا کہ ان ملاقاتوں میں پاکستان کے لیے موزوں معلومات کے تبادلے، تجربات اور کامیاب کاروباری ماڈلز پر غور کیا گیا۔ گفتگو کا محور ورچوئل اثاثہ جات اور ڈیجیٹل فنانس کے شعبے میں ابھرتے ہوئے مواقع تھے جن میں مالیاتی منڈیوں میں بلاک چین اور ٹوکنائزیشن ٹیکنالوجیز کے ممکنہ استعمال پر خاص طور پر بات کی گئی۔ اس کے علاوہ ڈیجیٹل اثاثوں، سٹیبل کوائنز، ریگولیٹری قوانین کی پاسداری اور ڈیجیٹل مالیاتی بنیادی ڈھانچے سے متعلق بین الاقوامی طریقوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ چیئرمین پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی نے وزیر خزانہ کو ہانگ کانگ کے پالیسی سازوں کے ساتھ بات چیت کے دوران سامنے آنے والے اہم نکات اور تجربات سے آگاہ کیا اور پاکستان میں ورچوئل اثاثوں کے ابھرتے ہوئے نظام کے لیے ان کی اہمیت اور افادیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے ڈیجیٹل مالیاتی مصنوعات، ٹوکنائزیشن اور ادارہ جاتی تعاون کے ممکنہ شعبوں پر بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ وزیر خزانہ نے بریفنگ کو سراہا اور ایسے ذمہ دار، شفاف اور منظم ڈیجیٹل اثاثوں کے نظام کو تیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا جو مناسب حفاظتی اقدامات کو برقرار رکھتے ہوئے جدت پسندی کو فروغ دے۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے بین الاقوامی پالیسی سازوں اور اداروں کے ساتھ رابطوں کی کوششوں کی تعریف کی اور اس بات پر زور دیا کہ ان روابط کو آگے بڑھاتے ہوئے ایسے عملی طریقے اور مواقع تلاش کیے جائیں جو پاکستان کے ڈیجیٹل مالیاتی نظام کی ترقی میں معاون ثابت ہو سکیں۔

بقیہ صباء 17

قابل قبول نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ توانائی و برقیات کے ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں محکمہ توانائی و برقیات کے جاری ترقیاتی منصوبوں، توانائی کی پیداوار، صوبائی ٹرانسمیشن و گرڈ نظام، قدرتی وسائل اور وفاق کے ذمے واجبات سمیت دیگر اہم امور پر وزیراعلیٰ کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ خیبرپختونخوا ملک کی مجموعی ہائیڈل بجلی پیداوار کا 70 فیصد سے زائد نیشنل گرڈ کو فراہم کر رہا ہے، تاہم 18 ویں آئینی ترمیم کے بعد صوبائی ٹرانسمیشن لائن نہ ہونے کے باعث خیبرپختونخوا اپنی پیدا کردہ بجلی وفاق کو فروخت کرنے پر مجبور ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ خیبرپختونخوا ملک کی توانائی ضروریات میں اتنا بڑا حصہ ڈال رہا ہے، لیکن دوسری طرف اے جی این قاضی فارمولے کے تحت وفاق کے ذمے این ایچ پی کے بقایا جات 230 ارب روپے سے تجاوز کر چکے ہیں۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ پہلے عبوری انتظام کے تحت باقاعدہ این ایچ پی کی مد میں بھی وفاق کے ذمے 78 ارب روپے سے زائد کے بقایاجات ہیں۔

بقیہ صباء 18

کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات میں دوطرفہ ملکی اور پارلیمانی تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پاکستان جرمنی کے ساتھ اپنے دیرینہ دوستانہ تعلقات کو بڑی اہمیت دیتا ہے، پاکستان اور جرمنی کے درمیان تعلقات باہمی احترام اور تعاون پر مبنی ہیں، جرمنی کی جانب سے قدرتی آفات کے دوران معاونت قابل تحسین ہے، حالیہ سیلاب کے دوران جرمنی کی جانب سے پاکستان سے تعاون قابل ستائش ہے۔ ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی اور جرمن پارلیمنٹیرین نے پاک، جرمنی پارلیمانی فرینڈشپ گروپ کے درمیان روابط بڑھانے پر زور دیا۔

بقیہ صباء 19

پاکستان اور بیلاروس کے دوطرفہ تعلقات میں مثبت پیش رفت اور سیاسی، تجارتی، اقتصادی، دفاعی اور ثقافتی شعبوں میں مضبوط تعاون پر اطمینان کا اظہار کیا۔ دونوں رہنماؤں نے نومبر 2024ء میں صدر لوکاشینکو کے تاریخی دورہ پاکستان اور اس کے بعد اپریل 2025ء میں وزیراعظم کے بیلاروس کے یادگار دورے کا ذکر کرتے ہوئے تجارت، صنعت، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور فنی تربیت کو ترجیحی شعبوں کے طور پر دوطرفہ تعاون مزید مستحکم کرنے پر اتفاق کیا۔ وزیراعظم نے شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان مملکت کی کونسل کے آئندہ چیئرمین کی حیثیت سے صدر بیلاروس کو آئندہ سال پاکستان کا دورہ کرنے کی پرتپاک اور دوستانہ دعوت دی۔ دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور بیلاروس کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے کے لیے اپنے مشترکہ عزم اور پختہ ارادے کا اعادہ کیا۔

بقیہ صباء 20

مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ بڑھتی ہوئی معاشی مشکلات، مہنگائی، بے روزگاری، عوامی پریشانیاں، امن و امان کی خراب صورتحال اور سیاسی عدم استحکام سنگین مسائل ہیں جن پر فوری اور سنجیدہ توجہ کی ضرورت ہے، انہوں نے کہا کہ آئین و قانون کی حکمرانی یقینی بنائے بغیر نہ پائیدار سیاسی استحکام ممکن ہے اور نہ ہی حقیقی جمہوریت قائم ہو سکتی ہے، پارلیمنٹ کی بالادستی، عوام کے بنیادی حقوق کا تحفظ اور تمام ریاستی و حکومتی امور کو آئینی دائرہ کار میں چلانا وقت کی اہم ضرورت ہے، جے یو آئی سربراہ نے کہا کہ ملک کے تمام صوبوں کو آئین کے مطابق اختیارات اور اپنے وسائل میں جائز و منصفانہ حصہ ملنا چاہیے وفاق اور صوبوں کے درمیان اختیارات اور وسائل کی تقسیم کے معاملات کو باہمی اعتماد، آئینی تقاضوں اور قومی مفاد کے مطابق حل کرنا ہوگا، انہوں نے کہا کہ سندھ سمیت تمام صوبوں کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے محض اعلانات کافی نہیں بلکہ عملی، منصفانہ اور موثر حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی صوبوں کے وسائل، ترقیاتی منصوبوں اور عوامی ضروریات سے متعلق فیصلوں میں عوامی مفاد کو مقدم رکھا جانا چاہیے، مولانا فضل الرحمن نے ملکی معاشی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مہنگائی، بے روزگاری اور روزمرہ ضروریات زندگی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے عام آدمی کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے، معاشی پالیسیوں کا رخ عوامی ریلیف، روزگار کے مواقع پیدا کرنے، ملکی پیداوار میں اضافے اور قومی وسائل کے بہتر استعمال کی طرف ہونا چاہیے

بقیہ صباء 21

نے پوچھا تھا کہ کیا آپ نے ایران پر ایٹمی ہتھیاروں سے حملہ خارج از امکان قرار دیدیا ہے، جس پر ٹرمپ بولے کہ ایران کی فوج مکمل طور پر شکست خوردہ ہے، میں نے انہیں ہرا دیا ہوں اور کیا اب میں اس کے باوجود ان پر ایٹمی ہتھیاروں سے حملہ کروں، یہ کتنا احمقانہ سوال ہے۔ ٹرمپ نے اپنے بیان میں کہا کہ ایران کے پاس نہ بحریہ ہے، نہ فضائیہ، نہ کرنسی، ایران اپنی فوج اور پولیس اہلکاروں کو تنخواہ نہیں دے پا رہا۔ انہوں نے کہا کہ ایران میں مہنگائی 300 فیصد تک پہنچ چکی ہے۔ امریکی صدر نے دعویٰ کیا کہ ایران میں ایک لاکھ مظاہرین کا قتل کیا جا چکا ہے تاہم اس دعوے کو سچ ثابت کرنے کیلئے صدر ٹرمپ نے ثبوت پیش نہیں کیے۔ ٹرمپ نے کہا کہ انسانیت کیخلاف جرائم پر ایران کیخلاف جنگی جرائم کا مقدمہ چلایا جانا چاہیے۔

بقیہ صباء 22

کی جنگوں اور سلامتی سے متعلق پیشرفت نے پاکستان اور افغانستان کے مفادات اور حکمت عملی کو بھی ایک دوسرے سے گہرائی سے جوڑ دیا ہے۔ نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی اسلام آباد میں خطاب کرتے ہوئے سردار احمد شکیب نے کہا کہ دونوں ممالک کو ایک دوسرے کی موجودہ حقیقتوں کو فرسودہ مفروضوں کی بجائے نئے تناظر میں دیکھنا ہوگا۔ افغان سفیر نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان محض دو ہمسایہ ممالک نہیں بلکہ دونوں کے جغرافیے، عوام، معاشرے اور تاریخ ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ سردار احمد شکیب نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارت، ٹرانزٹ اور عوام کی آمد و رفت بھی باہمی انحصار کو مزید مضبوط بناتی ہے۔ افغان سفیر نے کہا کہ آج کا افغانستان سرد جنگ یا 1990 کی دہائی کا افغانستان نہیں، نہ ہی یہ وہ افغانستان ہے جو 2001 کے بعد غیر ملکی فوجی موجودگی اور بیرونی سیاسی مداخلت کے زیر اثر تھا، 2021 کے بعد کابل میں ایک نئی سیاسی حقیقت سامنے آئی ہے۔ سردار احمد شکیب نے کہا کہ افغانستان کی سیاسی، سلامتی اور معاشی صورتحال پاکستان کو متاثر کرتی ہے، اسی طرح پاکستان میں ہونے والی پیشرفت افغانستان پر اثر انداز ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک اس حقیقت کو تبدیل نہیں کر سکتے تاہم باہمی انحصار کو بحران کے بجائے استحکام، سلامتی اور مشترکہ معاشی مفادات کے لیے استعمال کرنے کا انتخاب ضرور کر سکتے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ پاکستان اور افغانستان کو باہمی انحصار کو تنازعات کے بجائے تعاون، استحکام اور مشترکہ خوشحالی کے فروغ کے لیے بروئے کار لانا ہوگا۔

بقیہ صباء 23

مفت اور معیاری طبی سہولیات دستیاب ہیں، اسلام آباد، آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان کے شہری وزیراعظم ہیلتھ کارڈ کے تحت پینل ہسپتالوں سے مفت علاج کی سہولت حاصل کر سکتے ہیں۔ وہ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) ہسپتال کے دورہ کے دوران ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں سرکاری ہسپتالوں میں فارمیسی آؤٹ سورسنگ کی پیشرفت اور اس حوالے سے کیے جانے والے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں پمز ہسپتال میں مریضوں اور عملے کے لئے بہتر کولنگ سسٹم یقینی بنانے کے لئے ایچ وی اے سی نظام کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے ہدایت کی کہ چلڈرن ہسپتال میں کولنگ سسٹم کو ہنگامی بنیادوں پر فعال بنایا جائے۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ پمز ہسپتال پر مریضوں کا بوجھ کم کرنے کے لئے ٹیلی میڈیسن سنٹر کا آغاز کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر نے سی ای او ہیلتھ کارڈ کو ہدایت کی کہ پمز پر مریضوں کا دباؤ کم کرنے کے لئے وزیراعظم ہیلتھ کارڈ کے تحت دستیاب سہولیات کے حوالے سے بھرپور آگاہی مہم چلائی جائے۔

بقیہ صباء 24

اسرائیلی سیکیورٹی فورسز کو لاحق خطرات کا خاتمہ تھا۔ دوسری جانب غزہ کے سرکاری میڈیا دفتر کے سربراہ اسماعیل الثوابتہ نے کہا ہے کہ اسرائیلی اسپیشل فورسز نے غزہ سٹی میں کارروائی کی کوشش کی، تاہم مشن کا پتہ چل جانے پر اسرائیل نے 10 سے زائد جنگی طیاروں سے شدید فضائی حملے کیے۔ اسپتال ذرائع کے مطابق دیر البلح میں بھی اسرائیلی فورسز کی فائرنگ سے 1 بچی شہید جبکہ 2 فلسطینی زخمی ہوئے۔

بقیہ صباء 25

ایس ایچ او سٹی، سی ٹی ڈی اور ویلج کونسل بیکہ خیل کی مقامی امن کمیٹی کے اراکین نے بھی بھرپور شرکت کی۔ کارروائی کے دوران پولیس پارٹی کی جوابی اور موثر کارروائی کے نتیجے میں 2 دہشتگرد مارے گئے۔ ابتدائی شناخت کے عمل کے دوران ہلاک ہونے والے ایک دہشتگرد کی شناخت مشر ولد اسلم خان کے نام سے ہوئی ہے۔ مذکورہ دہشتگرد ریاست مخالف سرگرمیوں اور دہشتگردی کے متعدد سنگین مقدمات میں سی ٹی ڈی بنوں کو مطلوب تھا۔ جبکہ دوسرے ہلاک ہونے والے دہشتگرد کی شناخت کا عمل تا حال جاری ہے۔ انسپکٹر جنرل آف پولیس خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید نے خطرناک دہشتگردوں اور امن دشمن عناصر کا خاتمہ کرنے پر بنوں پولیس اور سی ٹی ڈی کی ٹیم کو شاباش دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن و امان کے دیرپا قیام کیلئے دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ صباء 26

مستقل مرکزی سیکرٹریٹ کے قیام کا فیصلہ پاکستان اور پوری امت مسلمہ کے لیے باعث افتخار ہے۔ چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے اپنے بیان میں کہا کہ استنبول میں مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت ہونے والے اجلاس کے فیصلے عالم اسلام کے اجتماعی دفاع، علاقائی امن و استحکام اور باہمی تعاون کی جانب تاریخی پیش رفت ہیں۔ پاکستان علماء کونسل سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان، ترک صدر رجب طیب اردوان، وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی بصیرت افروز قیادت اور تاریخی کردار کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اتحاد کسی ملک کے خلاف نہیں بلکہ امن، استحکام، مشترکہ دفاع اور عالم اسلام کے اجتماعی تحفظ کا ضامن ہے۔

بقیہ صباء 27

ہوتا اور انہیں بروقت امداد فراہم کرنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہونی چاہیے۔ اپنے بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ کسی بھی شہری کو موسمیاتی ہنگامی صورتحال کے سامنے بے یار و مددگار نہیں چھوڑا جانا چاہیے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ اسلام آباد کے مضافات اور راولپنڈی کی پسماندہ دیہاتی علاقے بھی حکومتی توجہ اور امداد کے منتظر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ہر سیاسی مصلحت سے بالاتر ہونا چاہیے، بارش اور سیلاب صوبوں، شہروں یا سیاسی وابستگیوں میں امتیاز نہیں کرتے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ موسمیاتی بحران کی بڑھتی ہوئی شدت اور تواتر ایک قومی چیلنج ہے، اس چیلنج سے نمٹنے کے لیے سیاسی پوائنٹ اسکورنگ اور نمائشی اقدامات کے بجائے پائیدار بندوبست کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس چیلنج سے نمٹنے کیلئے موثر پیشگی تیاری، مضبوط انفراسٹرکچر، موثر نکاسی آب کے نظام اور مربوط ڈیزاسٹر مینجمنٹ ناگزیر ہیں۔

بقیہ صباء 28

پیداوار کی صورتحال پر بات کرتے ہوئے کہا کہ جن مراکز کو جنگ کے دوران نقصان پہنچا تھا، انہیں نئے اور نسبتاً محفوظ مقامات پر منتقل کر کے دوبارہ فعال کر دیا گیا۔ ایرانی عہدیدار کے مطابق ان مراکز میں جدید ٹیکنالوجی استعمال کی جا رہی ہے، جبکہ بعض مقامات پر دفاعی پیداوار کی رفتار جنگ سے پہلے کے مقابلے میں بھی زیادہ ہے۔ ان کا دعویٰ ہے کہ جنگ کے دوران فوجی تنصیبات کو پہنچنے والے نقصان کے باوجود ایران نے اپنی دفاعی پیداواری صلاحیت بحال کرنے میں تیزی دکھائی ہے۔ بریگیڈیئر جنرل محمد رضا نقدی نے اس بات پر بھی زور دیا کہ پاسداران انقلاب اور ایرانی حکومت کے درمیان تعلقات مضبوط ہیں۔ ان کے مطابق دونوں اداروں کے درمیان تعاون اور رابطہ برقرار ہے اور ملک کی موجودہ صورتحال میں کسی قسم کی اندرونی تقسیم نہیں ہے۔ ایرانی عہدیدار نے امریکا کے ساتھ مستقبل کے تعلقات اور ممکنہ تنازع کے حوالے سے بھی اہم بیان دیا۔ ان کے مطابق ایران کی موجودہ ترجیح نہ جنگ ہے اور نہ ہی مذاکرات، بلکہ ملک کے لیے ایسی قوت قائم کرنا ہے جس کے باعث کسی بھی مخالف کو ایران کے خلاف فوجی کارروائی سے پہلے کئی مرتبہ سوچنا پڑے۔

بقیہ صباء 29

کیک بھی کاٹا گیا، ریلیف کا عمل شروع ہو چکا ہے اور چند دنوں میں سب نظر آ جائے گا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ایک نیا ماڈل بننے جا رہا ہے جس پر 15 ستمبر سے 15 نومبر کے درمیان عملدرآمد متوقع ہے، اس نظام میں بانی پی ٹی آئی سمیت تمام اہم فریقین آن بورڈ ہیں۔ رکن قومی اسمبلی نے خبردار کیا کہ جو نئے ماڈل میں رکاوٹ ڈالے گا اس کو باہر کر دیا جائے گا اور (ن) لیگ رکاوٹ بنی یا انتشار، انٹرنیشنل ہسپتال والی غلطی کی تو نیا سیٹ اپ بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ (ن) لیگ خوش فہمی میں ہے، میں ان کو کہوں گا جاگتے رہو، (ن) لیگ کو چاہیے کہ صدر زرداری کی کتاب پڑھیں۔ انہوں نے کہا کہ (ن) لیگ سمجھتی ہے کہ پیپلز پارٹی کو کوئی ٹائم دے گی تو پیپلز پارٹی میں بہت ٹیلنٹ ہے، جب تک محسن نقوی موجود ہیں پیپلز پارٹی کو خیر ہے کیونکہ آصف زرداری اور محسن نقوی کا گہرا تعلق ہے لیکن اس میں بھی شک نہیں مقتدر حلقے پیپلز پارٹی سے خوش نہیں لیکن ہر کسی سے ایسے نہیں ہو سکتا اس لئے خوش بھی ہونا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سب کو پتہ ہے یہ کیسے آئے ہیں اس لئے (ن) لیگ خوش فہمی میں نہ رہے، میری نہیں پتہ ہے آئندہ کیسے آتا ہے۔ مقتدر حلقے تو ملک کی بھلائی دیکھتے ہیں کیونکہ جائیں تو وہ دے رہے ہیں ہم تو اسمبلی کی ٹھنڈی ہواؤں میں بیٹھتے ہیں۔

بقیہ صباء 30

نئے صوبوں، کراچی کی سیاسی و انتظامی حیثیت، پیپلز پارٹی کی سندھ حکومت، ایم کیو ایم کے ووٹ بینک، جماعت کی تقسیم اور حالیہ انتخابات سے متعلق سوالات کے جواب دیے۔ نئے صوبوں کے قیام سے متعلق سوال پر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ اس معاملے کو محض شور قرار دینا درست نہیں، آبادی میں اضافے کے ساتھ انتظامی اکائیوں میں بھی اضافہ ہونا چاہیے، جس طرح نئے اضلاع اور ڈویژنز بنائے جاتے ہیں اسی طرح صوبوں کی تعداد بڑھانے پر بھی بات ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے ساتھ ایک مضبوط تھرڈ ٹیئر آف گورنمنٹ کی ضرورت ہے تاکہ اختیارات اور جمہوریت کے ثمرات براہ راست شہریوں تک پہنچ سکیں۔ خالد مقبول صدیقی نے موجودہ 4 صوبوں کے ڈھانچے کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے دعویٰ کیا کہ لسانی بنیادوں پر قائم انتظامی تقسیم نے ملک میں پولرائزیشن، لسانی تعصبات اور فاصلے بڑھائے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں پاکستان کو لسانی کے بجائے انتظامی بنیادوں پر صوبوں کی تشکیل کی طرف جانا ہوگا۔ کراچی کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ قیام پاکستان کے بعد شہر ملک کا دارالحکومت تھا اور بعد میں اسے سندھ میں شامل کرنے کے طریقہ کار پر تاریخی اور آئینی سوالات موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے فیصلوں کو جمہوری طریقے، عوامی رائے اور آئینی عمل کے ذریعے زیر بحث لایا جانا چاہیے۔

بقیہ صباء 31

دہشت گردی کے خلاف طویل جنگ میں بے مثال قربانیاں دی ہیں اور ان قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا۔ حکومت سیکیورٹی اداروں کے ساتھ مکمل تعاون اور موثر رابطے کے ذریعے دہشت گردی کے خاتمے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ عوامی فلاح اور معاشی ترقی کے منصوبوں کو آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ دہشتگردی کیخلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی موثر حکمت عملی قابل تحسین ہے۔ ان الفاظ کا اعادہ انہوں نے ملک بھر کے علماء و مشائخ کی نمائندہ تنظیم علماء مشائخ فیڈریشن آف پاکستان اور قومی امن رابطہ کونسل پاکستان کے سربراہ سفیر امن پیر صاحبزادہ احمد عمران نقشبندی سجادہ نشین آستانہ عالیہ گنج پیر جنا سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں موجودہ ملکی سیاسی، سماجی صورتحال، امن و امان، قومی سلامتی، دہشت گردی کے خلاف جاری اقدامات، سندھ بالخصوص کراچی کی صورتحال، سیلاب کے حالیہ واقعے، نئے صوبوں یا انتظامی یونٹس کے قیام، آزاد کشمیر کی صورتحال، علاقائی اور بین الاقوامی حالات سمیت مختلف اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کی ملک دشمن سرگرمیوں کے خلاف سیکیورٹی ادارے بھرپور کارروائیاں کر رہے ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاک فوج، پولیس، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور عوام کی قربانیاں قابل تحسین ہیں۔ قوم اپنے شہداء اور غازیوں کو سلام پیش کرتی ہے اور دہشت گردوں کے مکمل خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔

بقیہ صباء 32

دیے گئے انٹرویو میں جوئی بڈ نے کہا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے فوجی حملوں کی حد کو واضح طور پر سمجھ لیا ہے لیکن ایران کے رویے میں تبدیلی کے لیے صرف اقتصادی پابندیاں کافی نہیں ہوں گی۔ انہوں نے کہا 2015 کے جوہری معاہدے کے لیے ایران کو مذاکرات کی میز پر لانے میں تقریباً 2 سال کی پابندیوں کا وقت لگا تھا۔ امریکی ماہر کا کہنا تھا کہ موجودہ صورتحال میں چین اور روس مکمل طور پر امریکا کے موقف کے ساتھ نہیں ہیں جس کے باعث ایران پر دباؤ ڈالنے کی امریکی حکمت عملی پہلے جیسا نتیجہ نہیں دے سکتی۔ جوئی بڈ کے مطابق ایران یہ بھی جانتا ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ کا مقصد ایرانی حکومت کی تبدیلی ہے، اس لیے موجودہ حالات میں ایران کا امریکا کے ساتھ آسانی سے مذاکرات کی جانب آنا مشکل دکھائی دیتا ہے۔

بقیہ صباء 33

سامان پانی میں ڈوب گیا جبکہ راولپنڈی نے تعلیمی اداروں میں چھٹی کا اعلان کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بارش صبح 3 بج کر 20 منٹ پر شروع ہوئی جو صبح 8 بجے تھمی، شدید بارش کے باعث سڑکیں اور علاقے تالاب کا منظر پیش کرنے لگے اور متعدد مقامات پر کئی کئی فٹ تک پانی جمع ہوا۔ پیرودھائی سے ملحقہ صفدر آباد، گلی وہاراں، فوجی کالونی میں گھر پانی سے بھر گئے، یونین کونسل 4 اور 5 کے علاقے بھی ڈوب گئے، اعوان کالونی میں گاڑیاں پانی میں ڈوب گئیں، راولپنڈی کا ماڈل رتہ بازار بھی ڈوب گیا۔ اطلاعات کے مطابق بارشوں کے باعث نالہ لئی میں پانی کی سطح میں مسلسل اضافہ ہوا ہے، کٹاریاں کے مقام پر پانی کی سطح 2 فٹ کو چھو گئی، گوالمنڈی کے مقام پر پانی کا بہاؤ 21 فٹ ریکارڈ کیا گیا ہے، جس کے باعث قریبی آبادی کے رہائشیوں کو انخلا کا الرٹ جاری کر دیا گیا۔ بارش کے باعث ایکسپریس وے پر بدترین ٹریفک جام ہونے سے گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں۔ واسا حکام کے مطابق سب سے زیادہ بارش شمس آباد میں 197 اور گولڑہ میں 157 ملی میٹر ریکارڈ کی گئی، نیو کٹاریاں 184، پی ایم ڈی 146 اور پیرودھائی میں 86 ملی میٹر بارش ہوئی۔

بقیہ صباء 34

اجلاس میں حکام اور پولٹری ایکسپورٹرز نے کہا کہ پاکستان میں لائیو اسٹاک اور پولٹری کے شعبے میں برآمدات کے وسیع امکانات موجود ہیں، تاہم منہ کھر کی بیماریوں (ایف ایم ڈی)، محدود حکومتی معاونت اور عالمی مارکیٹ میں مسابقت جیسے چیلنجز پر قابو پانا ضروری ہے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے غذائی تحفظ و تحقیق کا اجلاس چیئرمین سید حسین طارق کی زیر صدارت ہوا۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ وزیراعظم کی خصوصی ہدایت پر لائیو اسٹاک، کیٹل اور پولٹری کی پیداوار کے حوالے سے اجلاس بلایا گیا ہے۔ سیکرٹری فوڈ سیکیورٹی عامر احمد علی نے کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ لائیو اسٹاک کا ملکی جی ڈی پی میں حصہ 15 فیصد جبکہ زراعت کے شعبے میں اس کا حصہ 62 فیصد ہے۔ پاکستان سے گوشت کی برآمد کے لیے 29 ہزار فنکشنل اور ایکریڈیٹڈ ادارے موجود ہیں، جبکہ متحدہ عرب امارات اور سعودی عرب میں گوشت کی برآمد کے لیے 17 اور ایران میں 10 ادارے منظور شدہ ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ قطر، عمان سمیت دیگر ممالک کو گوشت کی برآمد کے لیے منظوری کا عمل جاری ہے۔ پاکستان کی لائیو اسٹاک برآمدی صلاحیت کو بروئے کار لانے میں فٹ اینڈ ماؤتھ ڈیزیز (FMD) سب سے بڑا چیلنج ہے، جس پر قابو پانے کے لیے عالمی معیار کے مطابق اقدامات ناگزیر ہیں۔ سیکرٹری فوڈ سیکیورٹی کے مطابق ایف ایم ڈی سے متاثرہ علاقوں سے گوشت کی برآمد کی صورت میں قیمت اور مسابقت متاثر ہوتی ہے، جبکہ بیماری کے باعث گوشت کو عموماً بون لیس شکل میں برآمد کرنا پڑتا ہے جس سے لاگت میں اضافہ ہوتا ہے۔ گوشت کا معیار بہتر بنانے کے لیے جدید فیڈنگ اور زرعی طریقوں پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

بقیہ صباء 35

18 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنا ہماری بہادر سکیورٹی فورسز کے غیر متزلزل عزم، جرات اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا واضح ثبوت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کیپٹن عبید شہید کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ شہید کے درجات بلند فرمائے، لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے اور وطن عزیز کی حفاظت پر مامور تمام جوانوں کو اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ شہدا کی قربانیاں ہمارا فخر ہیں، پاکستان کی سلامتی، امن اور استحکام کے لیے پوری قوم بہادر افواج اور سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ صباء 36

بھارت کے وزیراعظم نریندر مودی، ایران کے صدر مسعود پزشکیان، قازقستان کے صدر قاسم جومارت توکایف، پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف، روس کے صدر ولادیمیر پوٹن، تاجکستان کے صدر امام علی رحمان، ازبکستان کے صدر شوکت میرضیایوف اور شنگھائی تعاون تنظیم کے سیکرٹری جنرل یرمیک بائیف سمیت سربراہوں نے شرکت کی۔ شی جن پھنگ نے شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے رہنماں کے ساتھ گروپ فوٹو بنوایا، سربراہی اجلاس میں شرکت کی اور "شنگھائی تعاون تنظیم کو مزید اعلیٰ معیار کی ترقی کی راہ پر گامزن کریں" کے عنوان سے اہم خطاب کیا۔ شی جن پھنگ نے اپنے خطاب میں کہا کہ 25 سال میں ایس سی او نے ایک غیر معمولی سفر طے کیا ہے۔ شنگھائی تعاون تنظیم کی سب سے بڑی کامیابی یہ ہے کہ یہ قدم بہ قدم دنیا کے سب سے وسیع رقبے، سب سے زیادہ آبادی اور سب سے بڑی ترقیاتی صلاحیت کی حامل نئی علاقائی تعاون تنظیم بن گئی ہے۔ اس تنظیم کی سب سے قیمتی روحانی دولت یہ ہے کہ اس نے باہمی اعتماد، باہمی فائدے، مساوات، مشاورت، متنوع تہذیبوں کا احترام اور مشترکہ ترقی کی تلاش پر مبنی "شنگھائی اسپرٹ" کو متعارف کروایا اور ہمیشہ اس پر عمل کیا۔ تعاون کا سب سے اہم تجربہ یہ ہے

بقیہ صباء 37

(آئی آر ایس)، اسلام آباد اور چائنا میڈیا گروپ (سی ایم جی) کے زیر اہتمام اسلام آباد میں منعقدہ مشترکہ سیمینار "ایس سی او کے 25 سال: شنگھائی جذبہ اور اسلام آباد کے ساتھ ایک نیا سفر" میں بطور مہمان خصوصی کیا۔ سیمینار میں سفارت کاروں، پالیسی سازوں، ماہرین تعلیم، ذرائع ابلاغ کے نمائندگان اور مختلف شعبوں کے ماہرین نے شرکت کی۔ سیمینار میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے 25 سالہ سفر، علاقائی امور میں اس کے بدلتے ہوئے کردار اور پاکستان کی جانب سے تنظیم کی صدارت سنبھالنے کے حوالے سے ذمہ داریوں اور امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ نشست کا آغاز نبیلہ جعفر، سینئر ریسرچ اینالسٹ اور سربراہ چائنہ پروگرام، آئی آر ایس نے کیا۔ انہوں نے معزز شرکا کا خیرمقدم کیا اور وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے اہم علاقائی موضوع پر ہونے والی اس نشست میں شرکت کے لیے وقت نکالا۔ اپنے استقبالیہ کلمات میں صدر انسٹی ٹیوٹ آف ریجنل اسٹڈیز، سفیر جوہر سلیم نے ایس سی او کے ارتقائی سفر پر روشنی ڈالی اور "شنگھائی جذبہ" کے تصور کی وضاحت کرتے ہوئے باہمی اعتماد، باہمی مفاد، مساوات، مشاورت اور اختلافات کے پرامن حل کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

بقیہ صباء 38

گزشتہ روز متعدد یہودی مذہبی پیشواؤں، آبادکاروں اور سکیورٹی اہلکاروں کے ہمراہ مسجد اقصیٰ کے احاطے میں داخل ہوئے۔ اتمار بن گویر نے مسجد کے صحن کے مشرقی حصے میں یہودی مذہبی رسومات ادا کیں اور دعائیں مانگیں۔ اس موقع پر بن گویر نے کہا کہ جب میں 14 سال کا تھا تو یہاں دعا کرنا ممنوع تھا اور معمولی اونچی آواز میں دعا کرنے والے افراد کو بھی گرفتار کر لیا جاتا تھا اور آج میں یہاں اس تبدیلی کو نجات قرار دیتے ہوئے ہیکل بنانے، مذہبی دعائیں ادا کرنے اور بالآخر یہاں یہودی عبادت گاہ قائم کرنے کی بات کر رہا ہوں۔ 1967ء سے نافذ تاریخی انتظام کے تحت غیر مسلموں کو مسجد اقصیٰ کے احاطے میں عبادت کرنے کی اجازت نہیں تاہم یہودیوں کو وہاں جانے کی اجازت ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ انتہائی دائیں بازو کی جماعت یہودی طاقت کے سربراہ بن گویر 2022ء میں وزارت سنبھالنے کے بعد سے کئی مرتبہ مسجد اقصیٰ کے احاطے میں داخل ہو چکے ہیں جس پر فلسطینی اور دیگر حلقے شدید احتجاج کرتے رہے ہیں۔

بقیہ صباء 39

استعمال، غیر قانونی یکطرفہ پابندیاں اور معیشت و ٹیکنالوجی کو بطور آلہ استعمال کرنے کے رجحان نے ترقی پذیر ممالک، ابھرتی ہوئی معیشتوں کے لیے سنگین خدشات پیدا کر دیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں طاقت کے استعمال پر مبنی پالیسیوں کا تسلسل ممالک کی نہیں بلکہ خطے اور دنیا کے استحکام کے لیے بھی خطرہ ہے۔ ایرانی صدر کا کہنا تھا کہ ایران پر امریکا اور اسرائیل کے حملے اقوام متحدہ کے منشور اور بین الاقوامی قوانین کے بنیادی اصولوں کی خلاف ورزی تھے۔ انہوں نے کہا کہ دو دوست اور برادر ممالک پاکستان اور قطر کی ثالثی میں تقریباً 3 ماہ کے مذاکرات کے بعد 18 جون 2026 کو اسلام آباد مفاہمت کی یادداشت پر اتفاق ہوا، تاہم امریکا 2 ہفتوں سے بھی کم عرصے میں اپنی ذمے داریوں سے پیچھے ہٹ گیا۔ مسعود پزشکیان کا کہنا تھا کہ ایران نے ہمیشہ اپنے بین الاقوامی معاہدوں اور ذمے داریوں کی پاسداری کی ہے۔

بقیہ صباء 40

متعلق فیصلے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو قید تنہائی میں رکھا گیا اور انہیں وہ حقوق نہیں دیے گئے جن کے وہ حقدار تھے۔ انہوں نے کہا کہ کاش بانی پی ٹی آئی کو عدالتوں سے رجوع کرنے کی ضرورت پیش آنے سے پہلے ہی ان کے حقوق فراہم کیے جاتے۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ عدالتوں کی جانب سے فیصلے تو دیے جاتے ہیں لیکن ان پر عملدرآمد نہیں ہوتا۔ ان کے بقول حکومت حقوق کی فراہمی کے راستے میں رکاوٹ بنی ہوئی ہے اور موجودہ حکومت کی نظروں میں آئین کا کوئی تقدس نہیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کا حالیہ فیصلہ حکومت کے خلاف ایک چارج شیٹ کی حیثیت رکھتا ہے۔ علامہ راجہ ناصر عباس نے موجودہ سیاسی و حکومتی نظام پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ نظام عوام کو چلانے کے لیے اہمیت نہیں رکھتا اور پورا نظام کولیپس کر چکا ہے۔ ان کے مطابق موجودہ نظام عوام کا بوجھ اٹھانے کے بجائے خود عوام پر بوجھ بن چکا ہے۔ پارلیمانی کمیٹی کے لیے ناموں سے متعلق سوال پر انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے ابھی ان سے کوئی رابطہ نہیں کیا گیا۔ جب رابطہ کیا جائے گا تو مشترکہ اپوزیشن مل کر فیصلہ کرے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ اپوزیشن کسی ایسی چیز کا حصہ نہیں بنے گی

بقیہ صباء 41

8000 میگاواٹ کا اضافہ ہوا، جس سے توانائی بحران پر قابو پانے اور توانائی کے تحفظ کو یقینی بنانے میں مدد ملی۔ انہوں نے تھر کے کوئلے کے ذخائر کی ترقی اور فائبر آپٹک نیٹ ورک کو سی پیک کے پہلے مرحلے کی اہم کامیابیاں قرار دیتے ہوئے کہا کہ دوسرے مرحلے میں اسی بنیاد پر کاروباری تعاون، صنعتی ترقی، زرعی جدید کاری، معدنیات، انسانی وسائل اور ٹیکنالوجی کے شعبوں کو آگے بڑھایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک کے دوسرے مرحلے کی ترجیحات اڑان پاکستان کے پانچ بنیادی ستونوں سے ہم آہنگ ہیں، جنہیں ترقی، روزگار و معاش، جدت، سبز معیشت اور روابط کی پانچ راہداریوں کے ذریعے آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ ترقی کی راہداری صنعتی اور زرعی پیداواری صلاحیت میں اضافہ کر کے برآمدات کو فروغ دے گی جبکہ روزگار و معاش کی راہداری سماجی ترقی اور کم ترقی یافتہ علاقوں کی بہتری پر توجہ مرکوز کرے گی، جدت کی راہداری ای-پاکستان کے وژن سے ہم آہنگ ہے جس کے ذریعے اطلاعاتی ٹیکنالوجی کی استعداد بڑھانے اور لاکھوں نوجوانوں کو جدید فنی مہارتیں فراہم کرنے پر کام کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری نوجوان آبادی پاکستان کا سب سے بڑا معاشی اثاثہ ہے۔

بقیہ صباء 42

ہیں۔ 27 مارچ کو وزیراعلیٰ سہیل آفریدی لیڈ کرے گا۔ ہم حقوق کیلئے آ رہے ہیں ہم پرامن ہوں گے کوئی تشدد نہیں ہوگا۔ ہم ریاست یا صوبے کے وسائل کو استعمال نہیں کریں گے۔ ہم اڈیالہ جیل کے گیٹ توڑنے نہیں آ رہے ہم چاہتے ہیں ہمیں انصاف دیا جائے۔ ہمارے مطالبات منظور ہونے چاہئیں اور ان پر سنجیدگی سے غور ہونا چاہیے۔ ہم عدالتوں میں گئے، پارلیمنٹ اور سینیٹ میں آواز اٹھائی لیکن ہماری کسی نے نہیں سنی۔ بانی کو سات سزائیں ہوگئیں، 3 سو کیسز بنائے گئے 3 سال سے جیل میں ہیں اب بس ہونی چاہیے۔ ریاست کو اب ہاتھ اٹھانا چاہیے اسے ملک اور قوم کی خبر نہیں ہوگی۔ اعتماد کی فضا بحال کرنے کیلئے بانی کو ہسپتال شفٹ کر کے علاج کرایا جائے۔ پی ٹی آئی ایک سیاسی جماعت ہے ہم چاہتے ہیں ملک ترقی کرے۔ پاکستان نے اپنے سے پانچ گنا بڑے دشمن کو مات دی۔ ہمارا احتجاج کا اعلان پاک، سعودی اور ترکیہ کے پیکٹ سے پہلے کا ہے۔ ہم نے پاکستان کی اہم سفارتی کامیابیوں میں بھی رکاوٹ نہیں ڈالی۔ جب پاکستان میں ایران امریکہ مذاکرات ہوئے تو ہم نے اپنا جلسہ منسوخ کر دیا۔ ایران چین کے وفود آئے ہم اسمبلی میں ساتھ بیٹھے۔ بدقسمتی ہے دوسری جانب سے کوئی پیش رفت کیلئے تیار نہیں۔ اگر ہمارے دروازے بند ہوں گے تو سسٹم سکڑنے پر آئے گا۔ آپ خود کہتے ہیں سسٹم کو ری سیٹ چاہیے۔ اگر آپ ری سیٹ کیلئے تیار نہیں تو عوام خود ری سیٹ کر دے گی۔ بہتری اسی میں ہے تناؤ کو ختم کیا جائے۔ سپریم کورٹ کے آرڈر پر عملدرآمد نہیں ہوا لیکن سارا پاکستان خوش تھا۔ سپریم کورٹ کے آرڈر پر آخری لمحے میں جنہوں نے عمل نہیں کیا انہوں نے اچھا نہیں کیا۔ بانی کے علاج پر ساری اپوزیشن ہمارے ساتھ ہے۔

بقیہ صباء 43

بیگم نسیم آفریدی کے فیصلوں کے مطابق درخواستیں قابل سماعت قرار دیتے ہوئے سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو عدالتی ہدایات پر عمل یقینی بنانے کا حکم دیا اور کہا کہ 15 دن میں عملدرآمد رپورٹ جمع کرائی جائے۔

CORRIGENDUM

It is to inform to all the Contractors/firms that the Tender notice for procurement bearing TSE No.2627081165853 & TSE No. 2627081165863 published in daily Newspaper vide DPRQ/PRQ No.841/14.08.2026 and PRQ No.1096/28-08-2026, is hereby amended/revised with regard to the eligibility criteria and Evalutation criteria specified in bidding documents. All tenders will be opened on 08-09-2026 instead of 07-09-2026. All bidders must download the amendment bidding documents from BPPRA Website.

Executive Engineer
Public Health Engineering
Division Sherani

PRQ No.1148/01-9-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

The closing date for the schemes published under TSE numbers TSE-2627081166473, TSE-2627081166463, TSE-2627081166413, TSE-2627081166363, TSE-2627081166333, and TSE-2627081166283—originally featured in the Daily newspapers (PRQ No. 856/17-08-2026) and Daily newspapers (PRQ No. 855/17-08-2026) newspapers on August 18, 2026, with an initial opening date of September 3, 2026—has been officially extended to September 7, 2026, while all other terms and conditions remain unchanged.

EXECUTIVE ENGINEER (Buildings),
CW,PP&H Department
District Loralai

PRQ No.1149/01-9-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM/EXTENSION

With reference to advertisement published in daily newspapers Vide **DPRQ/PRQ No. 758/11-08-2026** **Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** The Executive Engineer Irrigation Division Barkhan invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2026 on Percentage Rates

Tender Fee PKR and Bid Security 3% for each work

S. No	TSE Number	Name of Work's	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost
1	TSE-2627081154513	Repair of Behdiani Dam	7th September, 2026 10:15 AM	11:15 AM	29,999,999
2	TSE-2627081159733	REPAIR OF DEKA QASMANI DAM BASTI HOTI KHAMEES	7th September, 2026 11:00 AM	12:00 PM	29,999,999

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure (TSE-2627081159733, TSE-2627081154513) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Address:** Barkhan **Phone no:** 0829668511

EXECUTIVE ENGINEER
IRRIGATION DIVISION BARKHAN

PRQ No.1150/01-09-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan